# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

***OFFICIAL REPORT***

Tuesday, the February 20, 2024
(335th Session)
Volume I, No. 02
(Nos.01-10)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume I — SP.I(02)/2024

No. 02 — 15

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ........................................................... 1
2. Motion under Rule 263 moved by Senator Dr. Shahzad Waseem regarding dispensation of Rules .......................................................... 2
3. Presentation of Report of the Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [The Al-Ala University Bill, 2023] .................................................................................................. 2
4. Presentation of Report of the Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [The Islamabad Capital Territory Students Unions Bill, 2023].................................................................. 3
5. Presentation of Report of the Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [The Imam Bukhari International Islamic Institute Bill, 2023] .............................................. 3
6. Presentation of Report of the Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [The Pakistan Institute of Engineering and Technology Bill, 2023] ................................................ 4
7. Presentation of Report of the Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination on [The Injured Persons (Medical Aid) (Amendment) Bill, 2023] ................................................ 4
8. Presentation of Report of the Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination on [The Pakistan Emergency Treatment Coverage Programme Bill, 2023] ........................................ 5
9. Presentation of Report of the Standing Committee on Commerce on [The Imports and Exports (Control) (Amendment) Bill, 2023] ............. 5
10. Laying of the State Bank of Pakistan Governor's Annual Report for the financial year 2022-23 .......................................................................... 6
11. Discussion on admitted Adjournment Motion regarding the situation arising out of the results of General Elections-2024............................. 6
    - Senator Muhammad Tahir Bizinjo ................................................... 6
    - Senator Syed Ali Zafar ...................................................................... 8
    - Senator Mushtaq Ahmed ............................................................... 12
    - Senator Sardar Muhammad Shafiq Tareen .................................. 16
    - Senator Syed Ali Zafar ................................................................... 17
    - Senator Walid Iqbal ....................................................................... 18
    - Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui .................................................... 22
    - Senator Muhammad Humayun Mohmand.................................... 27
    - Senator Saifullah Abro ................................................................... 32
    - Senator Taj Haider.......................................................................... 38
    - Senator Aon Abbas......................................................................... 43
    - Senator Hidayatullah Khan ............................................................ 47
    - Senator Bahramand Khan Tangi .................................................... 49

- Senator Mushahid Hussain Sayed .................................................. 53
- Senator Muhammad Akram ........................................................... 57
- Senator Zeeshan Khan Zada .......................................................... 59
- Senator Umer Farooq ..................................................................... 62
- Senator Prof. Dr. Mehar Taj Roghani ............................................. 65
- Senator Molvi Faiz Muhammad ..................................................... 66
- Senator Fawzia Arshad.................................................................... 68
- Mr. Khalil George, Federal Minister for Human Rights .................. 71

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Tuesday, the February 20, 2024

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty five minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Muhammad Sadiq Sanjrani) in the Chair.

----------------

**Recitation from the Holy Quran**

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

وَ مَا اخْتَلَفْتُمْ فِیْهِ مِنْ شَیْءٍ فَحُكْمُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّیْ عَلَیْهِ
تَوَكَّلْتُ ۖۗ وَ اِلَیْهِ اُنِیْبُ ﴿۱۰﴾ فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ
اَزْوَاجًا وَّ مِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ یَذْرَؤُكُمْ فِیْهِ ؕ لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ ۚ وَ هُوَ السَّمِیْعُ
الْبَصِیْرُ ﴿۱۱﴾ لَهٗ مَقَالِیْدُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَ یَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ
بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۱۲﴾

ترجمہ: اور تم جس بات میں بھی اختلاف کرتے ہو اس کا فیصلہ اللہ ہی کے سپرد ہے۔ لوگو! وہی اللہ ہے جو میرا پروردگار ہے۔ اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اسی سے میں لو لگاتا ہوں۔ وہ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے۔ اس نے تمہارے لیے تمہاری ہی جنس سے جوڑے پیدا کیے ہیں اور مویشیوں کے بھی جوڑے بنائے ہیں۔ اسی ذریعے سے وہ تمہاری نسل چلاتا ہے۔ کوئی چیز اس کے مثل نہیں ہے اور وہی ہے جو ہر بات سنتا، سب کچھ دیکھتا ہے۔ آسمانوں اور زمین کی ساری کنجیاں اسی کے قبضے میں ہیں۔ وہ جس کے لیے چاہتا ہے رزق میں وسعت اور تنگی کرتا ہے، یقیناً وہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔

سورۃ الشوریٰ (آیات نمبر ۱۰ تا ۱۲)

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔ السلام علیکم۔

Order No. 2, Honourable Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House and Senator Dr. Shahzad Waseem, Leader of the Opposition.

جی، ڈاکٹر صاحب! Order No. 2, move please کریں۔

**Motion under Rule 263 moved by Senator Dr. Shahzad Waseem regarding dispensation of Rules**

Senator Dr. Shahzad Waseem (Leader of the Opposition): I, Senator Dr. Shahzad Waseem, Leader of the Opposition, wish to move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of Rule 41 of the said Rules regarding question hour be dispensed with for today's sitting of the Senate.

Mr. Chairman: It has been moved under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of Rule 41 of the said Rules regarding question hour be dispensed with for today's sitting of the Senate.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted.

**Presentation of Report of the Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [The Al-Ala University Bill, 2023]**

Mr. Chairman: Order No.3 stands in the name of Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui. He may please move it.

Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui: I, Chairman, Standing Committee on Federal Education and Professional Training, present report of the Committee on the Bill to provide for the establishment of the Al-Ala University [The Al-Ala University Bill, 2023], introduced

by Senators Kauda Babar and Dilawar Khan on 7th August, 2023.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.4 stands in the name of Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui. He may please move it.

**Presentation of Report of the Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [The Islamabad Capital Territory Students Unions Bill, 2023]**

Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui: I, Chairman, Standing Committee on Federal Education and Professional Training, present report of the Committee on the Bill to provide for the establishment and regulation of Students Unions in Educational Institutions of the Islamabad Capital Territory [The Islamabad Capital Territory Students Unions Bill, 2023], introduced by Senator Bahramand Khan Tangi on 7th August, 2023.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.5 stands in the name of Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui. He may please move it.

**Presentation of Report of the Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [The Imam Bukhari International Islamic Institute Bill, 2023]**

Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui: I, Chairman, Standing Committee on Federal Education and Professional Training, present report of the Committee on the Bill to provide for establishment of the Imam Bukhari International Islamic institute at Sialkot [The Imam Bukhari International Islamic Institute Bill, 2023], introduced by Senator Sajid Mir sahib on 24th July, 2023.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.6 stands in the name of Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui. He may please move it.

**Presentation of Report of the Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [The Pakistan Institute of Engineering and Technology Bill, 2023]**

Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui: I, Chairman, Standing Committee on Federal Education and Professional Training, present report of the Committee on the Bill to provide for the establishment of the Pakistan Institute of Engineering and Technology [The Pakistan Institute of Engineering and Technology Bill, 2023], introduced by Senator Syed Muhammad Sabir Shah on 24th July, 2023.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.7 stands in the name of Senator Muhammad Humayun Mohmand. He may please move it.

**Presentation of Report of the Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination on [The Injured Persons (Medical Aid) (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Muhammad Humayun Mohmand: I, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, present report of the Committee on the Bill further to amend the Injured Persons (Medical Aid) Act, 2004 [The Injured Persons (Medical Aid) (Amendment) Bill, 2023], introduced by Senator Prof. Dr. Mehr Taj Roghani sahiba on 6th November, 2023.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.8 stands in the name of Senator Muhammad Humayun Mohmand. He may please move it.

**Presentation of Report of the Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination on [The Pakistan Emergency Treatment Coverage Programme Bill, 2023]**

Senator Muhammad Humayun Mohmand: I, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, present report of the Committee on the Bill to provide for the establishment of Pakistan Emergency Treatment Coverage Programme [The Pakistan Emergency Treatment Coverage Programme Bill, 2023], introduced by Senator Sania Nishtar on 6th November, 2023.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.9 stands in the name of Senator Zeeshan Khan Zada. He may please move it.

**Presentation of Report of the Standing Committee on Commerce on [The Imports and Exports (Control) (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Zeeshan Khan Zada: Thank you Mr. Chairman. I, Chairman, Standing Committee on Commerce, beg to present report of the Committee on the Bill further to amend the Imports and Exports (Control) Act, 1950 [The Imports and Exports (Control) (Amendment) Bill, 2023], introduced by myself and Senators Faisal Saleem Rehman and Mohammad Abdul Qadir on 6th November, 2023.

Mr. Chairman: Report stands laid. Now, we take up Order No.10. On behalf of Ms. Shamshad Akhtar,

Minister for Finance, the Minister for Parliamentary Affairs may please move Order No.10.

## Laying of the State Bank of Pakistan Governor's Annual Report for the financial year 2022-23

Mr. Murtaza Solangi (Federal Minister for Parliamentary Affairs): Mr. Chairman, I beg to lay before the Senate the State Bank of Pakistan Governor's Annual Report for the financial year 2022-23 on the achievement of the Bank's objectives, conduct of monetary policy, state of Pakistan's economy and the financial system, under section 9A(2) of the State Bank of Pakistan Act, 1956.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.11, we may now start discussion on admitted Adjournment Motion moved by Senators Muhammad Tahir Bizinjo, Sardar Muhammad Shafiq Tareen, Mushtaq Ahmed, Syed Ali Zafar and others regarding the situation arising out of the results of General Elections-2024 which is a matter of national importance. Senator Muhammad Tahir Bizinjo may start the discussion please.

## Discussion on admitted Adjournment Motion regarding the situation arising out of the results of General Elections-2024

### Senator Muhammad Tahir Bizinjo

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: جناب چیئرمین! شکریہ۔ ملک کے آئین کو بنے پچاس سال ہو گئے لیکن اب بھی جمہوریت کا منہ ٹیڑھا ہے۔ جمہوریت کا منہ اس لیے ٹیڑھا ہے کہ deal سے حکومتیں بنتی اور ٹوٹتی رہی ہیں۔ اس deal کے نتیجے میں سیاسی قوتوں کو، سیاسی اکابرین کو اقتدار تو ضرور ملا لیکن اختیار کبھی بھی نہیں ملا۔ اس طرح یہ کمزور جمہوریت مزید کمزور ہوتی گئی۔ اب یہ بسترِ مرگ تک پہنچ چکی ہے۔ تنقید اور اختلاف کی گنجائش سکڑتی جا رہی ہے۔

جناب چیئرمین! تاریخ چیخ چیخ کر اور پکار پکار کر یہ کہہ رہی ہے، خدارا! کچھ سیکھو لیکن کوئی سننے کے لیے تیار نہیں ہے۔ ہمارے ملک کے نہایت محترم، بڑے بڑے لیڈرز مانیں یا نہ مانیں لیکن آپ اپنی غلطیوں کو دہرا رہے ہیں۔ یاد رکھیں نتیجہ بھی پرانا ہی آئے گا۔

جناب! نگرانوں کی نگرانی میں جتنے بھی انتخابات ہوئے، وہ متنازعہ رہے لیکن اب کی بار جو انتخابات ہوئے، وہ متنازع ترین تھے۔ ہمارے بلوچستان میں چن چن کر حقیقی عوامی نمائندوں کو ہرایا گیا۔ تکلیف دہ بات یہ ہے کہ ہمارے بلوچستان میں دو بڑی جماعتوں کی آشیر باد سے، ان کے تعاون اور مدد سے منشیات فروشوں، drug lords اور land grabbers کو اسمبلیوں تک پہنچایا گیا۔ اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو سکتا ہے کہ اس قسم کے بدنام زمانہ لوگوں کو، نہایت قابل نفرت لوگوں کو آپ نے بلوچستان پر مسلط کیا۔ ان رنگ برنگے mafias کو بلوچستان پر مسلط کرنے کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ بلوچستان کے مسئلے کو جوں کا توں رکھا جائے، بلوچستان کے وسائل کو بے دردی سے لوٹا جائے اور لاپتہ افراد کے مسئلے کو التوا میں ڈالا جائے۔

جناب چیئرمین! جب تک عدلیہ اور فوج اپنا اپنا کام نہیں کریں گے، اس وقت تک ملک بحرانوں کا شکار ہوتا چلا جائے گا۔ کیا عدلیہ کو یہ حق حاصل تھا کہ وہ PTI سے اس کا نشان چھینے؟ اس بڑے ایوان میں ہمیں کوئی بتائے اور سمجھائے کہ ایسے دھاندلی زدہ انتخابات کے نتیجے میں کیا ملک میں سیاسی استحکام آئے گا، کیا ملک میں معاشی استحکام آئے گا؟ میں یہ بات دہراتا ہوں کہ جب تک بندوق اور ہتھوڑے والے اپنا اپنا کام نہیں کریں گے، جب تک بندوق اور ہتھوڑے والے سونڈھیں مارنا بند نہیں کریں گے اس وقت تک ملک بحرانوں کا شکار ہوتا رہے گا۔

جناب والا! صاف اور شفاف انتخابات کا انعقاد کرانا Election Commission کی اولین ذمہ داری تھی جو اپنی یہ ذمہ داری نبھانے میں مکمل طور پر ناکام ہوا۔ میرا تو پرزور مطالبہ ہے کہ Chief Election Commissioner کو گرفتار کیا جائے اور ان کے خلاف آئین شکنی کا مقدمہ چلایا جائے۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: جناب چیئرمین! میں آخر میں کہوں گا کہ یہ الوداعی اجلاس ہے، میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ مہربانی کریں اور سینیٹر اعجاز چوہدری کا production order جاری کریں۔

Mr. Chairman: Order in the House please. Yes.

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: جناب چیئرمین! یہ ان کا آئینی اور قانونی حق ہے۔ میں کہوں گا کہ اگر آپ مناسب سمجھیں تو آپ ابھی ان کا production order جاری کریں تاکہ وہ اس الوداعی اجلاس میں شرکت کر سکیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: معزز سینیٹر علی ظفر صاحب۔

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: شکریہ، جناب چیئرمین! ہم آج جو اس جگہ جمع ہوئے ہیں وہ صرف پاکستانیوں کی حیثیت سے نہیں، سینیٹرز کی حیثیت سے نہیں بلکہ جمہوریت کے محافظوں کی حیثیت سے کھڑے ہیں کیونکہ ایک بہت بڑا جرم ہوا ہے جس نے ملک کی بنیادیں ہلا دی ہیں۔ اب ہمارا فرض ہے کہ جو زخم ہوا ہے اسے کس طرح ٹھیک کیا جائے؟

جناب والا! میں سب سے پہلے پاکستانی قوم کو خراج تحسین پیش کرنا چاہوں گا کیونکہ pre-poll and post-poll rigging میں جو واقعات ہوئے انہوں نے ان تمام کے باوجود ایک loud and clear, بلند اور صاف mandate اور فیصلہ دیا ہے۔ چاہے کوئی مانے یا نہ مانے، انہوں نے وہ فیصلہ امید اور جمہوریت کے حق میں دیا ہے۔ کوئی مانے یا نہ مانے یہ فیصلہ PTI اور عمران خان کی favour میں واضح طور پر دیا ہے۔ اگر آپ pre-poll rigging کی بات کرتے ہیں اور post-poll rigging کی بات کرتے ہیں تو لوگوں کے سامنے بڑی مشکلات تھیں لیکن پاکستان کے نوجوان ایک انقلاب لائے ہیں،

it is a revolution of hope and in favour of democracy.

جناب والا! سب کو پتا ہے کہ pre-pole rigging میں کیا ہو رہا تھا، سب کو پتا ہے۔ ایک جماعت کو target کیا گیا، لوگوں کو ہراساں کیا گیا، ان میں اس امید سے خوف پیدا کیا گیا کہ شاید وہ ووٹ ڈالنے نہیں آئیں گے۔ PTI کے leaders کو arrest کیا گیا، سب کو معلوم ہے، کوئی چھپی ہوئی بات نہیں ہے۔ وہ ایک مقدمے سے نکلتے تھے تو دوسرے مقدمے میں گرفتار ہو جاتے

تھے۔ جب election campaign شروع ہوئی تو Supreme Court of Pakistan نےannounce کیا کہ 8th February کو elections ہوں گے، تب سے لے کر election day تک PTI کو ایک بھی جلسہ نہیں کرنے دیا گیا۔ جب PTIکے candidates باہر نکلنے کی کوشش کرتے تھے، لوگوں اور عوام کے ساتھ ملاقات کرنے کی کوشش کرتے تھے تو ان کے گھروں میں raids ہو جاتے تھے، ان کو nomination papers file نہیں کرنے دیے گئے۔ اگر میں دوسری جماعتوں کی پچھلے تیس دنوں کی تاریخ دیکھوں تو ان سب نے بڑے بڑے جلسے کیے، ایک طرف ایک opponent political party کا جلسہ ہو رہا ہوتا تھا تو دوسری طرف Section 144 لگ جاتا تھا کہ PTI کا جلسہ نہ ہو۔ یہ pre-poll rigging تھی۔

جناب والا! جمہوریت کے ساتھ سب سے بڑا ظلم، سب سے بڑا گناہ اور جمہوریت کو سب سے بڑا زخم دیا گیا، وہ elections سے کچھ دنوں پہلے PTI کا symbol لے لیا گیا جس کا مقصد یہ تھا کہ لوگ confuse ہو جائیں، عوام PTI کو ووٹ نہ ڈال سکے اور اصل میں عوام کا یہ بنیادی حق ان سے چھینا گیا۔ پیپلز پارٹی والے میرے ساتھیوں کو یاد ہو گا کہ جب ایک قانون pass کیا گیا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ ایک سیاسی جماعت کو symbol نہیں ملے گا تو محترمہ بے نظیر بھٹو شہید نے ایک case file کیا جو ہماری jurisdiction کا بہت famous case ہے اور اس پر پوری سپریم کورٹ بیٹھی، تمام جج صاحبان بیٹھے۔ انہوں نے کہا کہ symbol کسی سیاسی جماعت کا حق نہیں ہے، یہ Article 17 کے تحت لوگوں کا، عوام کا ایک بنیادی حق ہے اور یہ کسی صورت بھی نہیں چھینا جا سکتا۔ بہر حال وہ چھینا گیا، Supreme Court of Pakistan کے تین جج صاحبان کا Bench بیٹھا اور انہوں نے 17 members Bench کی Benazir Bhutto judgment کا ذکر بھی نہیں کیا۔ میری نظر میں یہ فیصلہ بالکل غلط ہے اور اگر کسی نے اصل اور درست فیصلہ دیکھنا ہے تو میں Peshawar High Court کے دو جج صاحبان کے فیصلے کا ذکر کروں گا۔ ہمیں Peshawar High Court کے دو جج صاحبان کو خراج پیش کرنا چاہیے، انہوں نے simple بات کی اور کہا کہ symbol کسی بھی جماعت سے نہیں لیا

جاسکتا،PTI کو چھوڑ دیں، کسی بھی جماعت سے نہیں لیا جاسکتا کیونکہ ہمارے لوگ symbol کی بنیاد پر ووٹ ڈالتے ہیں۔

جناب والا! الیکشن سے ہفتہ پہلے ایک اور کوشش کی گئی، وہ یہ کوشش تھی کہ تین مقدمات میں عمران خان صاحب کو سزائیں دے دی گئیں، PTI کے founding members کو سزائیں دی گئیں تاکہ وہ نااہل ہو جائیں اور لوگ اتنے پریشان ہو جائیں کہ وہ ووٹ ڈالنے ہی نہ آئیں۔ تیس دنوں میں تین مقدمات کا فیصلہ ہوا اور یہ mistrial and unfair trial کی ایک classic example ہے۔ آج میں اپنے سارے ساتھیوں کو کہوں گا کہ اگر یہ مقدمات High Court کے ذریعے set-aside نہ ہوئے تو یہ ایک زہریلے تیر کی طرح ہر سیاستدان کے لیے نقصان دہ ہو گا۔ اس طرح کے مقدمات، اس طرح کے mistrial جن میں trial ہی نہ ہو اور سزا سنا دی جائے، جسے witch-hunt کہا جاتا ہے، اس سے اس ملک کا ہر سیاستدان suffer کرے گا۔ آج جو لوگ ان تین مقدمات کی سزاؤں پر ہنس رہے ہیں یا support کر رہے ہیں، کل اسی طرح انہیں بھی یہ سزائیں مل سکتی ہیں۔

جناب والا! ان مقدمات میں کیا ہوا، آج سے سولہ سو سال پہلے آپ نے سنا ہو گا کہ witch-hunt کا لفظ آیا تھا۔ عورتوں کو پکڑ کر کہہ دیتے تھے کہ یہ ڈائنیں ہیں، انہیں سزا دے دو۔ وہیں سے witch-hunt کا لفظ پیدا ہوا کہ trial کے بغیر سزا دینا۔ ان تینوں کیسز میں trial کے بغیر سزا دی گئی۔ ہم پارلیمنٹ ہیں۔ 18ویں آئینی ترمیم کے وقت ہم آئین میں Article 10 (A) لے کر آئے تھے۔ یہ آرٹیکل کہتا ہے کہ کسی کے بھی criminal case کو ایک proper fair trial کے ذریعے سنا جائے گا۔ اس دوران آپ کو وکیل کرنے، جرح کرنے اور اپنی دفاع میں شہادتیں پیش کرنے کی بھی اجازت ہوتی ہے لیکن ان تینوں کیسوں میں عمران خان صاحب کے وکیلوں کو ایک الگ کمرے میں بند کر دیا گیا۔ یہ کیسز اڈیالہ جیل میں چل رہے تھے۔ جب میں وہ trials witness کرنے گیا تو یہ میں نے خود witness کیا تھا۔ ان کے وکیلوں کو بند کر دیا گیا اور ان کی جگہ عدالت نے زبردستی اپنے وکیل دے دیے۔ وہ وکیل کون تھے؟ وہ prosecution team سے تھے۔ اس کے بعد انہیں جرح کرنے، شہادت پیش کرنے اور ان کے وکیلوں کو جیل کے اندر trial میں پیش ہونے کی اجازت نہیں دی گئی اور انہیں سزا دی گئی۔ کوشش یہ تھی کہ شاید

سزاؤں کے ذریعے لوگ پریشان ہوں گے لیکن اس کا الٹا اثر ہوا۔ پاکستانی قوم نے جب دیکھا کہ ناانصافی ہو رہی ہے تو انہوں نے بھی جو شاید عمران خان اور PTI کے ساتھ نہیں تھے، انہوں نے پھر الیکشن میں بھرپور حصہ لیا۔ ان ساری چیزوں کے باوجود اور خوف کی دیواریں توڑتے ہوئے 8 فروری کو عوام نے ووٹ دیا، اپنا مینڈیٹ دیا اور ایک revolution لے کر آئے لیکن بدقسمتی سے جب pre-poll rigging ناکام ہوئی تو رات کے اندھیرے میں post poll rigging ہمیں دیکھنے میں آئی۔

جناب! ہر ایک کو پتہ تھا کہ results کیا ہیں پھر بھی انہیں روکا گیا۔ انٹرنیٹ اور X (former twitter) بند کیے گئے۔ میڈیا پر کوریج بند کی گئی اور ووٹ تبدیل کرکے ہارنے والے امیدواروں کو جتوا دیا گیا۔ عوام کا مینڈیٹ چوری ہو گیا ہے اور یہ جمہوریت کے ساتھ ظلم ہے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ بالکل ہمیں healing کی اور آگے دیکھنے کی ضرورت ہے۔ یہ لوگ بات کر رہے ہیں کہ الیکشن ہو گیا بس اب آگے دیکھو۔ لوگ کہتے ہیں کہ elections come and go بس آپ اگلے الیکشن کا انتظار کریں۔ یہ اتنی آسان بات نہیں ہے۔ یہ معاملہ عوام کے مینڈیٹ کو چوری کرنے کا ہے۔ اگر آپ تاریخ دیکھیں تو جب بھی عوام کے مینڈیٹ کو چوری کیا گیا ہے اور revolution کو روکنے کی کوشش کی گئی تو اس نتیجے میں anarchy پھیلی ہے۔ مجھے ڈر لگتا ہے اور خوف ہے کہ یہ چیز کسی کے کنٹرول میں نہیں رہنی۔ اگر یہ مینڈیٹ واپس نہیں لیا گیا تو میں تاریخ کو دیکھ کر آج یہ سوچتا ہوں کہ پھر یہ معاملات کسی کے ہاتھ میں نہیں رہیں گے۔ آج آپ کوشش کر لیں گے کہ ایک ایسی حکومت بنا لیں جس کے پاس legitimacy اور عوام کا مینڈیٹ نہیں ہو گا تو وہ حکومت ناکام رہے گی۔ اس وقت ملک میں بہت سارے crises ہیں۔ Educational, economic and health crises ہیں۔ لوگ ملک چھوڑ کر باہر جا رہے ہیں۔ وہ پریشان ہیں۔ یہ سارے crises صرف وہی لیڈرشپ حل کر سکتی ہے جس کے ساتھ عوام کا مینڈیٹ اور legitimacy ہو۔ اگر legitimacy نہیں ہو گی تو یہ معاملات حل نہیں ہو سکیں گے۔ میں کہتا ہوں کہ عوام نے جنہیں مینڈیٹ دیا ہے، انہیں حکومت بنانے دیں۔ اسے آنے دیں اور حکومت چلانے دیں۔ اس کے پیچھے لوگوں کا اعتماد ہو گا۔ اگر یہ اعتماد نہیں ہو گا تو سب کچھ فیل ہو جائے گا۔ میں کہتا ہوں کہ آج ہی resolution پاس کریں۔ ہم جمہوریت کے محافظ ہیں۔ آج ہی الیکشن کمیشن کو بلوائیں اور ان سے

کہیں کہ جو مینڈیٹ چوری کیا گیا ہے، اسے واپس کریں۔ اس کے بغیر کوئی چارہ نہیں ہے اور خدانخواستہ anarchy ہو گی، شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. Yes, honourable Senator Mushtaq Ahmed.

**Senator Mushtaq Ahmed**

سینیٹر مشتاق احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! میں اپنے colleagues کی باتوں سے اتفاق کرتا ہوں اور جو الیکشن 8فروری کو ہوا ہے، اس میں بدترین قسم کی دھاندلی ہوئی ہے۔ دھاندلی کی جتنی بھی قسمیں ہیں، وہ سب ہم نے اس الیکشن میں دیکھیں۔ یہ ایک جعلی الیکشن تھا اور اس جعلی الیکشن کے نتیجے میں جو حکومت بنے گی تو وہ بھی جعلی ہو گی۔ اس لیے میں یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان اپنی دستوری ذمہ داری پوری نہ کرنے پر معافی مانگے، چیف الیکشن کمشنر مستعفٰی ہوں، ان کے خلاف آئین کے Article 6 کے تحت کارروائی کی جائے اور قوم کے پچاس ارب روپے جو اس الیکشن پر خرچ ہوئے ہیں، وہ ان چند لوگوں سے واپس لئے جائیں جنہوں نے اس میں دھاندلی کی ہے۔ چار طبقات مجرم ہیں جنہوں نے عوام کے حق حکمرانی پر ڈاکا ڈالا ہے اور وہ الیکشن کمیشن، نگران حکومت، عدلیہ اورestablishment ہیں۔ ان چاروں نے مل کر عوام کے حق حکمرانی پر ڈاکا ڈالا ہے اور اس الیکشن کو دھاندلی زدہ کیا ہے۔ میں یہ باتیں کیوں الیکشن کمیشن کے بارے میں کہتا ہوں؟ میں آپ کو آئین کا Article 218 (3) پڑھ کر سناتا ہوں جس میں الیکشن کمیشن کی ذمہ داری بتائی گئی ہے۔ وہ یہ کہتا ہے کہ

It shall be the duty of the Election Commission to organize and conduct the election and to make such arrangements as are necessary to ensure that the election is conducted honestly, justly, fairly and in accordance with law, and that corrupt practices are guarded against.

(اس دوران جناب ڈپٹی چیئرمین سینیٹر مرزا محمد آفریدی کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر مشتاق احمد۔

سینیٹر مشتاق احمد: جناب! الیکشن کمیشن کو پانچ چیزیں کرنی ہیں۔ الیکشن ایماندارانہ، منصفانہ، شفاف اور قانون کے مطابق ہوں اور ان میں بدعنوانی کا تدارک ہو۔ یہ پانچوں چیزیں 8فروری کے الیکشن میں نہیں ہیں۔ یہ الیکشن ایماندارانہ، منصفانہ، شفاف اور قانون کے مطابق نہیں تھے۔ قانون کے مطابق نگران حکومت کی مدت 90دن سے زیادہ ہو ہی نہیں سکتی۔ یہ الیکشن بدعنوانی سے بھی پاک نہیں تھے اس لئے الیکشن کمیشن غداری کا مرتکب ہوا ہے۔ میں الیکشن کمیشن سے معافی مانگنے، الیکشن کمشنر کے استعفٰے، Article 6 کی کارروائی اور غریب قوم کے ٹیکسوں سے جو پچاس ارب روپے خرچ ہوئے، وہ واپس لینے کا مطالبہ کرتا ہوں۔ ایک صوبائی اسمبلی کے حلقے پر الیکشن کروانے کا ڈھائی کروڑ روپے خرچا آتا ہے۔ اس حالت میں جب گیس کی قیمتوں میں پہلے 200اور پھر 70فیصد اضافہ، پٹرولیم مصنوعات، بجلی کی قیمتوں اور kitchen items کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور قوم کا پیسہ الیکشن کمیشن کو دیا جا رہا ہے۔ یہ عجیب و غریب حکومت ہو گی جس میں حکومت پہلے بنی، وزیر اعظم کا تعین پہلے ہوا اور جس میں اعلان کیا گیا کہ ہماری بات ہو گئی ہے اور پھر اسی کے لئے الیکشن کا انعقاد کیا گیا۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ نہ صرف دھاندلی ہوئی ہے بلکہ بیلٹ پیپر، بیلٹ باکس اور عوام کی حق حکمرانی کا ریپ ہوا ہے اور یہ ہم نے دیکھا ہے۔

جناب! آپ دیکھیں کہ الیکشن کے دن آپ نے موبائل سروس بند کر دی، انٹرنیٹ سروس بند کر دی۔ اسی وقت پتا چل گیا کہ Election free, fair and transparent نہیں ہیں۔ گزشتہ تین دنوں سے ,Twitter اور جو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ہیں، وہ بند ہے۔ اس دن 08 فروری کو موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس کیوں بند کی گئی۔ آپ گزشتہ تین دنوں سے Twitter کیوں بند کر رہے ہیں؟ اس لئے کہ دال میں کچھ کالا نہیں بلکہ ساری کی ساری دال کالی ہے۔ دھاندلی ہوئی ہے۔ آپ face نہیں کر پا رہے ہیں۔ آپ خوف زدہ ہیں اور Twitter and Social Media Platforms پر پابندی ہے۔ اس کی بندش کی وجہ سے تعلیمی نقصان ہو رہا ہے، معاشی نقصان ہو رہا ہے، بشری حقوق پر ڈاکا ہے، لوگوں کے digital rights پر ڈاکا ہے جس کو کسی صورت میں تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ میں اس کی مذمت کرتا ہوں اور اس ایوان کے توسط سے مطالبہ کرتا ہوں کہ تمام Social Media Platforms پر بندش سے اجتناب کیا جائے اور اس کو بحال کیا جائے۔

جناب چیئرمین! کمشنر راولپنڈی نے اگر سارا نہیں تو کسی حدتک کمشنر راولپنڈی چٹھہ صاحب نے کسی حدتک تو اس الیکشن کا کچہ چٹھہ کھول دیا تھا۔ آپ دیکھ لیں کہ 08 فروری کو situation کچھ اور تھی اور 09فروری کو بالکل 180 درجے کی turn ہوئی۔ کراچی میں آپ دیکھ لیں کہ ہمارے کراچی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن جب پانچ، چھ قومی اسمبلی کی سیٹوں میں انہوں نے احتجاج شروع کر دیا تو ایک ایسے حلقے سے جہاں سے وہ جیتے ہی نہیں تھے، وہاں سے ان کو جتوادیا گیا۔ میں ان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے الیکشن کمیشن کے منہ پر وہ جیت دے ماری اور واپس کر دی کہ یہاں سے میں نہیں جیتا ہوں بلکہ فارم 45 کی مطابق پاکستان تحریک انصاف کے امیدوار جیتے ہیں۔ یہ الیکشن کی صورت حال ہے۔

جناب چیئرمین! اس لئے مجھے تو اس پر بڑا دکھ ہوا ہے کہ بلوچستان سے باپ اور بیٹا، ڈرگ مافیا اور خیبر پختونخوا پشاور سے افغانی جو Afghan national ہیں، پاکستانی نہیں ہیں، وہ بھی پاکستان کی پارلیمنٹ میں آئے ہیں۔ میری colleague نے بالکل درست کہا کہ جو ڈرگ مافیا کے لوگ ہیں اور جو Pakistani national ہی نہیں ہیں ان کو بھی الیکشن کمیشن نے اس الیکشن میں کامیاب کروا دیا ہے۔ اسی لئے بلوچستان سے، خیبر پختونخوا سے، اندرون سندھ سے آوازیں اٹھ رہی ہیں کہ یہ الیکشن بک گیا تھا، پہلے سے سودے ہوگئے تھے۔ لوگوں نے رقوم وصول کر لی تھیں۔ اور اس کے مطابق نتائج کا اعلان کر دیا گیا۔ یہ بہت بڑا سوال ہے جس کی تحقیقات ہونی چاہییں۔

جناب چیئرمین! دھاندلی کرنے والے قومی مجرم ہیں۔ یہ دستور کے غدّار ہیں، یہ قوم کے غدار ہیں۔ ان کی وجہ سے نفرتیں بڑھ رہی ہیں۔ ان کی وجہ سے معاشرے میں تقسیم بڑھ رہی ہے۔ ان کی وجہ سے انتشار بڑھ رہا ہے۔ دھاندلی کرنے والے پاکستان کی سالمیت سے، جغرافیہ سے، قومی یک جہتی سے کھیل رہے ہیں۔ پاکستان کے مستقبل سے کھیل رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! الیکشن اس لئے کروائے جاتے ہیں کہ بحرانوں سے نکلا جائے اور قوم کو سیاسی اور معاشی استحکام دیا جائے لیکن یہ کیسا الیکشن ہے کہ جس نے قوم کو ایک عظیم تر بحران میں دھکیل دیا ہے، سیاسی بحران کے اندر، معاشی بحران کے اندر۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس الیکشن میں ہونے والی rigging میں جو لوگ involve ہوئے ہیں وہ قومی مجرم ہیں۔

آپ دیکھ لیں کہ بین الاقوامی ادارے کہہ رہے ہیں کہ پاکستان میں democracy decline میں ہے۔ آپ کی جمہوریت کی تنزلی کے بارے میں بین الاقوامی ادارے آواز اٹھا رہے ہیں کہ پاکستان میں جمہوریت کی تنزلی اور democracy decline ہو رہی ہے۔ Hybrid democracy اب Super hybrid democracy ہے۔ Bullet نے ballot کو اغوا کیا ہے۔ گولی نے پرچی کو اغوا کیا ہے۔ جب تک گولی پرچی کو اغوا کرے گی، جب تک Bullet ballot کو اغوا کرے گی اس وقت تک عوام کی حق حکمرانی بحال نہیں ہو سکتی۔ پاکستان درست راستے پر نہیں چل سکتا۔

میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ عوام کو کیا پیغام دے رہے ہیں؟ اس پاکستان میں بلوچستان، خیبر پختونخوا، پنجاب اور سندھ کو، نوجوانوں کو آپ کیا پیغام دے رہے ہیں؟ چند سرکاری افسر، چند سرکاری نوکر بند دروازوں میں بیٹھ کر پچیس کروڑ عوام کے مقدر کا فیصلہ کریں گے؟ یہ نامنظور ہے، یہ قوم، اس قوم نے برطانوی استعمار کی غلامی سے آزادی اس لئے حاصل نہیں کی تھی کہ یہ چند سرکاری نوکروں کے غلام بن جائیں اور وہ بند دروازوں کے پیچھے پچیس کروڑ کو غلام بنا کر ان کی قسمت کا فیصلہ کریں، یہ دور گزر چکا ہے۔ اب آزادی کا دور ہے، لوگ جان چکے ہیں کہ حکمرانی ہمارا حق ہے اور ہم اپنے حق کے حصول کے لئے ہر حد تک جانے کی کوشش کریں گے۔

جناب چیئرمین! میں ایک دفعہ پھر حکومت سے مطالبہ کرتا ہوں، میں آپ کے توسط سے، اس ایوان کے توسط سے مطالبہ کرتا ہوں کہ الیکشن کمیشن معافی مانگے۔ چیف الیکشن کمشنر مستعفی ہو، ان کے خلاف Article 6 کے تحت کارروائی کی جائے۔ قوم کے پچاس ارب روپے اس الیکشن پر جو خرچ ہوئے ہیں وہ ان لوگوں سے وصول کئے جائیں جن لوگوں نے اس الیکشن میں rigging کی ہے اور ایک بااختیار Judicial Commission قائم کیا جائے جو چاروں صوبوں میں، پورے پاکستان میں فارم 45 کے مطابق انکوائری کریں، اداروں کی انکوائری کریں، الیکشن کمیشن کی انکوائری کریں، عوام کی شکایات سنیں اور سپریم کورٹ کی سطح پر ایک بااختیار جوڈیشل کمیشن قائم کیا جائے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، جی سینیٹر سردار شفیق ترین صاحب۔

**Senator Sardar Muhammad Shafiq Tareen**

سینیٹر سردار محمد شفیق ترین: اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین، شکریہ کہ آپ نے مجھے الیکشن کے متعلق ہم نے جو motion move کی تھی اس پر بات کرنے کا موقع دیا۔

جناب چیئرمین! ہمارے سارے colleagues نے الیکشن سے متعلق بات کی ہے۔ میں بھی اسی پر چند گزارشات پیش کروں گا۔ جب سے 08 فروری کے الیکشن ہوئے ہیں، کوئٹہ میں ہماری چار پارٹیوں کا دھرنا جاری ہے الیکشن کمیشن کے سامنے، آپ کو پتا ہے کہ اس دفعہ الیکشن چوری ہوئے ہیں بلکہ چوری بھی نہیں ہوئے pre-planned چوری ہوئے ہیں۔

جناب! آپ کو پتا ہے کہ سارے ملک میں الیکشن میں عوام نے جس کے حق میں رائے دی تھی، عوام نے جس کو مینڈیٹ دیا تھا ان سے مینڈیٹ چرایا گیا ہے۔ الیکشن کی رات جو لوگ lead کر رہے تھے، جو جیت رہے تھے، صبح سارے حلقوں کے رزلٹ تبدیل کئے گئے۔ اسی طرح ہمارے کوئٹہ کے محمود خان اچکزئی جس سیٹ سے lead کر رہے تھے، جس سیٹ پر وہ جیت رہے تھے، صبح جس سیٹ پر مسلم لیگ کے candidate نے ان کے حق میں withdraw کیا تھا، اس کو کامیاب declare کیا گیا ہے۔ اصل امیدوار باون ہزار ووٹ سے جیت رہا تھا لیکن صبح اس کے against جس امیدوار نے withdraw کیا تھا، اس کو ہی کامیاب declare کیا گیا ہے۔ اب ایسے الیکشن کے بارے میں عوام کی کیا رائے ہو گی، عوام کی رائے کا مذاق اڑایا گیا ہے۔ کروڑوں نہیں اربوں روپے اس الیکشن میں لوگوں نے دیئے ہیں، سیٹیں بیچی گئیں۔

بلوچستان میں تین سیٹیں ایسی ہیں کہ وہ ڈیڑھ ارب روپوں میں وہ تین سیٹیں پہلے سے طے شدہ تھیں اور ان پر سودا ہو چکا تھا۔ اس پر high level enquiry کی جائے۔ جناب، لوگ کہہ رہے ہیں کہ الیکشن کمیشن نے یہ کیا، الیکشن کمیشن نے وہ کیا، الیکشن کمیشن کا اختیار ہی نہیں تھا۔ جن لوگوں نے الیکشن کروائے ہیں، جو ان کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے سارا اختیار ہی ان کا تھا۔ ان کے خلاف کوئی بول ہی نہیں سکتا نہ ان کے خلاف کوئی کارروائی ہو سکتی ہے۔

جناب چیئرمین! عوام کا مینڈیٹ چرایا گیا ہے، آر اوز نے ہر سیٹ پر کروڑوں روپے ہارے ہوئے لوگوں سے بھی اور جیتے ہوئے لوگوں سے بھی لئے ہیں۔ اس کی بھی انکوائری کی جائے۔ لوگ

احتجاج پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ جن لوگوں کے پاس فارم 45 ہے وہ کامیاب ہوئے ہیں دس دس ہزار، بیس بیس ہزار کی lead سے اور اگلے روز دوسرے روز Farm 49 پر دوسرے بندے کو کامیاب declare کیا ہوا ہے۔ اس طرح لوگوں کا مذاق اڑایا گیا ہے، لوگوں کا مینڈیٹ چوری کیا گیا ہے۔

ہم پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ ایک جو حکومت نے عوام کے پچاس ارب روپے الیکشنوں پر خرچ کئے ہیں، کم از کم پچاس ساٹھ ارب روپے اور لوگوں نے اس میں رشوت کے عوض لئے ہیں۔ اس کی بھی اعلیٰ سطح کی انکوائری کرائی جائے۔

جناب چیئرمین! یہ pre-planned elections تھے۔ چمن میں تین ماہ سے دھرنا جاری ہے۔ ہماری پارٹی کو اس لئے ہروایا گیا کہ ہم نے اس دھرنے کی حمایت کی تھی، اچکزئی صاحب نے کہا تھا کہ ہم اس دھرنے کے ساتھ ہیں تو اس کی ہمیں سزا دی گئی بلکہ ہمارا مطالبہ یہ ہے کہ جو پارٹیاں اکثریت میں ہیں، عوام نے جن کو مینڈیٹ دیا ہوا ہے ان کو حکومت بنانے دی جائے اور کامیاب ہونے والوں کو declare کیا جائے۔ مہربانی ہوگی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر ولید اقبال صاحب۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ نے بات کرنی ہے۔ ایک منٹ ولید اقبال صاحب، جی علی ظفر صاحب۔

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: معذرت کے ساتھ، ابھی عون صاحب نے اور زرقا صاحبہ نے ایک Resolution move کی ہے جس پر ہمارے باقی ممبران نے بھی دستخط کئے ہیں production کے لئے، وہ میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ ابھی ایک مطالبہ آیا تھا۔ میرا خیال ہے کہ یہ کارروائی چل رہی ہے، آخری اجلاس ہے، اگر آپ production کا order فرما دیں تو ان کو آج ایوان میں produce کیا جاسکے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: تھوڑی دیر بعد پھر میں انہیں دیتا ہوں، یہ تقاریر تھوڑے ختم ہو جائیں۔ آپ جمع کرا دیں، جمع کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ میں پڑھ دیتا ہوں۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Rule میں قرارداد کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ اسے جمع کرا دیں۔

سینیٹر سید علی ظفر: میں صرف پڑھ دیتا ہوں، پھر آپ کے پاس جمع کرادیتا ہوں۔

Sir, our colleague Senator Ejaz Ahmad Chaudhry has been incarcerated since May, 2023. Since then, in spite of repeated Senate sessions, there has been no production order for him to attend the Senate sessions. The Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 clearly state in Rule 84 (1) and 84 (2) that any Member in custody may be summoned to attend either a session or a Committee meeting. This is the last session of the year and we would request his presence. Thank you. This has been signed by 27 Senators.

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے، آپ اسے submit کردیں۔ میں نے سب کا نمبر لکھاہواہے، سب کو موقع دیں گے۔ میں number wise آپ کو وقت دے رہاہوں۔ جی سینیٹر ولید اقبال صاحب۔

**Senator Walid Iqbal**

سینیٹر ولید اقبال: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! میں علامہ اقبال کے مشہور زمانہ شعر سے آغاز کرتا ہوں۔

سلطان جمہور کا آتا ہے زمانہ　　　جو نقش کہن تم کو نظر آئے مٹا دو

جناب چیئرمین! 1989 میں جاوید ہاشمی کے کیس میں سپریم کورٹ نے اس بات کی تشریح کی تھی کہ ہمارے آئین میں election کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ اس کا مطلب کیا ہوتا ہے۔ وہ یہ تشریح تھی کہ وہ محض election day نہیں ہوتا، وہ محض vote casting نہیں ہوتی، وہ محض گنتی اور نتائج کا مکمل ہونا نہیں ہوتا، وہ ایک پورا process ہوتا ہے۔ اس میں بہت سے مراحل ہوتے ہیں، بہت سی کڑیاں بہت سے links ہیں۔ شیڈول کے اعلان سے لے کر کاغذات نامزدگی کا داخل کرنا، ان کی پڑتال، ان پر اعتراضات، حتمی فہرستیں، campaign, polling, نتائج، یہ چھ سات مراحل مجموعی طور پر لفظ الیکشن کا مطلب بنتے ہیں۔ ان تمام مراحل کے دوران، جس طرح

سینیٹر علی ظفر صاحب بیان کر چکے ہیں، کاغذات کے پھاڑنے اور چھیننے کے حوالے سے جو کچھ ہوتا رہا، تجویز اور تائید کنندہ کو اغوا کرنے کے حوالے سے، انتخابی مہم کے دوران چھاپے، سب سے مقبول جماعت کا انتخابی نشان اس سے چھین لینا۔ 9 ,8 اور 10 فروری اور آج تک کا عمل، مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے اور یہ قابل مذمت بات ہے کہ اسی تسلسل کا اجراء رہا ہے۔ سارے کا سارا election process tainted رہا۔ سیکورٹی کے لبادے میں موبائل سروس، موبائل انٹرنیٹ سروس بند کرنا، دنیا بھر میں اس کی مذمت ہوئی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ ہمیں investment چاہیے، ہمیں کاروبار چاہیے، ہمیں معیشت کی ترقی چاہیے، ہم نے اپنے ملک کو promote کرنا ہے، ہم یہ پیغام بھیجتے ہیں۔ اپنی مرضی پر جب دل چاہے انٹرنیٹ بند کر دیا، جب دل چاہے twitter بند کر دیا، جب دل چاہے سوشل میڈیا کے platforms بند کر دیے، 596000 security اہلکار الیکشن کی سیکورٹی کے لیے لگائے گئے تھے۔ چلیں 8 بجے سے 5 بجے تک الیکشن کا عمل تھا، لوگ گھر چلے گئے، ہجوم گھر چلے گئے تو 6 بجے کے بعد بھی یہ سروس کیوں بند رہا؟ یہ نگران حکومت اور الیکشن کمیشن کو بتانا پڑے گا کہ اس میں بدنیتی نہیں تھی، ثابت کرنا پڑے گا کہ اس میں بدنیتی نہیں تھی اور بے ایمانی نہیں تھی۔

جناب چیئرمین! چیف الیکشن کمشنر تمام Returning Officers کو تاکید کر چکے تھے کہ 90,000 polling stations کے باہر وہ Form 45 آویزاں کریں گے۔ وہ Form 45 کہاں ہیں؟ چیف الیکشن کمشنر اعلان کر چکے تھے کہ رات کے ایک بجے تک نتائج آ جائیں گے۔ باہر ممالک کے مبصرین، سفراء، diplomats کے لیے الیکشن کمیشن میں پورا ہال تھا، رات ساڑھے آٹھ، صبح نو بجے ان سب کو کہا گیا کہ صبح دو بجے تک تمام نتائج آ جائیں گے، ایک بھی نتیجہ نہیں آیا۔ International Community نے سب سے موثر الفاظ میں انتخاب کی شفافیت کے سلسلے میں اپنے تحفظات کا اظہار کیا ہے United States, Great Britain, European Union, Secretary General, United Nations, Common Wealth observers. جس دیدہ دلیری سے اس پورے process عوام کے mandate کی پامالی ہوئی، دنیا بھر نے اس کا notice لیا ہے۔ 2024 کے انتخابات میں

دھاندلی کے خلاف جس جوش و خروش کے ساتھ international press نے آواز اٹھائی ہے وہ ایک نیا record ہے۔

جناب چیئرمین! ذرا یہ note کریں، ان جرائد میں، ان اخبارات میں کون شامل ہے، New York Times, Times, Guardian, BBC Economist, New Independent, France 24, Financial Times, CBC News, CNN, Al-Jazeera TV, فہرست بہت لمبی ہو جائے گی۔ جناب! کل رات Fitch کی جو rating agency ہے، اس نے اپنے بیان میں کہا کہ اگر پاکستان تحریک انصاف کو تنہا کیا گیا، isolate کیا گیا تو اس سے عوام میں عدم اطمینان اور زیادہ بڑھے گا اور وہ بہت زیادہ عدم اطمینان کا باعث بنے گا۔

جناب چیئرمین صاحب! Elections Act, 2017 کا Section 13, sub-section (3) یہ کہتا ہے کہ provisional result رات کے دو بجے تک ہر Returning Officer نے جاری کرنے ہیں۔ اس ملک میں 859 Returning Officers تھے، ایک Returning Officer نے بھی قانون کے مطابق نتائج کا اعلان نہیں کیا۔ قانون یہ بھی کہتا ہے جو اس ایوان سے گزر کر منظور ہوا ہے۔ یہ توہین ایوان کے مترادف ہے، قانون کی پامالی اور اس کی خلاف ورزی تو اپنی جگہ ہے، ہم گھر چلے جائیں، اگر ہم قانون بناتے ہیں، اس پر عمل نہیں ہوتا۔ پھر آگے لکھا ہے کہ اگلے دن صبح دس بجے تک آپ نتائج شائع کر دیں، وہ اعلان بھی نہیں ہوا۔ تین تین، چار چار دن کے بعد نتائج آ رہے ہیں۔ نتائج کا ایک چھوٹا سا fraction صبح دس بجے تک آیا۔

جناب چیئرمین! پاکستان میں بدقسمتی سے سنگ دلی اور بے حسی روز بروز بڑھتی جا رہی ہے۔ عوام کے mandate کی پامالی، اس پر جو کھلی واردات ہوئی ہے، جس پر ایک طرف پاکستان کے اندر اور باہر دنیا بھر میں احتجاج ہو رہا ہے اور دوسری طرف Chief Election Commissioner نے media کو briefing دینے کی زحمت تک گوارا نہیں کی۔ نہ ہی Chief Justice of Pakistan نے عوام کے اس اہم ترین بنیادی حق کے بارے میں کوئی *Suo motu* action لیا ہے۔ کہا جاتا کہ ان حالات میں ہمیں unified Government بنانی چاہیے، کہا جاتا ہے کہ افراتفری اور تقسیم سے گریز کریں، ملک کو استحکام

چاہیے۔ میں بھی مانتا ہوں ملک کو امن چاہیے، ملک کو خوشحالی چاہیے۔ یہ کبھی حاصل نہیں ہو سکتی۔جناب چیئرمین! جب جمہوری عمل کواس طریقے سے مسخ یا distort کیا جائے۔ حبیب جالب نے خوب کہا تھا کہ

ظلم رہے اور امن بھی ہو　　　کیا ممکن ہے تم ہی کہو

جناب چیئرمین! ہر انتخاب کے بعد دھاندلی کے الزامات لگائے جاتے رہے ہیں۔ یہ بارھویں عام انتخاب تھے۔ کہتے ہیں کہ 1970 والا پہلا الیکشن نسبتاً شفاف تھا، باقی گیارہ بشمول 2024 کے، دھاندلی کے الزامات لگتے رہے مگر کسی چیف الیکشن کمشنر، کسی نگران حکومت کو آئین اور قانون کے مطابق سزا ابھی تک نہیں دی گئی۔ احتساب کا خوف اور قانون کا ڈر ہی ختم ہو چکا ہے۔ الیکشن سے ایک دن پہلے ہمارے نگران وزیر اعظم ایک بیرون ملک خبر رساں ایجنسی کو کہتے ہیں کہ میں guarantee نہیں دے سکتا کہ fair and free election ہوں گے۔ پھر چار دن بعد پریس کانفرنس کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ عوام نے result کو accept کر لیا ہے and they have moved on.

تمام جرائد نے، تمام تجزیہ نگاروں نے اور مبصرین نے کہا ہے کہ ہمارے نگران وزیر اعظم کس جنت کے اندر رہ رہے ہیں۔ کیا ان کا پیمانہ ہے fair and free election کا، یہ جو کچھ ہو چکا ہے اور جو کچھ میرے فاضل colleagues کہہ چکے ہیں۔ میں تو یہی تنبیہ کروں گا جو فیض احمد فیض مرحوم کے الفاظ میں تھی اور اجازت لوں گا کہ

ہر اک اولی الامر کو صدا دو　　　کہ اپنی فرد عمل سنبھالے
اٹھے گا جب جمع سرفروشاں　　　پڑیں گے دار و رسن کے لالے
کوئی نہ ہو گا کہ جو بچالے　　　جزا سزا سب یہیں پہ ہو گی
یہیں عذاب و ثواب ہو گا　　　یہیں سے اٹھے گا شور محشر
یہیں پہ روز حساب ہو گا

پاکستان پائندہ باد۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر عرفان صدیقی صاحب۔

**Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui**

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: شکریہ جناب چیئرمین! بڑی اطمینان بخش بات یہ ہے کہ ساری تقاریر بڑی توجہ اور بڑے شائستہ طریقے سے سنی گئی ہیں، مختلف نقطہ نظر ہے۔ میں توقع رکھتا ہوں جو بھی باتیں ہوئی ہیں شاید اس سے میرا جزوی طور پر اختلاف ہو اور میں اپنا نقطہ نظر پیش کروں تو امید ہے کہ اسی وسعت قلبی سے اور وسعت نظری سے اور خوش گوار طریقے سے اسے سنا جائے گا، بہت شکریہ۔

جناب والا! اس میں دو رائے نہیں ہے کہ ہماری انتخابات کی تاریخ زیادہ خوش گوار نہیں ہے۔ قوموں کے جہاں بحران حل ہوتے ہیں، مسائل حل ہوتے ہیں قومیں آگے بڑھتی ہیں اپنے مستقبل کا لائحہ عمل بناتی ہیں، حکمت عملی بناتی ہیں وہ الیکشن کے بعد ہوتا ہے، ایک سباؤ آتا ہے، ایک ٹھراؤ آتا ہے، ایک اطمینان، آسودگی اور یقین کی لہر پھلتی ہے۔ ہمارے پاس ایسا نہیں ہوتا اور یہ سلسلہ 1970 سے جاری ہے، پہلے تو آپ یہ تصور کریں کہ 1947 میں پاکستان بنتا ہے، ہم 23 سالوں تک انتخابات نہیں کروا سکتے، پہلے انتخابات جب 1958 میں ہونے لگتے ہیں تو انتخابات سے پہلے ہی ایک طویل مارشل لاء آ جاتا ہے۔ دوسرے انتخابات جو 1970 میں ہوتے ہیں بلکہ پہلے ہوتے ہیں کیوں کہ 1958 میں نہیں ہوسکے، اس وقت ایک اکثریت کا فیصلہ تسلیم نہیں کیا جاتا، لہٰذا ملک ٹوٹ جاتا ہے۔ یہ عوامی اور عام انتخابات کی ہماری پہلی مثال ہے جو انتہائی دل شگاف اور انتہائی افسردہ کرنے والی ہے، افسوس ناک ہے۔ دوسرے انتخابات 1977 میں ہوتے ہیں، اس میں بھی دھاندلی کا شور اٹھتا ہے، اسی طرح کے مذاکرات ہوتے ہیں، باتیں ہوتی ہیں، سیاسی جماعتیں کشمکش کرتی ہیں، آپس میں گتھیاں سلجھا نہیں سکتیں، نتیجہ یہ ہوتا ہے پھر ہمارے مقدر میں گیارہ سال کا مارشل لاء آ جاتا ہے۔ ایک انتخابات ملک توڑ دیتے ہیں دوسرے انتخابات گیارہ سال مارشل لاء کا تحفہ دے دیتے ہیں، بعد میں بھی جتنے انتخابات ہوئے، کسی بھی حکومت کو اپنی معیاد پوری نہیں کرنے دی گئی، کوئی وزیر اعظم اپنی معیاد پوری نہیں کرسکا۔ So I agree with my colleague کہ ہمارے ہاں انتخابات کی تاریخ کوئی زیادہ خوشگوار نہیں ہے، افسوس ناک ہے اور حالیہ انتخابات میں بھی یہی ہوتا رہا ہے، بہت ذکر ہوا ہے مگر 2018 کے انتخابات کا ذکر نہیں ہوا، 2018 میں کیا ہوا تھا؟ ہم نے 2024 کا رونا رویا، ایک شام غریباں کی کیفیت بپا کی لیکن کاش ہم 2018 کا بھی ذکر کرتے۔ میرے

بہت ہی محترم دوست نے کہا کہ آج جو ہنس رہے ہیں کل پھر ان کو سزائیں ملیں گی تو وہ روئیں گے، یہی بات جب 2018 میں انہوں نے حکومت سنبھالی تھی اور ہماری سزاؤں پر قہقے لگا رہے تھے اور نواز شریف کے جیل جانے پر ہنستے تھے، یہ بات اس وقت یاد آنی چاہیے تھی، یہ بات آج یاد نہیں آنی چاہیے تھی، ہم ہنس نہیں رہے، ہم کسی کا مذاق نہیں اڑا رہے ہیں۔ 2018 میں جو کچھ ہوا وہ تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے، چار دن بعد نتائج کا اعلان ہوا تھا اور اس طرح وہ کبھی رات کو، کبھی دن کو اور کبھی شام کو برستے رہے، اس وقت جو کچھ ہوا اور شاید آج بھی ہوا ہو اور اگر آج ہوا ہے تو پورے ملک میں ہوا ہے، وہ صرف پنجاب میں نہیں ہوا، وہ صرف بلوچستان میں نہیں ہوا، وہ خیبر پختونخوا میں بھی ہوا ہے۔ اگر یہاں پر ایک Election Commissioner ہے تو کیا خیبر پختونخوا میں امام کعبہ نے الیکشن کروائے ہیں؟ کیا وہاں پر یہی Election Commissioner نہیں تھا؟ کیا وہاں پر امام ابو حنیفہ Election Commissioner کے طور پر آکر بیٹھے ہوئے تھے؟ ایسے نہ کریں اگر خرابی ہوئی ہے ہمہ جہت ہوئی ہے، اس خرابی کا شاید نقصان مجھے بھی ہوا ہو، آپ کو بھی ہوا ہو۔ اگر fair بات کرنی ہے تو fair بات کریں، اگر الیکشن متنازعہ ہیں تو یہ نہیں جو آپ کے ہاتھ میں form-45 ہے وہ تو قرآن کا ورق ہے اور میرے ہاتھ میں جو form-45 ہے وہ پلید اور ناپاک ہے، ایسے نہیں ہوتا۔ ترازو کو اس طرح سے unbalance نہ کریں اور یہ بھی دیکھیں کہ 2013 میں جب الیکشن ہوئے ہیں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی آپ جاری رکھیں۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: 2013 میں جو الیکشن ہوئے ہیں اور یہاں پر چار مہینے کا ایک احتجاجی دھرنا ہوا ہے، اس وقت کا نعرہ کیا تھا؟ اس وقت کا نعرہ 35 punctures تھا۔ آج کا نعرہ form-45 ہے۔ تب کہا گیا تھا افضل خان اس وقت اٹھے تھے وہ کوئی سابق سیکریٹری تھے انہوں نے کہا تھا دھاندلی ہو گئی، آج ایک کمشنر صاحب اٹھ آئے ہیں۔ یہ توازن دیکھیں اور یہ repeat ہوتی ہوئی history دیکھیں، اس وقت یہ الزام تھا کہ اردو بازار میں بیلٹ پیپر چھاپے گئے ہیں، آج یہ کہا جارہا ہے کہ لکشمی چوک پر کوئی پریس ہے وہاں پر چھاپے گئے ہیں۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں اگر یہ دھاندلی ہوئی ہے تو یہ ہر جگہ پر ہوئی ہو گی، آپ جو سیل بے پناہ کی طرح پورے خیبر پختونخوا کی پہاڑوں اور وادیوں پر چھائے ہوئے ہیں وہ ٹھیک ہے؟ وہ درست ہے؟ وہاں پر دھاندلی کیوں نہیں ہوئی؟ جہاں

جہاں پر آپ جیتے ہیں وہ دھاندلی سے پاک منزہ مصفّٰی الیکشن ہے، جہاں جہاں آپ کا مخالف جیتا ہے وہ دھاندلی سے جیتا ہے وہ ووٹ چوری کرکے جیتا ہے اس کو کسی اور نے جیتوایا ہے۔ ایسے نہیں ہو سکتا پانچ، دس سیٹیں ادھر ادھر ہوئی ہوں، میں یہ نہیں کہتا، ہمارے ہر انتخابات میں ایسا ہوتا رہتا ہے اور پھر 2018 میں نواز شریف کہاں تھا؟ آج عمران خان صاحب جیل میں ہیں تو نواز شریف صاحب کہاں پر تھا؟ وہ بھی جیل میں تھا، اسے بھی الیکشن میں نہیں آنے دیا گیا تھا، اس کی بیٹی کو بھی جیل میں ڈال دیا گیا، کہا گیا اگر یہ باہر آئے اور الیکشن لڑے تو دو سالوں کی محنت ضائع ہو جائے گی۔ یہ باتیں ہم بھول گئے ہیں؟ اس وقت سب ٹھیک تھا؟ جائز تھا؟ کوئی بھی احتجاج کی آوازیں نہیں اٹھتی تھیں۔ جو اس وقت غلط تھا وہ آج بھی غلط ہے، اس وقت ہمیں الیکشن میں حصہ نہیں لینے دیا گیا اور ہمارا جرم یہ تھا کہ ہم نے بیٹے سے تنخواہ نہیں لی تھی۔ آپ کے جرائم کی فہرست تو ذرا مختلف ہے اور یہ بھی دیکھیں کہ آپ کو تو نچلی سطح کی عدالتوں سے سزائیں ہو رہی ہیں، آپ وہاں سے ہائی کورٹ میں جاتے ہیں پھر وہاں سے سپریم کورٹ میں جاتے ہیں، ہمیں تو سزائیں سپریم کورٹ دیتی تھی، وہیں سے شروع ہوتی تھی اور وہیں پر ختم ہو جاتی تھیں نہ کوئی اپیل نہ کوئی وکیل اور نہ کوئی دلیل۔ ہمارے ساتھ یہ ہوتا رہا ہے اور پھر بھی ہم نے 2018 میں آرام سے آکر oppositionکے طور پر اپنا کردار ادا کیا، ہم سڑکوں پر بھی نہیں گئے، واویلا بھی نہیں کیا، دنیا جانتی ہے کیا ہوا تھا۔ خدا کے لیے آپ بھی اس نظام کو بچانے کے لیے، اس نظام کے دفاع کے لیے آگے بڑھیں۔

جناب چیئرمین! آج میں ایک اور بھی چیز بتانا چاہتا ہوں، مشاہد صاحب آج بھی آزاد ہیں مسلم لیگ کے نہیں ہیں، ہمارے بہت سے ساتھی جو سینیٹ میں بیٹھے ہوئے ہیں، ہمارے بھی ٹکٹ چھینے گئے تھے، ہمارے بھی symbol چھینے گئے تھے، ہمارے ٹکٹ منسوخ کیے گئے تھے اور ہم آج تک آزاد بیٹھے ہوئے ہیں، ہمارے نام کے ساتھ مسلم لیگ (ن) نہیں لکھا ہوا، ہم کسی وحدت مسلمین میں شامل نہیں ہوئے، ہم کسی سنی کونسل میں نہیں گئے، ہم آزاد بیٹھ کر اپنا کام کر رہے ہیں اور اپنی بات کہہ رہے ہیں۔

دوسری بات، ایک survey جو پاکستان کا سب سے معتبر ادارہ گیلپ ہے، اس کا نام تھا political weather report گیلپ پاکستان کی طرف سے جنوری میں الیکشن سے ایک مہینہ پہلے شائع ہوا، وہ record میں ہے، آپ اخباروں میں دیکھ لیجئے گا اور ان کی website پر

دیکھ لیجئے گا۔ وہ survey یہ کہتا ہے کہ پنجاب اور اسلام آباد کو ملا کر %34 PTI ووٹ لے گی یا seats لے گی اور PTI نے survey کے عین مطابق %35 سیٹیں لی ہیں۔ اس نے کہا تھا PMN(N)32% لے گی، PMN(N) نے survey کے بالکل قریب %33 لی ہیں، اس نے کہا تھا پیپلز پارٹی پنجاب اور اسلام آباد میں %6 لے گی، پیپلز پارٹی نے اتنی ہی %6 لی ہیں۔ خیبر پختونخوا میں انہوں نے PTI کو score دیا تھا %45 اور الیکشن کمیشن کے اعداد و شمار آئے ہیں تقریباً %44 جو کہ Gallop کے survey کے عین مطابق اور بالکل قریب ہیں۔ جنوری میں انہوں نے JUI کو %15 کے برابر کا کہا تھا اور JUI نے %15 ہی لیے۔ PML-N کے بارے میں انہوں نے کہا تھا %9 لے گی، بالکل ایسا ہی ہوا، PML-N نے %9 سیٹیں حاصل کیں، جی بالکل KP میں۔ انہوں نے پیپلز پارٹی کے بارے میں %7 کا کہا تھا اور انہوں نے %6 کے مطابق سیٹوں کا حصول کیا۔ سندھ میں پیپلز پارٹی کے بارے میں انہوں نے کہا تھا کہ %44 سیٹیں حاصل کرے گی اور انہوں نے سندھ میں %44 کے مطابق ہی سیٹوں کا حصول کیا۔ KP میں ANP کا score تھا %7 جو کہ %6 رہا۔ Gallop Survey کے اعداد و شمار جنوری میں پیش کئے گئے تھے جو کہ آج کے الیکشن کے عین مطابق ہیں۔

میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ جب آپ مولانا فضل الرحمٰن کے گھر جا سکتے ہیں اور جن کے بارے میں آپ کی رائے کوئی ڈھکی چھپی نہیں ہے۔ آپ نے انہیں پتا نہیں کون کون سے القابات سے نوازا اور ایک عالم دین کو رسوا کیا اور اُن کا اپنے جلسوں میں تمسخر اڑایا۔ اگر آپ ان کے گھر کوچہ رقیب میں سر کے بل جا سکتے ہیں، کس لیے کہ آؤ ہمارے ساتھ احتجاج کرو تو آپ ان دیگر جماعتوں کے ساتھ کیوں نہیں بیٹھتے۔ آپ ان کے ساتھ بیٹھیں جو جمہوری credentials رکھتی ہیں جو اگر پارلیمنٹ کے اندر مل جائیں تو دو تہائی اکثریت بنتی ہے، آپ اُن کے ساتھ بھی بیٹھ جائیں۔

آپ تو فرمان جاری کرتے ہیں کہ سب کچھ ہو جائے گا مگر پی ایم ایل۔ن اور پی پی پی سے بات نہیں ہو گی۔ یہ کون سا نظام ہے؟ آپ حکومت میں ہوتے ہیں تو ہاتھ نہیں ملاتے۔ آپ اپوزیشن میں ہوتے ہیں تو کسی کے ساتھ ہاتھ نہیں ملاتے، کیا جمہوریت اس طرح چلتی ہے؟۔ یہ ایوان بھی ہیں، میدان بھی ہیں، سارا کچھ ہے مگر آپ بتائیں کیا سیاست صرف میدانوں میں ہونی ہے؟ آپ ایوانوں میں آ جائیں اپنا احتجاج کریں۔ ملک میں عدالتیں موجود ہیں دیگر forums موجود ہیں۔ اب

الزام تراشی، گالی، پتھر زنی کی سیاست؟ میرا خیال ہے کہ اب ختم ہونی چاہیے۔ ایسا نہیں ہے کہ 2018 کا دور گزارا، آپ نے ہمیں بھی جیلوں میں ڈالا لوگوں کو سزائیں سنائیں اور لوگوں کو جیلوں میں ڈالا، نیب کو پیچھے لگایا، اداروں کو پیچھے لگایا۔

جناب دو منٹ میں اپنی بات مکمل کر رہا ہوں۔ آپ مزید دو منٹ مجھے دے دیں۔ لیکن ہم لوگ چلتے رہے۔ ہم نے نہ ہی boycott کیا نا ہم نے استعفے دیے۔ آپ کا تو پارلیمانی سیاست سے کوئی تعلق ہی نہیں لگتا۔ 2002 کی اسمبلی میں جب پہلی مرتبہ عمران خان صاحب ایوان میں آئے، مستعفی ہو کر چلے گئے۔ انہوں نے 2008 کے الیکشن کا بائیکاٹ کیا۔ 2013 میں آئے تو ملک میں دھرنے دیتے رہے اور آخر میں استعفے دے دیے۔ 2018 میں بیٹھے رہے لیکن جب اُن کی حکومت ٹوٹنے لگی تو اسمبلی توڑ دی یہ کوئی جمہوری کردار نہیں ہے۔ جمہوری character یہ ہے کہ آپ خندہ پیشانی کے ساتھ، اگر آپ کے دل میں کوئی چوٹ لگی ہو گی تو ہمارے دل پر بھی لگی ہو گی۔ ہم بھی پتا نہیں کیا اعداد و شمار بنائے بیٹھے ہوں گے۔ آپ بھی بنائے بیٹھے ہوں گے۔

لہٰذا آیئے ان دل شگاف چیزیں کو سامنے رکھنے کی بجائے اور ان چھوٹی چھوٹی جماعتوں کے نیچے پناہ لینے کی بجائے کتنا اچھا لگے گا کہ اتنی بڑی پی ٹی آئی جس نے 92 کے قریب نیشنل اسمبلی کی سیٹیں حاصل کیں ہیں وہ پی ٹی آئی نہیں کہلوائے گی بلکہ وہ وحدت المسلیمین کہلوائے گی اور وہ سنی کونسل کہلوائے گی۔ کتنا مزہ آیا آپ کو؟ میں اب اس بارے میں مزید کچھ نہیں کہنا چاہتا ہوں۔ اگر آپ کے انتخابات کے بارے میں concerns ہیں تو ایوان میں آئیں، حلف اٹھائیں اپوزیشن کا کردار ادا کریں۔

اپوزیشن کا کردار حکومت کے کردار سے کہیں زیادہ اہم ہے جو بھی حکومت بنے گی ایک مخلوط حکومت ہو گی کسی کے پاس بھی majority نہیں ہے۔ PML-N تنہا حکومت سازی کی پوزیشن میں نہیں ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی حکومت نہیں بنا سکتی اور آپ بھی حکومت نہیں بنا سکتے۔ لہٰذا کیا ہو گا؟ دو جماعتیں ملیں گی اس ایوان کو بچانے کے لیے، جمہوریت کو بچانے کے لیے اور اگر نہیں ملیں گی تو اسمبلی ٹوٹ جائے گی اور اس کے بعد آپ کہتے ہیں کہ 90 دنوں کے اندر اندر نئے الیکشن ہو جائیں گے۔ الیکشن ہوں گے یا پھر کیا ہو گا میں اس بارے میں کچھ نہیں جانتا۔

لہٰذا مل جُل کر اس ایوان کو بچایئے ، ملک میں سیاسی استحکام لانے میں اپنا کردار ادا کریں، اپنی اختلافی آوازیں اٹھائیں ، اپوزیشن میں اپنا کردار ادا کریں اور خیبر پختونخوا ایک بہت اچھا صوبہ ہے۔ آپ پندرہ سال سے دس سالوں سے خیبر پختونخوا میں حکومت میں ہیں۔ آپ پانچ سال مزید بیٹھیں اور اپنا کردار ادا کریں۔ آپ حکومت کریں اور صوبے میں دودھ اور شہد کے نہریں بہایئے تاکہ لوگ آپ کی طرف مائل ہوں اور بچا کچا پاکستان بھی آپ کے حصے میں آ جائے۔ اس طرح کی اپوزیشن کے لیے، اب ملک اس کا متحمل نہیں ہے۔ 9 مئی بار بار نہیں ہو سکتے اور 9 مئی جو ہے، آپ 9 مئی کی philosophy کو ایک طرف رکھ دیں اور 8 فروری کی victory کو اپنی حکمت عملی بنائیں۔ آپ اپنی سیاست کا سرچشمہ 8 فروری کو سمجھیں۔ آپ 9 مئی کی philosophy کو بھول جائیں۔ آپ 9 مئی کے کردار کو بھول جائیں۔ آپ ایک نیا کردار اپنائیں اور ایک مثبت سوچ اپنائیں، تعمیری سوچ اپنائیں ، پاکستان کے مسائل کو سمجھیں اور افراتفری سے گریز کریں۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب سینیٹر محمد ہمایوں مہمند پلیز۔

**Senator Muhammad Humayun Mohmand**

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند : جناب چیئرمین، آپ کا شکریہ۔ وہ کہتے ہیں کہ؛

بازیچہ اطفال ہے دُنیا میرے آگے ہوتا ہے شب و روز تماشہ میرے آگے

کاش میرے پاس بھی ایسے الفاظ ہوتے جیسے عرفان صدیقی صاحب کے ہونٹوں سے پھول جھڑتے ہیں۔ میں ایک ڈاکٹر ہونے کے ناطے ہر چیز کو دیکھتا ہوں کہ symptoms کیا ہیں اور مرض کیا ہے؟ جو ساری باتیں ہم لوگوں نے کہیں ہیں میرے سامنے وہ symptoms ہیں اور مرض کچھ اور ہے؟ میرا مسئلہ جیسے سینیٹر مشتاق صاحب نے کہا کہ دال میں کچھ کالا ہے یا پھر ساری دال ہی کالی ہے۔ میرا مسئلہ نہ تو دال میں کچھ کالا ہے اور نہ کالی دال ہے میرا مسئلہ تو وہ باورچی ہے جو کالی دال پکاتا ہے۔

جناب ! میں جب پاکستان کی اس حالت کو دیکھتا ہوں تو دل خون کے آنسو روتا ہے۔ جب میں پاکستان کی معاشی حالت کو دیکھتا ہوں تو میں سوچتا ہوں کہ آخر ہم نے ایسا کیا غلط کیا ہے جو باوجود ہم سب نعمتوں کے ترقی نہیں کر پا رہے۔ جب میں سوچتا ہوں کہ وہ کون سا معاملہ ہے جو ہم نہیں کرتے اور باقی سب دُنیا کر رہی ہے۔ وہ کون سا کام ہے جو ہم غلط کر رہے ہیں اور ساری دُنیا ٹھیک کر رہی ہے۔ جب میں پاکستان کو دیکھتا ہوں تو اس میں اللہ کی شان نظر آتی ہے اس ملک میں برف پوش

پہاڑیوں کی چوٹیوں سے لے کر سمندر کی گہرائیوں تک سر سبز باغات سے لے کر چولستان کے صحرا تک پانی اتنا موجود ہے کہ اگر صحیح استعمال کرنے کا سلیقہ ہو تو جنت اور پھل ایسے کہ جنت کے باغات لگے ،آم ایسے کے دُنیا اس کو ترسے۔ مالٹا وہ کہ جو خون کی طرح سرخ اور میٹھا۔ چاول وہ کہ جو دانہ دانہ ، الگ الگ۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : سینیٹر محمد ہمایوں مہمند میری آپ سے گزارش ہوگی کہ آپ اپنی تقریر دیکھ کر نہیں پڑھ سکتے۔ایسا rules میں نہیں ہے۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند : جناب ! ابھی لکھی ہے۔ میرے میں اتنی عقل نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ پڑھ کر اپنی تقریر نہیں کر سکتے۔ Rules اس کی اجازت نہیں دیتے۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند : باقی ممبران بھی ایسا کر رہے تھے۔ آپ پڑھنے دیں۔ جناب، کیا ہو جائے گا؟

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں کہہ رہا ہوں کہ rules میں اس کی اجازت نہیں کہ آپ اپنی تقریر پڑھ کر کریں۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند : جناب ، میں پڑھ نہیں رہا، میں تو دیکھ رہا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : اچھا ٹھیک ہے۔ آپ دیکھ سکتے ہیں۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند : میں پڑھ نہیں رہا ہوں۔ میں دیکھ رہا ہوں۔ ٹھیک ہے۔

کہاں تک سنو گے کہاں تک سناؤں          فبا ای الاء ربکما تکذبان

جناب ! میں جب دیکھتا ہوں کہ ان نعمتوں کے باوجود ہم لوگ ترقی نہیں کر رہے۔ ہم اس کا صحیح استعمال نہیں کر رہے۔ ہمارے پیارے ملک میں ایسی کون سے معدنیات ہیں جو کہ نہیں ہیں۔ ہمارے ملک میں سونا ہے، چاندی ہے ، تیل ہے، گیس ہے، سنگ مر مر ہے ، اگر ہر چیز ہو تو پھر آخر کیوں ؟ اکثر شب تنہائی میں چند لمحے نیند سے پہلے میں سوچتا ہوں کہ آخر اس ملک میں کیا غلط ہو رہا ہے۔ ہمارے فیصلے کیوں غلط ہو رہے ہیں اور ہمارا رزلٹ کیوں غلط آ رہا ہے۔ یہی وہ پاکستانی ہیں جب بیرون ملک جاتے ہیں تو ستارے بن کر چمکتے ہیں لیکن پاکستان میں ایک سیارے کی طرح گر رہے

ہوتے ہیں۔ ہم نے ایسا کون سا غلط کام اور وہ کون سا غلط موڑ لیا ہے اور ہم سے یہ پاکستان سنبھالا نہیں جا رہا۔

جناب! میں جب سوال کرتا ہوں اور اپنا audit کرتا ہوں، سوچتا ہوں کہ آخر کیوں؟ میں پچھلے تین سالوں سے جب سے میں اس ایوان میں آیا ہوں تو میں نے اس نظام کو بہت قریب سے دیکھا ہے۔ میں نے دیکھا ہے اور میرا مشاہدہ یہ کہتا ہے اور جو لوگ فیصلہ کر رہے ہیں تو اُن کی mental capacity ہی نہیں ہے کہ وہ فیصلے صحیح کر پائیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ merit پر نہیں ہیں۔ وہ سفارش پر بھرتی ہوتے ہیں اور سفارش پر رہتے ہیں۔ پچھلے تین سالوں میں تقریباً دو سو کے لگ بھگ مجھے بھی سفارشیں آئیں ہیں اور میں نے صرف یہ کہہ کر نہ کر دی ہے کہ اگر میں نے سفارش کر دی اور اُس کو نوکری مل گئی اور میں نے جس کا حق مار دیا تو قیامت کے دن میں اپنے آپ کو اس سے کیسے بچا پاؤں گا۔ میرا خیال تھا کہ ہمارا مسئلہ ان پوزیشن پر جو non-merits سفارشی ہیں وہ ہیں، لیکن نہیں۔

جناب! سوال اٹھتا ہے کہ آخر یہ نااہل لوگ کیسے آ گئے؟ تو پتا چلا کہ ان کو لانے والے بھی merit پر نہیں تھے اور وہ کون ہیں؟ میں کہنا چاہوں کا کہ وہ ہم political elites ہیں۔ ہم خود political merit system کے تحت نہیں آتے۔ Political merit system صرف صاف اور شفاف electoral process ہوتا ہے جو کہ ہمارے ملک میں نہیں ہے بلکہ ناپید ہے۔ ہم نے بات کی 1970 کی 160 کی بجائے 80 سیٹوں والوں کو لے آئے۔ ہم نے بات کی 1981-1984 کی، اُس وقت ہم non-political basis پر ایسے لوگوں کو لے آئے جن کا کوئی political merit نہیں تھا۔

جناب problem ان سب لوگوں میں نہیں ہے، ان politicians میں نہیں ہے، problem یہ نہیں ہے کہ 2018 میں کیا ہوا تھا، 2013 میں کیا ہوا تھا، 1971 میں کیا ہوا تھا، 1990 میں کیا ہوا تھا، جناب problem ان تمام باتوں میں نہیں ہے۔ مجھے problem اس system میں نظر آتا ہے جو ان سب کو لاتا ہے۔ یہ وہ system ہے جو political manoeuvring کرتا ہے اور non merit کو فروغ دیتا ہے۔ یہ وہ خرابی ہے جو پاکستان کی سب سے بڑی بیماری ہے۔

آج مجھے دل کی بات کر لینے دیں اور جناب خفامت ہونا۔ جب ہم یہ سوچتے ہیں کہ اس party کو یا اُس party کو جتوادیں گے تو کام ہو جائے گا تو ہم یہ بھول جاتے ہیں کہ political manoeuvring سے جو interference ہوتی ہے وہ political system کو آگے نہیں چلنے دیتی۔

تو مجھے اس سے ایک قصہ یاد آیا۔ قصہ یہ ہے کہ ایک تتلی اپنے larva کے stage سے باہر نکل رہی تھی۔ اس خول سے نکل رہی تھی اور اس کے لئے بڑی جدوجہد کر رہی تھی، بڑی محنت کر رہی تھی تو ایک شخص نے اس کی مدد کرنے کے لئے اس خول کو توڑ دیا۔ وہ تتلی تو بڑے آرام سے باہر نکل آئی لیکن چیئرمین صاحب، وہ تتلی کبھی اڑ نہیں سکی۔ وہ اس لیے نہیں اڑ سکی کہ جس خول سے نکلنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے اس کو محنت کرنے کا کہا تھا اس محنت کی وجہ سے اس کے پروں میں اتنی طاقت آنی تھی جو وہ اس کے جسم کا بوجھ اٹھا سکے۔

آج political manoeuvring کی وجہ سے جو system آرہا ہے وہ اس ملک کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا ہے کیوں کہ اس تتلی کا ہم لوگ آرام سے وہ خول توڑ دیتے ہیں اور اس کو محنت نہیں کرنے دیتے۔ جناب میری باتوں کا برا نہیں منانا۔ وہ کہتے ہیں کہ

دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے     پر نہیں طاقت پرواز مگر رکھتی ہے

اچھا ان تمام چیزوں میں ہم سب شامل ہیں۔ PML(N) ہو، Peoples Party ہو، تحریک انصاف ہو، JUI ہو، ہم سب اس میں شامل ہیں۔ اگر اس ملک میں political merit ہوتا تو میں آج یہاں نہ ہوتا۔ 'ڈبویا مجھ کو ہونے نے، نہ ہوتا میں تو کیا ہوتا'۔ مجھ سے بہت زیادہ talented لوگ اس ملک میں ہیں۔ اس system کی وجہ سے میرے جیسے لوگ بھی parliament میں آگئے۔ مگر چونکہ میں science کا student ہوں تو سوچتا ہوں، سوال اٹھاتا ہوں کہ آخر کیوں؟ unfortunately ہمارا system سوال اٹھانے والے کو پسند نہیں کرتا۔ ہمارا system خوشامد کرنے والوں کو پسند کرتا ہے جو آپ کے اور میرے آگے پیچھے ہو رہے ہوتے ہیں اور ہماری غلط چیزوں کو بھی کہتے ہیں کہ آپ نے بڑا اچھا کیا ہے۔

یہی وہ system ہے جو اس political merit کو آگے آنے نہیں دیتا۔ چیئرمین صاحب، جب تک یہ political manoeuvring ہوتی رہے گی اور political merit

کی پامالی ہوتی رہے گی۔ اب چاہے ہماری نیت کتنی بھی اچھی اور صاف کیوں نہ ہو، ہم غلط سمت میں جاتے رہیں گے۔ تو میری اپنے ان بھائیوں سے ایک request ہے کہ اگر آپ یہ political manoeuvring ختم کر دیں تو ان شاءاللہ تعالیٰ پاکستان بھی slowly but surely ترقی کی راہ پر چل پڑے گا۔

اس دفعہ 2024 میں تو انتہا ہو گئی۔ یہ بھی نہیں دیکھا کہ عوام نے کیسے نکل نکل کر، بغیر گاڑی کے، بغیر قیمہ والے نان کے، بغیر نشان کے، بغیر انٹرنیٹ کے، بغیر جھنڈے کے اور سب سے بڑی بات بغیر لیڈر کے نکل کر ووٹ دیا۔ وہ تمام نکلے جن کو یہ کہتے تھے کہ یہ ممی ڈیڈی ہیں۔ وہ سب نکلے کہ جن کو یہ کہتے تھے کہ یہ تو صرف سوشل میڈیا کی ٹیم ہے اور زمین پر ان کا کوئی وجود نہیں ہے۔ وہ تمام نکلے جن کو یہ کہتے تھے کہ یہ برگر فیملی ہیں۔ وہ تمام نکلے اور اتنی تعداد میں نکلے اور انہوں نے جا کر ایک ایک نشان کو ڈھونڈا۔ آلو، بینگن، قیمہ کریلا، ٹینڈے، فرائی پین، پریشر ککر، ان میں سے ڈھونڈ ڈھونڈ کر نکالا کہ ہمارا candidate کون تھا اور پھر اس کو ووٹ بھی دیا۔ اور پھر ایک clear mandate دیا لیکن اس دفعہ بھی ہم لوگ political manoeuvring کر رہے ہیں۔ Merit کو ہٹا رہے ہیں اور جو merit پر نہیں ہیں ان کو لا رہے ہیں۔ لیکن آخر کب تک۔ وہ Political mindset ہم میں کب بیدار ہوگا۔

لیکن آج مجھے خوشی ہے اور وہ اس بات کی ہے کہ ہمارے درمیان میں قمر زمان کائرہ، سعد رفیق، مصطفیٰ نواز کھوکھر، حافظ نعیم، خرم دستگیر جیسے individuals تو آ گئے ہیں جو بارش کے پہلے قطرے کی طرح ہیں اور یہ مٹی تو اب مہکے گی کیوں کہ یہ اس مٹی کی مجبوری ہے۔ لیکن ہمیں دیکھنا پڑے گا کہ ہم as a political party کب اتنے mature ہو جائیں گے کہ اگر کوئی وہ حق جو ہمارا نہیں بنتا وہ ہمیں دے بھی رہا ہے تو ہم اس کو نہ کب کہیں گے۔ کب ہمارے اندر یہ جو طاقت کی، یہ جو حکومت کی ہوس ہے اور جو اقتدار کی ہوس ہے، وہ ہمارے اندر کب ختم ہو گی؟ ہم کب اس vicious cycle کو توڑنے میں کامیاب ہو جائیں گے اور ہمارے اندر سے ایک آواز آئے گی کہ اگر ہم نہیں تو کون، اگر اب نہیں تو کب۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب۔

## Senator Saifullah Abro

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: شکریہ جناب چیئرمین! کفر ٹوٹا خدا خدا کرکے۔ پاکستان تحریک انصاف جنوری 2023 سے خیبر پختونخوا اور پنجاب میں الیکشن کی demand کرتے کرتے آخر میں جیسے اس وقت کی حکومت الیکشن سے بھاگی اور الیکشن کمیشن الیکشن سے بھاگا، بالاخر خدا تعالیٰ وہ دن بھی لایا جب الیکشن 2024 ہوا جس میں بڑے نئے نئے طریقے دیکھے گئے۔ باقی تو الیکشن سے پہلے تھے لیکن الیکشن میں آپ تمام نے دیکھا کہ nomination paper file کرنا، جب ممبر گئے تو ان سے چھیننا، proposer and seconder کو اغوا کرنا۔ اس کے بعد nomination papers کو reject کرنا، بلے کا نشان واپس لینا، ایک لیڈر کو تین دن لگاتار چوبیس گھنٹے courts کو چلا کر سزائیں دینا۔ اس کے باوجود بھی جو الیکشن ہوا کم از کم اس کی تو لاج رکھی جائے۔ یہ حکومت اس کو کیوں نہیں مانتی۔

مجھے تعجب تھا اور میں یہ چاہ رہا تھا کہ ہم اس الیکشن پر بات کرتے لیکن یہاں ہمارے ایک colleague نے، جیسے ہمایوں بھائی نے بھی کہا کہ اس نے صاف لفظوں میں ایسے زہر اگلا کہ اس کا غصہ تحریک انصاف سے جاتا نہیں۔ پتہ نہیں کہ تحریک انصاف نے اس کے ساتھ ایسا کیا کیا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس کو غصہ اس system پر تھا۔ شاید انہوں نے جب پارٹی کے لئے ایک سلوگن بنایا تھا کہ پاکستان کو نواز دو۔ لیکن کہیں سے جواب آیا کہ نہیں، ابھی شہباز لو۔ شاید اس کو یہ غصہ ہے جس کی وجہ سے اس کی وہ تکلیف دور نہیں ہوتی۔

وہ کہتے ہیں یہ 2018 کے الیکشن، 1970 کا الیکشن، 1977 کے الیکشن میں بھٹو صاحب کو اس کے بعد پھانسی لگ گئی۔ لیکن جب آپ 1985 کے non-party election میں جو آپ کی پارٹی وجود میں آئی تھی وہ آپ بھول گئے ہیں؟ وہ ضیاء الحق کے دس سالہ مارشل لا میں وجود میں آئی تھی۔ یہ آپ کو کبھی بھی نہیں بھولنا چاہئے۔ آج آپ جتنے بھی انقلابی بنیں، 1985 سے آپ اپنی جان نہیں چھوڑا سکتے۔ تو لہٰذا آپ کو یاد رکھنا چاہئے۔

2018 کے الیکشن پر بڑی تکلیف ہے۔ تو میں ہلکا ہلکا touch دیتا جارہا ہوں کہ 2018 میں بھی آپ کو یاد کرنا چاہیے کہ اپریل 2022 میں جب حکومت بنی تھی وہی 2018 کے الیکشن کے نتائج تھے۔ وہی RTS تھا۔ اسی RTS میں سندھ حکومت بنی تھی۔ آپ ابھی ہمیں کہہ رہے ہیں کہ جی

KPکا الیکشن 2024۔ میں پہلے تو یہ کہوں گا کہ ہمیں کوئی objection نہیں ہے۔ پہلے آپ جو بھی الیکشن کا audit کروائیں اور start KP سے کریں۔ KP کے NA-01 سے لے کر NA-45 تک یا جہاں تک ان کی seats ہیں۔ جو ان کے ایک سو پندرہ MPAs کی seats ہیں، پہلے اس کا election audit کروائیں۔ بعد میں آپ اپنے گریبان کو دیکھیں۔

آپ کہتے ہیں کہ KP میں الیکشن امام کعبہ نے نہیں کیا۔ بالکل نہیں کروایا۔ امام ابو حنیفہ، بالکل نہیں تھا، لیکن یہ الیکشن امام سکندر سلطان نے کروایا ہے۔ یہ بھی آپ کے knowledge میں ہونا چاہیئے۔ اس امام سکندر سلطان سے تو پہلے حساب لیں، انتخابات ہو گئے ہیں، آپ کم از کم ان کی لاج رکھیں۔ مجھے افسوس ہوا کہ کل سارا ایوان کھڑا ہو گیا کہ ان elections کا audit ہونا چاہیے کیونکہ دھاندلی ہوئی ہے۔ اب ہم یہاں ایوان میں total 14 and 15 دوست بیٹھے ہیں، ہمارے اس ایوان بالا کی یہ seriousness ہے کہ ہم اپنے کتنے مسائل حل کرنا چاہتے ہیں۔ آپ یہ چیز کریں کہ کم از کم جو چیزیں آ گئی ہیں تو ان میں تو آگے بڑھیں۔

جناب! میری چھوٹی سی گزارش ہے کہ یہاں پر خطاب کیا گیا ہے کہ ماضی کی یادیں خوشگوار نہیں ہیں، بے شک نہیں ہیں لیکن آئیں ہم سب دوست مل کر ماضی کو چھوڑیں جو ہو گیا ہے۔ ہر بندہ اپنے اپنے اعمال کا ذمہ دار ہے، اس کے حساب سے اس کو جواب بھی مل جائے گا۔ اللہ تعالیٰ امتحان لیتا ہے، اللہ تعالیٰ ہر کسی کو عزت بھی دیتا ہے اور اس کے غلط کام پر ذلت بھی ملتی ہے۔ آئیں ہم کم از کم ماضی کو چھوڑ دیں، ہم اس حال کو خوشگوار کیوں نہیں بناتے۔ مخالفت برائے مخالفت اور تنقید برائے تنقید ہوتی ہے۔ مجھے تعجب ہے کہ ابھی تک اسمبلی کا اجلاس call نہیں ہوا، ہمارے colleague نے announce کیا ہے کہ آپ Opposition میں بیٹھیں اور KP کو enjoy کریں۔ آپ کو کیسے پتا چلا کہ آپ اتنے انقلابی ہیں اور پیپلز پارٹی کی جان نہیں چھوڑ رہے۔ پیپلز پارٹی کی نوجوان leadership نے ابھی پنجاب میں اپنی بنیادیں رکھی ہیں، پیپلز پارٹی اس سے ڈر کر اتحاد نہیں کر رہی، بلاول صاحب کل کیسے پنجاب میں جائیں گے۔ اب بلاول صاحب اپنی سیاست بچا رہے ہیں لیکن آپ نہ جانے ان پر کون کون سے pressure ڈلوا رہے ہیں، آپ کہتے ہیں کہ PPP کے علاوہ ہماری حکومت نہیں بنتی۔

جناب! ہم مولانا فضل الرحمٰن صاحب سے کیوں ملے ہیں؟ مولانا فضل الرحمٰن کہتے ہیں کہ ان جیسے معتدل شخص کو (ن) لیگ نے ناراض کیا ہے تو ہم ان کے زخموں پر مرہم رکھنے کے لیے نہ جائیں؟ ہم ان کے پاس گئے ، ہم ان کے پاس ہمدردی کرنے گئے۔ کیوں نہیں جائیں گے؟ Dialogue کا راستہ بند نہیں ہونا چاہیے، ماضی میں ہوا ہے تو بہت ہو گیا، اگر ہمیں آگے بڑھنا ہے، سب کو اس ایوان کو ساتھ لے کر چلنا ہے۔

جناب! کافی دوستوں کی باتیں ہیں۔ آپ کو پتا ہے کہ اس ایوان سے بڑی بڑی resolutions pass ہوئیں، اگر دو بندے بھی بیٹھے ہیں تو پھر بھی resolution pass ہو جاتی تھی۔ یہی یقین ہے کہ بڑا معجزہ ہو گیا ہے کہ اس ایوان کی resolution کے باوجود امام الیکشن سکندر سلطان نے الیکشن کروائے ہیں۔ آپ کو پتا ہے کہ یہاں سے resolution pass کی گئی تھی اور یہاں پر پانچ، چھ لوگ بیٹھے تھے کہ elections نہ ہوں، سکندر سلطان نے بڑا کام کیا ہے۔ ہم کل یہاں پر احتجاج کر رہے تھے تو ہمارے پاس دوسری پارٹیوں کے سارے دوست آئے اور انہوں نے کہا کہ ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ میری ایک تجویز ہے، اگر یہ ایوان بہتر سمجھتا ہے تو آپ resolution لائیں تاکہ ہم اس مسئلے کو حل کر سکیں۔ آپ دیکھیں کہ National Assembly and four Provincial Assemblies کی total 858 seats ہیں، 858 seats کے 45 form تقریباً 160000 بنتے ہیں۔ آپ کو 45 form پر تکلیف نہیں ہونی چاہیے، اگر اس وقت کسی دوست کو 45 form پر تکلیف ہو رہی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان میں ماضی کے 75 سال میں جتنے نئے نئے tactics use کئے گئے اور الیکشن سے کسی کو فائدہ دیا گیا۔ اس مرتبہ پاکستان کی youth اٹھی اور کافی لوگوں کو جس youth سے تکلیف ہے۔ ایک Caretaker Minister یہاں سے اٹھ گئے ہیں جو ایک T.V talk show میں کہہ رہا تھا کہ میں نے PTI کے لوگوں کے لیے لفظ یوتھیا ایجاد کیا تھا۔ وہ آج بیٹھا ہوتا اور دیکھتا کہ آپ کا پاکستان کی youth نے کیا حشر کیا ہے، youth نے کتنی seats جیتی ہیں۔ آپ اس دن being a caretaker Minister T.V پر فخر سے کہہ رہے تھے، ہاں جی میں نے ایجاد کیا تھا، یہ کوئی فخر یہ بات ہے، اگر آپ پاکستان کے نوجوان کو عزت نہیں دیتے تو اللہ تعالیٰ بھی آپ کو عزت نہیں دیتا۔ میں 858 seats پر آتا ہوں، 858 seats کا audit کوئی بڑی بات نہیں

ہے۔ Form 45 کیا ہوتا ہے، پولنگ سٹیشن کا Presiding Officer ہوتا ہے، وہ result دیتا ہے اور اس پر sign and thumb impressions ہوتے ہیں، اس پر Presiding Officer اور تمام پارٹیوں کے پولنگ ایجنٹس کے sign and thumb impressions ہوتے ہیں، یہ simple سی چیز ہے۔ آپ 45 form 160000 کے thumb impression and sign کی verification کرائیں۔ یہ بالکل simple ہے، آپ KP سے start کریں اور جو پارٹی جیت کر آئے، ہم سب یہاں پر عہد کرتے ہیں کہ پاکستان کی بھلائی کی خاطر اس کا mandate مانا جائے۔ ہم سب مل کر بیٹھیں اور پاکستان کے مسائل بھی حل ہوں۔ میں PTI کی طرف سے آپ سے commitment کرتا ہوں کہ آپ پہلے audit کرائیں جس کی حکومت بنتی ہے، اگر آپ کی حکومت بنتی ہے تو PTI آپ کو follow کرے گی۔ آپ کسی کی منتیں نہ کریں لیکن اگر آپ کا جھوٹا election ہے۔ ایک بندہ NA-71 سیالکوٹ سے ہے، وہ کہتا تھا کہ کوئی شرم ہوتی ہے، کوئی حیا ہوتی ہے، اس کو شرم نہیں آئی۔ 99% نتیجہ آ گیا تھا، آپ جیو ٹی وی دیکھیں، جیو ٹی وی کس کا ہے، اس جیو ٹی وی پر result 99% کے مطابق محترمہ ریحانہ ڈار صاحبہ کی 55000 کی lead تھی، وہ اچانک result 1% کی بنیاد پر کیسے جیتا، اگر NA کے 300 polling stations average ہیں تو 1% کا مطلب 3 polling stations بنتے ہیں۔ یہ کون سے 3 polling stations ہو سکتے ہیں جس میں 55000 سے زیادہ votes تھے لیکن اس کو کبھی شرم نہیں آئی، اس کو کبھی حیا نہیں آئی، وہ لوگوں کو ethics سکھاتا ہے، وہ ہماری خواتین کو گالیاں دیتا ہے۔ اس وقت کہہ رہا ہے کہ ہمیں ابھی اسے چھوڑنا چاہیے۔ اس کو شرم اور حیا نہیں آئی کہ 1% پر 55000 کی lead کہاں گئی، جیو ٹی وی غلط تھا، تم غلط ہو یا امام الیکشن سکندر سلطان غلط ہے، تینوں میں ایک غلط ہے، اس میں PTI کا قصور نہیں ہے۔ آپ ایسے elections جیتیں گے۔

جناب! اب KP NA-15 پر آ جائیں، مولوی کفایت اللہ صاحب کہتے ہیں۔ جناب! آپ دیکھیں کہ بڑی آسان چیز ہے، ہاں ہم آنکھیں بند کرکے بیٹھیں پھر تو اور چیز ہے جب بھی کوئی election ہوتا ہے، آپ کو پتا ہے کہ اس پر مختلف امیدوار ہوتے ہیں، اس میں ایک امیدوار نہیں ہوتا یا دو امیدوار نہیں ہوتے کہ (ن) لیگ اور PTI کے علاوہ کوئی امیدوار نہیں تھا۔ آٹھ، آٹھ امیدوار

ہوتے ہیں، مولوی کفایت اللہ صاحب NA-15 مانسہرہ سے امیدوار تھے، وہ کہتے ہیں کہ میرے پاس form 45 ہیں، اس کے مطابق PTI کا امیدوار جیتا ہے، (ن) لیگ کیسے کہتی ہے کہ ہمارا امیدوار جیتا ہے۔ اسی امام الیکشن نے اس کا نتیجہ announce نہیں کیا، یہ کون سا election ہے۔

جناب! مصطفیٰ نواز کھوکھر کے پاس نتیجے ہوں گے، حافظ نعیم صاحب ہیں۔ پاکستان میں پہلے elections ہیں اور پاکستان میں history change ہو رہی ہے کہ جو امیدوار elections میں کھڑے ہیں جو third and second position پر آئے ہیں اور جو winner ہے، وہ ثبوت دے رہے ہیں، آپ کے ماننے یا نہ ماننے سے کچھ نہیں ہو گا، ہاں آپ کی مجبوری ہو سکتی ہے۔ 160000 form 45 کا audit اس ایوان میں ہونا چاہیے، اگر اس ایوان میں نہیں ہوتا تو ہم Supreme Court of Pakistan میں چلتے ہیں، وہ قاضی صاحب Chief Justice of Pakistan ہیں۔ وہاں پر ویسے ہی live hearing ہوتی ہے، آئیں، وہاں پر چلیں اور قاضی صاحب دربار لگائیں، 160000 form 45 کی verification کرائیں جو پارٹی جیتے، وہاں پر اس کا اعلان کریں، ویسے بھی live coverage ہوتی ہے۔ آپ رات بارہ بجے اپنی Court کھولتے ہیں تاکہ یہ کام ہو جائے۔ اس پاکستانی عوام کے سامنے ایک مرتبہ حقائق آ جائیں کہ ماضی میں 75 سال سے پاکستان کے ساتھ کیا ہوتا رہا ہے، کون کتنا جمہوری leader تھا اور کون ہے جو اس system کو آگے نکیل ڈالنا چاہتا ہے۔ اس کا پتا چل جائے گا، اس میں جو بھی ROs and concerned officers ہیں، اگر وہ involve ہیں اور وہ expose ہو جاتے ہیں۔ میں آپ سے یہ demand کرتا ہوں کہ جیسے کمشنر راولپنڈی نے کہا کہ جو ROs دھاندلی میں شامل ہوں، قاضی فائز عیسیٰ چیف جسٹس کے سامنے پیش ہوں اور ان کو live coverage میں پھانسی پر لٹکایا جائے، ان لوگوں کو نہ چھوڑا جائے۔

جناب! آپ 160000 form 45 پر نہیں جاتے تو جو راولپنڈی کے کمشنر نے کہا ہے، کم از کم اس پر تو جائیں۔ یہاں پر 13 MNAs کی seats ہیں، اگر 300 polling stations ہوں تو آپ کے 4000 form 45 round about بنتے ہیں، اگر 160000 form 45 پر نہیں جاتے تو اس سے start کر لیں، یہاں سے پتا چل جائے گا۔

45 form 4000 کوئی بات ہی نہیں ہے، ان کی دو دن میں verification ہو جاتی ہے تو آپ اس پر آ جائیں۔

جناب! میں (ن) لیگ کو سلام کرتا ہوں، میں اس استاد کو سلام کرتا ہوں، اس colleague کو سلام کرتا ہوں جس نے ایسے ایسے slogans دیے، آپ نے فروری کے newspapers میں دیکھا کہ پاکستان کو نواز دو، پاکستان کو نواز دو۔ کیوں؟ پہلے پاکستان کو کسی نے نہیں نوازا، پاکستان کو بہت نوازا گیا ہے۔ اسی نواز کو پہلے بھی نوازا گیا ہے تو پاکستان کے عوام نے بتایا کہ ہمیں نہیں چاہیے۔ آپ اس کو زبردستی پاکستان کے عوام پر مسلط کریں گے تو یہ پاکستان کے عوام اس کو ان ایوانوں سے نکال پھینکیں گے۔ آپ کی یہ سوچ ہے کہ PTI استعفے دے گی اور join نہیں کرے گی، PTI oath بھی لے گی اور آپ کے گلے کا کانٹا بن کر ثابت بھی کرے گی، آپ نے بہت ہنی مون منا لیا۔ ہمارے لوگوں نے اپریل 2022 میں استعفے دیے تو آپ لوگوں نے دو، دو لوگوں پر وہاں سے جو bills pass کرائے، اس سینیٹ کے ایوان سے 100 bills ایک دن میں pass کرائے، وہ زمانہ چلا گیا، اب آپ دیکھیں گے کہ آپ کے ساتھ PTI کیا کرتی ہے۔ اس سے بہتر ہے کہ آپ جتنا جمہوریت کا دعویٰ کرتے ہیں، آپ جتنے انقلابی بنتے ہیں تو آپ اس کا ثبوت دیں جو کمشنر لیاقت چٹھہ نے کہا ہے اس لیاقت چٹھہ سے تو شروعات کریں۔ میں یہ اعلان کرتا ہوں اور میں نے اپنی پارٹی سے بھی نہیں پوچھا ہے، ڈاکٹر ہمایوں مہمند صاحب ہماری ایک کمیٹی کے ممبر بھی ہیں، میں اعلان کرتا ہوں کہ اگر پنڈی کے الیکشن میں آپ جیتے ہیں تو ہماری جماعت پورے پاکستان سے جو بھی objections ہوں گے وہ withdraw کر لے گی لیکن اگر آپ ہار گئے تو آپ کو چھوڑ دینا چاہیے، آپ پاکستان کی عوام کے ساتھ ایسا مذاق مت کریں۔ آئیں یہاں پر چیئرمین صاحب بھی بیٹھے ہیں، قرآن شریف منگوائیں، اس پر ہاتھ رکھتے ہیں، میں اپنی پارٹی کے پاس جاؤں گا، آئیں عوام تو دیکھیں۔ آپ پورا لاہور ہار گئے ہیں۔ آپ نے بچیوں کو جیلوں میں ڈالا ہوا ہے۔ ایسی باتیں یہاں کرتے ہیں ہمیں نہ سمجھائیں۔ بہت ساری چیزیں ہو گئی ہیں، خدارا اگر آپ چاہتے ہیں کہ پاکستان کے مسائل حل ہوں تو ہم سب مل بیٹھنے کو تیار ہیں لیکن اس کا audit سپریم کورٹ میں ہونا چاہیے، جو جیتے اس کی announcement یہاں سے ہونی چاہیے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر عابدہ عظیم صاحبہ۔ نہیں ہیں۔ سینیٹر تاج حیدر صاحب۔

**Senator Taj Haider**

سینیٹر تاج حیدر: شکریہ، جناب چیئرمین! میں آپ سب حضرات کی، اراکین کی اور جناب چیئرمین آپ کی توجہ کی درخواست کروں گا۔ پاکستان اور ہماری قوم اس وقت ایک دوراہے پر کھڑی ہے۔ ایک راستہ انتشار اور جذباتیت کی طرف جاتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ تباہی کا راستہ ہے۔ دوسرا راستہ اتحاد اور دانش مندی کی طرف جاتا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ راستہ فلاح کا راستہ ہے اور ہمیں انتخاب کرنا ہے کہ قوم کو ہم کس راستے پر لے کر چلیں گے۔

جناب عالیٰ! وجوہات ہیں اور میں ان وجوہات کے اوپر اپنی گزارشات کی بنیاد رکھوں گا۔ پاکستان کی ریاست عوام کی بنیادی ضروریات پوری کرنے میں ناکام ہو چکی ہے اور اس کی وجہ سے ناامیدی پھیل رہی ہے۔ اس کی وجہ سے قوم کا رویہ جذباتی ہو رہا ہے۔ کچھ لوگ جذبات میں بہتے ہیں اور انتشار پیدا کرنا چاہتے ہیں لیکن یہ ایسا مقام اور جگہ ہے کہ دانش مندی، اتحاد اور عقلیت کی بات کی جائے۔ اس لیے میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ جذباتیت کو ختم کریں اور دانش مندی کو آگے لائیں۔ ہم سیاسی لوگوں کا یہ فرض ہے کہ آپس میں مل جل کر، تبادلہ خیال کر کے فلاح اور اتحاد کا راستہ ڈھونڈیں۔ It's high time we gave-up emotionalism, we should convert towards rationalism. ہماری جماعت نے ہمیشہ دانش مندی کا ساتھ دینے کی کوشش کی ہے اور آج میں سینیٹر سید علی ظفر کا ممنون ہوں کہ انہوں نے آج محترمہ شہید بے نظیر بھٹو کا حوالہ دیا کہ جو انتخابی نشان کے مسئلے میں سپریم کورٹ گئی تھیں اور کہا تھا کہ یہ عوام کا حق ہے اور ہم آج بھی اس پر قائم ہیں کہ اگر کسی جماعت کا انتخابی نشان چھینا جاتا ہے تو عوام کی حق تلفی ہوتی ہے۔ اس لیے جہاں تک شکایات کا تعلق ہے تو ہماری شکایات ہیں اور میں خود اپنے مرکزی انتخابی سیل کا سربراہ تھا، پارٹی کا سیکریٹری جنرل ہوں۔ میں شکایات کرتا رہا، ہمیں جو بھی شکایات تھیں، تحریری شکایات کرتا رہا۔ محترم سولنگی صاحب یہاں تشریف رکھتے ہیں۔ ہمارے چند امیدواروں کے انتخابی نشانات نہیں مل رہے تھے، ہم نے شکایات کیں۔ ہم عدلیہ میں گئے۔ سولنگی صاحب نے مجھے ٹیلی فون کیا اور کہا کہ ہم اس مسئلے کو نمٹانا چاہتے ہیں۔ ایک نشست پر وہ مسئلہ حل ہو گیا، دوسری نشستوں پر نہیں ہو سکا لیکن بہر حال ہم نے کوئی انتشار نہیں پھیلایا، ہم دوسرے نشانات کے ساتھ انتخابات میں گئے۔

اللہ بی بی شہید کو جزائے خیر دے انہوں نے یہ مسئلہ اٹھایا تھا کیونکہ پہلے یہ ہوتا تھا کہ لوگ پولنگ سٹیشن پر ووٹ ڈالتے تھے اور وہ بند کے بند ڈبے Returning Officers کے پاس پہنچ جاتے تھے، راستے میں ان ڈبوں کے ساتھ کیا ہوتا تھا، کس طریقے سے جعلی ووٹ بھرے جاتے تھے وہ ایک طریقہ کار تھا اور وہاں پر صرف ایک جگہ پورے حلقے کی گنتی ہوتی تھے اور جو بھی اعلان کر دیا جاتا تھا وہ ہر ایک کو ماننا پڑتا تھا۔ بی بی صاحبہ نے بار بار یہ مطالبہ کیا اور زور دیا کہ گنتی اور نتائج کا اعلان پولنگ سٹیشن پر ہونا چاہیے، پولنگ ایجنٹوں کی موجودگی میں گنتی ہونی چاہیے اور فارم پر ان کے دستخط لیے جائیں کہ ہاں وہ نتائج سے agree کرتے ہیں اور اس فارم کو پولنگ سٹیشن کے دروازے پر لگایا جائے۔

جناب یہ فارم 45 ہے جو پورے انتخابی عمل کی جان ہے اور آج مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ ملک کا بچہ بچہ فارم 45 کی بات کر رہا ہے۔ فارم 45 وہ دلیل اور ثبوت ہے جس پر آپ کہہ سکتے ہیں کہ یہ انتخابات صحیح تھے یا غلط تھے۔ جناب عالیٰ! 2018 میں انتخابات ہوئے تھے، تین لاکھ ستر ہزار فوجی انتخابی پولنگ سٹیشنوں پر متعین تھے اور تمام پولنگ ایجنٹوں کو باہر نکال دیا گیا تھا کیونکہ فارم 45 میں ردوبدل کرنا تھا۔ 78471 فارم 45 اس وقت کے الیکشن کمیشن نے اپنی website پر لگائے تھے۔ اس میں سے صرف 128 ایسے تھے جس پر امیدوار کے نام کے ساتھ دستخط تھے، باقی چار ہزار پر امیدوار کے نام تک کو mention نہیں کر رہے تھے اور پتا نہیں وہ دستخط کس نے کیے تھے لیکن اگر ان چار ہزار کو بھی مان لیا جائے تو یہ 5% سے بھی زیادہ نہیں بنتی ہے۔ اس کے باوجود ہماری جماعت نے، چیئرمین بلاول صاحب نے کہا کہ ہاں ایک Prime Minister select ہے اور اسے تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی تاکہ ملک استحکام اور ترقی کی طرف بڑھے۔

جناب عالیٰ! نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا، اب اس پر کیا ردعمل ہوا، اس offer کو کس طریقے سے ٹھکرایا گیا وہ آخر کی بات ہے۔ ہم نے اس مرتبہ بہت پہلے سے اعتراضات کیے اور تحریری اعتراضات کیے۔ مردم شماری کے اندر جو زیادتی ہوئی تھی، ہم نے اس پر روشنی ڈالی۔ Chief Minister Sindh کے چودہ خطوط ہیں جو مرکزی حکومت کو لکھے گئے کہ مردم شماری میں گڑبڑ ہو رہی ہے۔ سندھ کی آبادی تین کروڑ کم کی گئی ہے۔ ملک کی آبادی جو کہ تیس کروڑ تھی اسے چوبیس کروڑ کر دیا گیا اور حیرت کی بات ہے جو figures notify ہو چکی تھیں ان کے اندر بھی CCI

meeting میں کمی کی گئی لیکن جس وقت یہ بتایا گیا کہ صاحب آئین میں ترمیم لانی پڑے گی اور جب یہ کہا گیا کہ اس سے انتخابات پھر سے ملتوی ہو جائیں گے تو پھر ہم نے کہا کہ ٹھیک ہے ہم ساتھ دیتے ہیں اور آپ انتخابات کرائیں۔ ہم نے اس حق تلفی کو برداشت کیا لیکن استحکام اور اتحاد کے راستے کو نہیں چھوڑا۔

جناب عالیٰ! پارلیمانی کمیٹی بنی، سینیٹ سے علی ظفر صاحب، تارڑ صاحب اور میں اس کا رکن تھا۔ ہم نے تجویز دی کہ فارم 45 کو WhatsApp کے ذریعے Returning Officers کو بھیجا جائے اور ہم نے یہ بھی تجویز دی کہ جو بھی امیدوار اس پولنگ سٹیشن پر ہیں ان کا ایک WhatsApp group بنایا جاتے اور ساتھ ہی ساتھ فارم 45 ان تمام امیدواروں کو بھیج دیا جائے تاکہ امیدوار کے دفتر میں بھی صحیح نتائج بنائے جا سکیں۔ ہم سے کہا گیا کہ آپ ہمیں پابند نہ کریں کہ کس application کو استعمال کرنا ہے، ہو سکتا ہے کہ کوئی اور application آ جائے اور اس کو آپ صرف electronically کہیں۔ کمیٹی نے یہ بات تسلیم کی۔ ہمیں معلوم نہیں تھا کہ آگے کیا ہونے والا ہے لیکن اگر یہ طریقہ کار اختیار کیا جاتا تو پھر امیدوار کے پاس گنتی کے فوراً بعد اس پولنگ سٹیشن کا نتیجہ پہنچایا جا سکتا تھا۔ 12 جنوری کو ہماری جماعت کے وفد نے میری سربراہی میں چیف الیکشن کمشنر صاحب سے ملاقات کی اور ہم نے پھر اس بات کو دہرایا کہ جناب آپ یہ انتظام کریں کہ WhatsApp کے ذریعے امیدواروں کے group میں پولنگ سٹیشن کے نتائج پہنچ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اچھی تجویز ہے۔ ہم نے postal ballot کے بارے میں بھی اپنی تجاویز دیں کہ کس طریقے سے scrutiny کے وقت حلقے کے امیدوار وہاں پر ہونے چاہییں اور کس طریقے سے website پر voters list آنی چاہیے۔ انہوں اس کو بھی اچھی تجویز کہا لیکن شاید ان کی کچھ مجبوریاں ہوں گی ان دونوں تجاویز پر کام نہ ہو سکا۔ جس وقت EMS لایا گیا تو ہمارے Election Cell نے اس پر سخت اعتراضات کیے اور ہم نے کہا کہ ایسی چیز کو کیوں استعمال کیا جارہا ہے جو کہ پہلے کبھی استعمال نہیں ہوئی اور whatsapp کیوں نہیں استعمال کیا جا رہا لیکن یہ تمام اعتراضات ہم نے تحریری طور پر کیے اور media یہاں پر بیٹھا ہوا ہے ہم اپنی ہر تحریر media کو release کرتے رہے اور media اس کو print کرتا رہا۔

جناب چیئرمین! جس دن internet بند ہوا صبح 07:30 بجے internet بند ہو چکا تھا ہم نے فوراً احتجاج کیا کہ internet کو کھولا جائے اور ہماری قیادت کی طرف سے احتجاج کیا گیا کہ یہ بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے لیکن وہ بھی تحریری شکل کے اندر تھا۔ Polling کے دن Party Election Cell نے 60 سے زیادہ شکایات بھیجیں اور ان کی copies جو تھیں وہ تمام کی تمام شکایات ثبوت کے ساتھ video کے ساتھ کیں کہ اس Polling Station پر خواتین Ballot Box کے اندر جعلی vote ڈال رہی ہیں یا ہمارے پاس تیس ہزار vote موجود ہیں جو کہ جا رہے تھے اور ہم نے راستے میں روک لیے ہیں۔ یہ تمام شواہد ہمارے تھے اور جہاں ہمارے پاس شواہد نہیں تھے وہاں ہم نے کہا کہ ہمیں یہ اطلاع ملی ہے آ کر اس کی تحقیقات کریں۔

میں ایک بات کہنا چاہتا ہوں جو اس وقت میں نے confidential رکھی تھی کہ 04th February کو جب ہمیں اطلاع ملی کہ Returning Officers پر دباؤ ڈالا جا رہا ہے، 04th February کی شام کو ہم نے Chief Election Commissioner کو تحریری طور پر لکھا کہ Returning Officers پر دباؤ ڈالا جا رہا ہے دس منٹ میں ان کا جواب میرے پاس آیا کہ ہم ایسا کبھی نہیں ہونے دیں گے اور میں ان کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے کوشش کی، ہدایات بھی دیں کہ Returning Officers کسی کا دباؤ قبول نہ کریں۔ ایمانداری سے اپنا کام کریں اور بہت سے Returning Officers کو مدد ملی ان letters سے اور انہوں نے کہا کہ Election Commission ہمیں یہ ہدایات دے رہا ہے۔

اس وقت ہم قانونی طریقہ کار اختیار کر رہے ہیں تمام تر اپنی شکایتوں کے باوجود اور tribunals کے اندر اور عدالتوں کے اندر یا Election Commission کے سامنے اپنی petitions لے کر جانا چاہ رہے ہیں۔ یہ ہی التجا، یہ ہی گزارش ہم دوسری جماعتوں سے کرنا چاہتے ہیں کہ انتشار کا راستہ روکا جائے، قانونی راستہ اختیار کیا جائے۔ حق تلفی ہوئی ہے اور جہاں جہاں حق تلفی ہوئی ہے PPP ان کے ساتھ کھڑی ہے لیکن کیا یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ ملک کے اندر انتشار پھیلایا جائے۔ ہماری Party کا انتخابی نشان لیا گیا تھا ہم نے فوراً قانونی راستہ اختیار کیا Parliamentarians بنائی اور Parliamentarians نے دوسرا انتخابی نشان لیا اور آج تک ہم اسی انتخابی نشان سے لڑ رہے ہیں۔

وہ لائق وکیل جو کہ ہماری اس کارروائی میں شامل تھے آج کسی اور جماعت میں ہیں، میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس دوسری جماعت نے یہ طریقہ کار اختیار کیوں نہیں کیا؟ میں پوچھنا چاہتا ہوں اگر اس وقت کچھ جماعتوں کو ساتھ لیا جا رہا ہے جو منتخب بھی نہیں ہوئیں، انتخابات سے پہلے ان جماعتوں کو ساتھ کیوں نہیں لیا؟ راستے موجود تھے لیکن کیا فیصلہ یہ تھا کہ ملک کے اندر انتشار پیدا کیا جائے۔ میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جس طریقے سے تین مقدمات میں سزائیں دی گئیں ہم اسے مضحکہ خیز کہتے ہیں لیکن کیا ان سزاؤں نے عوام میں ہمدردی پیدا نہیں کی، عوام کے جذبات سامنے نہیں آئے اور کیا سزا دینے والے اس میں شریک نہیں تھے کہ عوام کے جذبات ابھارے جائیں، جذبات اور انتشار کو بڑھایا جائے۔

ایک ذمہ دار افسر نے press conference کی کیا وہ اس وجہ سے نہیں تھی کہ ملک میں انتشار پیدا کیا جائے۔ میں تمام دوستوں سے جو ہمارے ساتھ ہیں اور جو ہمارے خلاف ہیں ان سب سے میں کہنا چاہتا ہوں کہ ان کوششوں کی حوصلہ شکنی کریں۔ ہم دیکھ چکے ہیں کہ 1977 میں کیا ہوا تھا، 1977 میں نو ستاروں کی پوری مہم چلائی گئی ملک میں انتشار برپا کیا گیا اور پھر جو ظالم ترین Martial Law ملک میں نافذ ہوا۔ ہماری جماعت نے اس کا سارا ظلم برداشت کیا، کوڑے ہم نے کھائے، پھانسیاں ہمیں ملیں صرف اس لیے کہ جمہوریت واپس آئے اور جمہوریت ملک میں واپس آئی اور جمہوریت کسی نہ کسی شکل کے اندر آگے چل رہی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو اصل مسئلے ہیں بے روزگاری، مہنگائی، غربت کے مسائل ہیں ان کے اوپر غور کرنا چاہیئے۔

اسحاق ڈار صاحب تشریف لے جا چکے ہیں نہیں تو میں ان کو گواہ بناتا عرفان صاحب تشریف رکھتے ہیں آج جو دونوں Parties کے درمیان مذاکرات ہو رہے ہیں اس میں ہم وزارتیں نہیں مانگ رہے، اس میں ہم منصوبے مانگ رہے ہیں، ہم وہ طریقہ کار سامنے رکھ رہے ہیں کہ جس کی وجہ سے یہ بنیادی مسئلے جن کی وجہ سے ناامیدی پیدا ہوتی ہے، جس کی وجہ سے تفریق پیدا ہوتی ہے، جس کی وجہ سے تقسیم پیدا ہوتی ہے اور جس کی وجہ سے ملک میں انتشار پھیل رہا ہے۔ بھوک، بے روزگاری، غربت کے مسائل ان کو settle کیا جائے۔ میں دعوت دیتا ہوں ان تمام لوگوں کو کہ آپ قانونی راستے اختیار کریں، form 45 اگر آپ کے پاس ہے تو اس کو سامنے لائیں۔ بی بی صاحبہ

شہید کو اللہ جزا دے انہوں نے یہ تجویز دی تھی اور وہ تجویز اب قانون کا حصہ ہے اور وہ ثبوت ہے اس چیز کا کہ آپ کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے کہ نہیں ہوئی، آپ ہارے ہیں یا جیتے ہیں؟

ہم یہ ہی طریقہ کار اختیار کر رہے ہیں اور بہت سی دوسری جماعتیں بھی۔ میں بالکل یہ نہیں چاہتا کہ اگر کوئی seat کسی سے چھینی گئی ہے تو وہ اس کے قبضے میں رہے وہ جیتے یا نہ جیتے اور ہمارے چیئرمین نے پرسوں ٹھٹہ میں کہا کہ میں اپنی ایک seat چھوڑ رہا ہوں اس کے اوپر آئیں اور انتخابات کرائیں اور اگر ہم نے کوئی seat rigging کے ذریعے لی ہے form 45 لے کر آئیں ہم وہاں سے ہٹنے کو تیار ہیں اور ہم اس seat پر by-elections کرانے کو تیار ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ ملک میں اتحاد قائم ہو، ہماری کوشش ہے کہ غریبوں کے مسائل حل ہوں۔

میں Party کی طرف سے دعوت دینا چاہتا ہوں ان تمام صاحبان دانش و فہم کو، ان تمام سیاسی مدبرین کو کہ آئیں اور بیٹھیں۔ میں ان کے احتجاج کرنے کے حق کو لینا کا سوچ بھی نہیں سکتا۔ وہ آئین کے دائرے میں رہ کر، قانون کے دائرے میں رہ کر اپنا حق واپس نہ لیں وہ بالکل لیں لیکن ساتھ بیٹھیں، انتشار کے راستے کو ترک کریں، اتحاد کا راستہ اختیار کریں، جذباتیت کے راستے کو ترک کریں، دانش مندی کا راستہ اختیار کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کوشش کریں کہ پانچ پانچ منٹ بات کریں کیونکہ اس کے اوپر discussion کے دو گھنٹے پورے ہو رہے ہیں۔ جی سینیٹر عون عباس صاحب election پر بات کریں مختصر سی۔

**Senator Aon Abbas**

سینیٹر عون عباس: (عربی)۔۔۔ سب سے پہلے میرے جو honourable seniors ہیں جو اپنے چھ سال مکمل کر کے چلے جائیں گے میری طرف سے نیک خواہشات I wish them all the best and I will look forward کہ وہ دوبارہ elect ہو کر آئیں۔

It has been a wonderful time with them and I hope to see them again, all of them, number one.

Number two, جیسے کہ علی ظفر صاحب نے کہا and thankful to you sir کہ آپ نے ہماری request کو accept بھی کیا، production order کرنا نہ کرنا

آپ کی بس کی بات ہے but again I am thankful to the Treasury Benches. بزنجو صاحب، ترین صاحب، مشاہد صاحب، سعدیہ عباسی صاحبہ کہ جو Treasury Benches ہیں جنہوں نے PTI کے ساتھ مل کر اعجاز چوہدری صاحب کے production order کے حوالے سے ہماری requisition کو sign کیا۔ نو مہینے سے ایک شخص جیل میں ہے and as per Law اس کا یہاں پر پیش ہونا آپ کے اور میرے فرائض میں شامل ہے۔ اپنا اپنا وقت آتا ہے and that reminds me of National Geographic Channel جہاں پر سو ہرن کھڑے ہوتے ہیں اور ایک شیر آ کر ان میں سے ایک کو اٹھا کر چلا جاتا ہے اور تھوڑی دیر بعد 99 ہرن پھر گھاس چرنا شروع کر دیتے ہیں۔ یہ وقت ہم پر بھی آئے گا ایک دن ہم میں سے کوئی جیل میں ہوگا اور باقی galleries میں چائے پی رہے ہوں گے۔ یہ تکلیف دہ عمل ہے and that person is in pain ہو سکے تو اعجاز چوہدری کے حوالے سے production order جاری کریں۔ یہ farewell session ہے and I think, he should be here with us.

جناب چیئرمین! تیسری چیز یہ ہے کہ آج میں 11 مہینے کے بعد سینیٹ میں تقریر کر رہا ہوں۔ آخری تقریر میں نے مارچ 2023 میں کی تھی۔ مشاہد صاحب، تاج صاحب اور بزنجو صاحب میں آپ کی attention چاہتا ہوں۔ 11 مہینے بعد میں یہاں پر تقریر کر رہا ہوں۔ ان 11 مہینوں میں میرے ساتھ کیا کیا نہیں ہوا اس کی تھوڑی سی بازگشت ہونی چاہیے and this is very emotional sir. جناب چیئرمین! 9 مئی کا واقعہ ہوا۔ 9 مئی کے بعد میں روپوش ہوگیا۔ ساڑھے چار مہینوں تک میں مختلف گھروں میں چھپا رہا۔ کبھی کسی کے گھر اور کبھی کسی کے گھر میں چھپا رہا۔ بچے لے کر میں دربدر گھومتا رہا۔ جگہیں ختم ہو گئیں اور گاڑیوں کے نمبر پلیٹ ہم تبدیل کرتے رہے۔ میرے بیٹے نے ملک سے باہر جانا تھا چھپا کر ائرپورٹ سے اس کو واپس بھیجا۔ پتا نہیں کیا کیا نہیں ہوا۔ ساڑھے چار مہینے بعد among all my colleagues لاہور ڈیفنس سے مجھے اٹھا لیا گیا۔ 14 دن میں غائب رہا۔ 14 دن کا چلہ کاٹ کر واپسی پر ایک 20 منٹ کی video statement دی کہ میں جنوبی پنجاب کی تحریک انصاف کی صدارت سے استعفیٰ دیتا ہوں اور 9 مئی کی مذمت کرتا ہوں۔ مجھے آزاد کر دیا گیا۔ آزاد تو ہو گیا لیکن میں ایک زندہ لاش ہوں۔ ایک ایسی

زندہ لاش جو نہ سوچ سکتا ہے، نہ سمجھ سکتا ہے اور نہ بول سکتا ہے۔ مجھے نفرت ہوتی جارہی ہے۔ اس ایوان میں بیٹھ کر اس تصویر کی طرف دیکھتے ہوئے جو مجھے اس چیز کا یقین دلاتی ہے کہ میں آزاد ہوں مگر میں آزاد نہیں ہوں۔ اگر یہ ریاست مجھے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت نہیں دے سکتی تو میرا یہاں جینے کا حق بھی نہیں بنتا۔ کون ہوتا ہے کہ مجھے dictate کریں کہ میں کیا کہوں اور کیا سوچ سکتا ہوں۔ جناب چیئرمین! آپ کو اندازہ نہیں کہ میں نے پچھلے 6,8 مہینے کتنے کرب میں گزارے ہیں۔ سارے لوگ یہاں بیٹھ کر چائے پی رہے ہوتے تھے۔ جب میں گھر میں چھپا ہوا تھا تو سینیٹ کا سیشن میں دیکھ رہا ہوتا تھا۔

جناب چیئرمین! صرف باتیں کرنا آسان ہیں۔ آج آپ rigging کی بات کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! افسوس ہوتا ہے کہ سارے یہاں پر بیٹھ کر rigging پر بات کر رہے ہیں۔ PTI کے ورکروں کے ساتھ آج تک جو کچھ ہورہا ہے ان پر کسی نے آج تک بات نہیں کی۔ جناب چیئرمین! یقین کریں کہ اگر میں ایک روداد سنادوں تو آپ پریشان ہو جائیں گے۔ میں جب چھپا ہوا تھا تو ان چار مہینوں میں میرا گھر گرادیا گیا۔ میری فیکٹری بند کر دی گئی اور میرا کاروبار بند کر دیا گیا۔ جناب چیئرمین! میں ایک چھوٹا ساز میندار ہوں۔ میرے باغوں میں جو کام کرنے والے تھے ان کو اٹھا کر لے گئے جس کی وجہ سے میرے باغ بھی برباد ہو گئے۔ جب میں 14 دن کے بعد واپس آیا تو میری ماں کو فالج ہو چکا تھا کہ میرا بیٹا شاید مر چکا ہوگا لیکن آج تک اس ایوان میں کسی نے آواز نہیں اٹھائی۔ میں اعجاز چوہدری کے لیے اس لیے نہیں بولتا کہ مجھے اس کی تکلیف ہے۔ مجھے اس لیے تکلیف ہے کہ میں اس کی تکلیف اب جانتا ہوں and I am sure کہ ایک وقت آپ پر بھی آئے گا۔ آج ہم پر وقت آیا ہوا ہے لیکن آپ لوگوں پر بھی یہ وقت آئے گا۔ یہ وقت دور نہیں ہے۔ ڈر تو بہت لگتا ہے کہ واپسی پر جائیں گے تو پھر اٹھا لیں گے لیکن اب بچا کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ؛

ہم نہ باز آئیں گے محبت سے جان جائے گی اور کیا ہوگا

جناب چیئرمین! ایک قیدی مجھے طاقت دیتا ہے۔ میرے اللہ کے بعد ایک قیدی مجھے طاقت دیتا ہے۔ وہ جیل میں ضرور بیٹھا ہے لیکن اس پورے نظام پر مسکرا رہا ہے۔ اس ایک قیدی نے پورے ملک کو اصل حقیقی آزادی دی ہے۔ 70 سے پہلے کوئی آزادی نہیں تھی۔ اس ایک قیدی نے 8 فروری کو جو آزادی ہمیں دی ہے وہ یہ قوم یاد رکھے گی۔ اس ایک قیدی نے سارے نظام کو ننگا کرکے رکھ دیا

ہے۔ اس سے پہلے 6 مہینے میں نے depression میں گزارے ہیں۔ جب میں نے 8فروری کو لوگوں کو نکلتے ہوئے دیکھا۔ کتنی pre poll rigging کی گئی۔ ہمارے امیدوار اٹھا لیے گئے۔ جلسے اور جلوس نہیں کرنے دیے گئے۔ کچھ بھی ہمیں نہیں کرنے دیا لیکن 8فروری کو جب عوام گھروں سے نکلی۔ جب وہ ن لیگ اور پیپلز پارٹی کے کیمپوں میں جا کر پرچی بنواتے اور ووٹ عمران خان کے امیدوار کو دیتے تھے۔ کسی بینگن، کسی جوتے، کسی سبز مرچوں کو اور جو جو انتخابی نشان تھے۔ رات کو پانچ بجے قوم نے سوچا کہ ہم نے اپنا فرض ادا کر دیا۔ رات کو پوری قوم ایسے جاگ رہی تھی جیسے ballot box ان کے پاس پڑے ہوں اور وہ حفاظت کر رہے ہوں۔ نماز پڑھ کر قوم جب سوئی اور 9 بجے جب اٹھی تو پھر نظام الٹا تھا۔ جو 140 سیٹیں ہم جیت چکے تھے وہ واپس 100 پر آ گئی اور آج وہ سیٹیں کم ہوتی ہوتی 93 پر پہنچ چکی ہیں۔ تاج صاحب! آپ تو اپنی روتے ہیں ہماری بھی سنیے۔ جن لوگوں کو فارم 47 issue ہو گیا۔ فارم 45 تو Presiding Officer سے لیا ہی نہیں گیا۔ Returning Officer نے بغیر فارم 45 دیکھے فارم 47 پر result issue کر دیے۔ فیصلہ پہلے ہو چکا تھا کہ کس کو کس اوقات پر رکھنا ہے۔ ہماری اوقات بھی define کر دی لیکن ہم اپنی اوقات سے باہر نکل چکے تھے۔ فارم issue 47 کر دیے گئے۔ اس کے بعد امیدواران کو کہا گیا کہ اگر تم لوگوں نے PPP یا ن لیگ میں جانا ہے تو جاؤ، اگر تم نہیں جاؤ گے تو فارم 47 بھی change کر دیں گے۔ تمہیں recounting میں ہروا دیں گے۔ ہمارے دس سے زیادہ MPAs اس وقت ن لیگ میں جا چکے ہیں۔ عرفان صدیقی صاحب! دس سے زیادہ ہمارے آزاد MPA جو PTI کے ٹکٹ پر جیت کر اور عمران خان کی فوٹو لگا کر آئے تھے وہ اس وقت آپ کے کیمپ میں چلے گئے ہیں۔ یہ کون سا قانون ہے۔ یہ کون سا ethics ہے۔ ووٹ عمران خان کا لیا۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: افنان صاحب! تشریف رکھیں۔ ذیشان صاحب! آپ بھی تشریف رکھیں۔

سینیٹر عون عباس: آج اس وقت ملک کے حالات یہ ہیں کہ ملک میں وزیراعظم بنانے کے حوالے سے کچھ بھی نہیں ہو پا رہا ہے۔ وہ قیدی اس وقت پھر مسکرا رہا ہے۔ اس ملک کا وزیراعظم نہیں بن پا رہا ہے لیکن افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ اس قیدی کو دیکھیں کہ 31 سال کی سزائیں فروری کے

پہلے چار دنوں میں دی گئیں۔ ابھی بھی دل بھرا نہیں۔ اس وقت اس قیدی کی بیوی بشریٰ آپا بنی گالا کے اندر House arrest ہے۔ پورے ایک کمرے کی چار دیواری میں اس کو محصور کر دیا گیا ہے۔ ان کے لیے کھانا اڈیالہ جیل سے آتا ہے۔ اس کھانے میں زہر ملایا جا رہا ہے۔ خان صاحب بار بار لکھ چکے ہیں کہ ظلم کرنا ہے تو کر لو لیکن یہ کون سا ظلم ہے۔ تم نے کسی کو قیدی بنانا ہے تو بنالو مگر زہر دے کر مارنا یہ کہاں کی بات ہے۔ ہم نے request کی ہے کہ مہربانی کر کے بشریٰ آپا کو اڈیالہ جیل بھیج دیں۔ ہم نے house arrest نہیں ہونا ہے۔ آج پوری قوم کو یہ پتا ہونا چاہیے کہ اس وقت بشریٰ آپا کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ ان کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے یہ ایک ظلم ہے۔

جناب چیئرمین! میں آخر میں ایک شعر پڑھ دیتا ہوں۔ معذرت میں لکھنے لگا تھا لیکن لکھ نہیں سکا۔ جناب چیئرمین! آپ کی اجازت سے میں موبائل سے پڑھوں گا۔

کچھ لوگ تمہیں سمجھائیں گے — وہ تم کو خوف دلائیں گے
جو ہے وہ بھی کھو سکتا ہے — اس راہ میں رہزن ہیں اتنے
کچھ اور یہاں ہو سکتا ہے — کچھ اور تو اکثر ہوتا ہے
پر تم جس لمحے میں زندہ ہو — یہ لمحہ تم سے زندہ ہے
یہ وقت نہیں پھر آئے گا — تم اپنی کرنی کر گزرو
جو ہوگا دیکھا جائے گا

پاکستان زندہ باد۔ عمران خان زندہ باد۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: گیلری میں ہمارے سابق سینیٹر اورنگزیب صاحب، جو اب MPA بن چکے ہیں، ہم آپ کو ہاؤس میں welcome کرتے ہیں۔ سینیٹر منظور کاکڑ صاحب کے بیٹے بھی ہاؤس میں آئے ہوئے ہیں۔ ان کو بھی welcome کرتے ہیں۔ جی، سینیٹر ہدایت اللہ خان صاحب۔

**Senator Hidayatullah Khan**

سینیٹر ہدایت اللہ خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! تمام ساتھیوں نے 8 فروری کے الیکشن کے حوالے سے باتیں کی ہیں۔ 8 فروری کا الیکشن ایک عجیب الیکشن تھا جس میں جیتنے والے بھی رو رہے ہیں اور ہارنے والے بھی رو رہے ہیں۔ اس الیکشن کو مخالفین بھی فراڈ کہہ رہے

ہیں اور حکومتی لوگ بھی فراڈ کہہ رہے ہیں۔ دھاندلی کا آغاز تو صبح اس وقت ہوا تھا جب Internet بند کر دیا گیا۔ موبائل فون بند کر دیا گیا۔ Twitter and Instagram وغیرہ سب بند کر دیے گئے۔ اس وقت سے آغاز ہو گیا اور لوگ سمجھ گئے لیکن دھاندلی کے طریقہ کار کے بارے میں پتا نہیں تھا کہ کس طرح کا ہوگا۔ اس کے بارے میں لوگوں کو علم نہیں تھا۔ جناب چیئر مین! ساری قوم نے دیکھ لیا کہ کس طرح لوگوں کو جتوایا گیا۔ یہاں تک کہ ROs نے ایک خطیر رقم لے کر، شرم کی بات تو یہ ہے کہ ایک افغان شہری کو بھی جتوایا جس کے فارم 45 میں 1200 ووٹ تھے، اور وہ چھٹے نمبر پر تھا۔ اس کو بھی آگے کرکے 27 ہزار ووٹ دے کر، تیمور جھگڑا کو ہرا یا گیا جبکہ اسے جتوایا گیا۔ ہمارے الیکشن کی یہ حالت ہے۔

ابھی میرے ساتھیوں نے بہت جذباتی باتیں کی ہیں لیکن میں کہتا ہوں کہ 2018 کو بھی اگر ہم دیکھیں تو ان کو ہم اس لیے بخشتے ہیں کہ انہوں نے کم از کم یہ کیا کہ دوپہر کو کھانے کے وقت یعنی دو بجے کھانے کے بہانے، ہم اپنے فوجیوں کے لیے کھانا لا رہے ہیں، انہوں نے بیلٹ پیپر لا کر وہاں پر ڈال دیے۔ پھر فارم 45 کے وقت جتنے بھی پولنگ ایجنٹس تھے، ان سب کو باہر نکال دیا اور ان کو کہہ دیا کہ آپ کا کام ہی نہیں ہے، بس آپ تماشا دیکھو۔ رات کو نتائج اپنی مرضی کے بنا کر انہوں نے قوم کے سامنے پیش کر دیے۔ بات یہ ہے کہ اس وقت بھی ایک دلیل تو تھی لیکن یہ جو اس وقت ہوا ہے، گنتی بھی ہو گئی، لوگوں کے سامنے سب کچھ آ گیا، ہر ایک آدمی کے ہاتھ میں فارم 45 آ گیا، اس کے اوپر سب ایجنٹس کے دستخط تھے، تمام پریذائیڈنگ افسران کی stamps اور دستخط تھے تو یہ کہاں کا انصاف ہے کہ رات کو پھر دو یا تین بجے ROs پیسے لے کر، اس نتیجے کو change کریں اور ایک امیدوار کی جیت کو شکست میں تبدیل کریں۔

جناب چیئر مین! ہم کم از کم خیبر پختونخوا کی بات کریں گے۔ اس حوالے سے میں ایک حلقہ NA-25 مردان آپ کے سامنے رکھوں گا۔ اس حلقے میں امیر حیدر خان ہوتی صاحب ہماری عوامی نیشنل پارٹی کے امیدوار تھے۔ انہوں نے 70 ہزار ووٹ لیے جس کی تفصیل موجود ہے۔ اس کے برعکس مخالف امیدوار 60 ہزار ووٹوں کی برتری سے جیتا۔ اس طرح 70 اور 70 اور 60 ہزار ملا کر دو لاکھ ووٹ بنتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس حلقے میں اور جماعتیں بھی تھیں جس میں پاکستان پیپلز پارٹی، جمعیت علمائے اسلام، جماعت اسلامی اور دوسری جماعتیں بھی تھیں۔ اگر آپ شمار کریں تو یہ تعداد بہت

زیادہ بنتی ہے۔ اس کے ساتھ مسلم لیگ نے بھی اپنا امیدوار کھڑا کیا تھا۔ میں اس بات پر حیران ہوں کہ یہ ووٹ کدھر سے آئے؟ ایک ہی حلقے میں اتنے ووٹ کیسے poll ہو گئے؟ جس طرح ساتھیوں نے یہ بھی کہہ دیا کہ اس مرتبہ ہم نے دیکھا کہ بیلٹ پیپر اردو بازار میں یا کسی اور جگہ پر بن رہے ہیں۔ لوگ کیا کرتے تھے، ہمیں تو پتا ہی نہیں تھا، ہمیں تو یہ معلوم ہی نہیں تھا، لوگ اپنی مرضی کے بیلٹ پیپر چھاپ کر وہاں پر ڈلوا رہے تھے۔ لہٰذا، یہ ایک عجیب الیکشن ہے اور ہم اس کی مذمت کرتے ہیں۔ ہم نے پہلے بھی مذمت کی ہے۔ ہماری پارٹی کی طرف سے اس کی مذمت ہوئی ہے۔ ہم نے یہ مطالبہ کیا ہے کہ اگر صاف اور شفاف الیکشن نہیں ہوتے تو اس ملک میں نہ جمہوریت آ سکتی ہے اور نہ اس ملک کی معیشت ٹھیک ہو سکتی ہے۔ ہمارے چیف جسٹس صاحب اس ضمن میں action لے لیں یا جو بھی کرتے ہیں لیکن کم از کم اس پر ضرور یہ بات ہونی چاہیے کہ آئندہ کے لیے کوئی بھی ایسا قدم نہ اٹھائے اور عوامی مینڈیٹ کا اس طریقے سے استہزا نہ کرے۔ بہت بہت شکریہ۔

(اس موقع پر ایوان میں اذانِ ظہر سنائی دی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر بہرہ مند خان تنگی صاحب۔

**Senator Bahramand Khan Tangi**

سینیٹر بہرہ مند خان تنگی: جناب چیئرمین! شکریہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ آج سے پندرہ دن کم چھ سال پہلے ہم اس ہاؤس میں آئے تھے۔ اس ہاؤس میں ہر ایک ساتھی نے اس ہاؤس کے لیے، institutions کے لیے اور پاکستان کے لیے اپنا اپنا role play کیا۔ ہر ایک سینیٹر کا حق بھی بنتا ہے کہ وہ اپنی پارٹی کو، اپنی لیڈرشپ کو اور اپنے ملک کو support کرے۔ اس طریقے سے بطور رکن سینیٹ، میں نے بھی اپنا کردار ادا کیا ہے۔ اس کردار میں کچھ ساتھیوں کے ساتھ تلخی بھی ہوئی۔ اپنی لیڈرشپ کے لیے آواز اٹھاتے وقت مخالفین کے ساتھ تلخ باتیں بھی ہوئیں۔ اپنی پارٹی کو defend کرتے وقت مخالفین کے ساتھ تلخ جملوں کا تبادلہ بھی ہوا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس ہاؤس میں تمام معزز اراکین، قابل احترام ہیں اور انہوں نے جو کچھ کیا، ان کا حق تھا۔ کوئی بھی پارٹی جب اپنے اراکین کو بھیجتی ہے تو اس لیے کہ وہ ملک کے لیے، اداروں کے لیے، پارٹی کے لیے اور پارٹی لیڈرشپ کے لیے کام کرے۔ اللہ کا شکر ہے میں اپنے role سے مطمئن ہوں اور اس لیے مطمئن ہوں کہ میں نے اپنی سیٹ کے ساتھ انصاف کرکے، اپنی پارٹی کو اور اپنی پارٹی لیڈر شپ کو

support کیا۔ ہو سکتا ہے کہ کچھ لوگوں کو یہ درد ہو کہ ایک junior بندہ آ کر پارلیمنٹ میں role play کرتا ہے تو یہ ہمارے لیے خطرے کی گھنٹی ہے۔ میں نے ان کی اس سوچ کو دفن کیا اور میں نے اپنا role play کیا۔

چیئرمین صاحب! ان تمام ساتھیوں کے لیے میری دل سے دعا ہے۔ ابھی عون صاحب نے جو تقریر کی، جذباتی تقریر تھی۔ بطور سیاسی کارکن میں سمجھتا ہوں کہ ہر ایک کو ہاؤس میں role play کرنا چاہیے چاہے مخالفین کو اچھا لگے یا برا۔ ہر ایک رکن کا حق بنتا ہے کہ کھڑے ہو کر جو اس کے دل میں آتا ہے، بولے۔

جناب چیئرمین! ابھی آپ نے مجھے جو موقع دیا ہے، 8 فروری کو جو الیکشن ہوا، میں بھی چاہتا ہوں کہ اس پر بات کروں۔ میرے کچھ ساتھیوں نے جمہوریت کے متعلق بات کی۔ میں پوچھتا ہوں کہ جمہوریت کو مضبوط کرنا، جمہوریت کو آگے بڑھانا، پارلیمانی سسٹم کو مضبوط کرنا اور پارلیمان کو مضبوط کرنا، کیا establishment کی ذمہ داری ہے یا پارلیمانی نظام اور جمہوریت کو مضبوط کرنا پاکستان کی تمام سیاسی قیادت کی ذمہ داری ہے جو اس ملک میں سیاست کرتے ہیں، جو اس ملک میں پارٹیاں چلاتے ہیں، جو اس ملک میں الیکشن لڑتے ہیں اور بات کرتے ہیں کہ جمہوریت مضبوط ہو۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس مضبوط جمہوریت کے لیے آج کیوں رونا روتے ہیں کہ جمہوریت کمزور ہوتی جارہی ہے۔ کون ذمہ دار ہے اس کمزور جمہوریت کا؟ کون ذمہ دار ہے کہ میں یہ بات کروں کہ پاکستان میں جمہوریت برائے نام ہے۔ We are all responsible for this system. اگر ہم چاہتے ہیں کہ سسٹم مضبوط ہو، اگر ہم چاہتے ہیں کہ رات کے اندھیرے میں کسی کے در پر نہ جائیں، اگر ہم چاہتے ہیں کہ ووٹ کے ذریعے منتخب ہو جائیں، اگر ہم چاہتے ہیں کہ ووٹ کو طاقت ملے تو پھر ہم رات کے اندھیرے میں اپنے گھروں میں، اپنے ووٹرز کے ساتھ، اپنی پارٹیوں کے ساتھ، اپنے عوام کے پاس جا کر ووٹ مانگیں اور پھر الیکشن جیتیں۔ میں نے آج مختلف باتیں سنیں، یہاں کہا گیا کہ نمائندوں کو ہروایا گیا، چوروں، ڈاکوؤں اور اسمگلروں کو جتوایا گیا۔ جناب والا! وہ کون ہے جس نے اسمگلروں کو جتوایا، آپ کہاں تھے؟ آپ نے الیکشن سے پہلے آواز کیوں نہیں اٹھائی، اس لیے کہ آپ بھی اِس امید پر تھے کہ مجھے بھی کچھ حصہ مل جائے، اس لیے آپ خاموش تھے۔ میں نے آج اس ایوان میں اپنے ساتھیوں کی جو تقاریر سنیں، ہم نے دنیا کو کیا

message دیا؟ میں نے اپنے اداروں کے بارے میں دنیا کو کیا message دیا کہ ہم اتنے گرے ہوئے لوگ ہیں کہ ہم اپنے اداروں کو یہاں تقاریر کے ذریعے سکھاتے ہیں اور criticize کرتے ہیں۔ جناب والا! میں نے یہاں یہ بھی سنا کہ الیکشن سے پہلے کسی کو وزیراعظم بنایا گیا تھا اور اس نے وزیراعظم کی تقریر بھی کی تھی۔ میرا سوال ہے کہ پھر اس وزیراعظم کو دو، اڑھائی سو seats کیوں نہیں ملیں؟ جناب والا! ہم تقاریر کی حد تک اس system کو خود تباہ و برباد کر رہے ہیں، ہم نے اس system کو زمین بوس کیا ہے، اس لیے آج انگلیاں اٹھتی ہیں۔

جناب والا! سندھ میں ایک دھرنا جاری ہے، جن کی ضمانتیں ضبط ہو چکی ہیں، وہ لوگ بھی کہہ رہے ہیں کہ ہم جیت چکے ہیں۔ جن لوگوں کی ضمانتیں ضبط ہو چکی ہیں وہ بھی اس دھرنے میں موجود ہیں، وہ عوام کو تکلیف دے رہے ہیں، وہ کہہ رہے ہیں کہ جمہوریت نہیں چاہیے، وہ کہہ رہے ہیں کہ یہ سب کچھ اداروں نے کیا ہے، وہ کہہ رہے ہیں کہ یہ سب کچھ پیپلز پارٹی نے کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو ہار چکے ہیں وہ یہ رونا روتے ہیں اس لیے کہ ہم تقاریر میں اپنے اداروں کو تباہ و برباد کر دیں۔

جناب چیئرمین! کچھ ساتھیوں نے یہ بھی کہا کہ اِس نے اتنے کروڑ روپے دیے اور اُس نے بھی کروڑوں روپے دیے، اِس نے اُس کو جتوایا، اُس نے ان سے کروڑوں روپے لے کر اِس کو ہروایا، اس لیے ہروانے والے نے پیسے کیوں دیے، کس کو دیے، کس لیے دیے؟ جب رات کے دو بجے اندھیرے میں آپ اپنی seats بچانے کے لیے، آپ ووٹ حاصل کرنے کے لیے، آپ اپنی seats کو زیادہ کرنے کے لیے لوگوں کے گھروں میں جا کر منتیں کرتے ہیں، پاؤں پڑتے ہیں تو پھر آپ یہاں کیوں گلہ کرتے ہیں، آپ کیوں روتے ہیں کہ مجھ سے پیسے لے کر گیا، میں ہار چکا ہوں۔ اگر پاکستان کی تمام سیاسی جماعتیں، اگر پاکستان کے تمام سیاستدان ایک page پر آ جائیں، ایک بات کریں، اس system کے لیے، جمہوریت کے لیے، پارلیمان کے لیے، اداروں اور پاکستان کے چوبیس کروڑ غریب عوام کے لیے تو پھر کوئی طاقت ایسی نہیں ہے کہ وہ آپ کے ووٹ کو چوری کر سکے۔ آپ کے ووٹ کو چوری کرنے والے نہیں ہیں، آپ خود system کو تباہ کرنے والے لوگ ہیں جو آج اس ملک کے اداروں کے بارے میں، اس ایوان میں جو لوگ سن رہے ہیں اور پوری دنیا سن رہی ہے۔

جناب چیئرمین! جنوری 2023 سے لے کر فروری 2024 تک، آپ نکلیں general masses میں جائیں، غریبوں کے درمیان جائیں، ان سے پوچھیں کہ آپ کے بچے دو وقت کی سوکھی روٹی کھاتے ہیں؟ اللہ کی قسم آج سفید پوش لوگوں کی باعزت خواتین پھٹے ہوئے برقعے پہن کر بچوں کی دو وقت کی روٹی کے لیے بھیک مانگ رہی ہیں۔ ہم یہاں لگے ہیں کہ مجھے جیل میں ڈالا، میرے ساتھ یہ کیا، میرے ووٹ کو چوری کیا گیا لیکن ایک سال کے دوران آٹے کی قیمت، ڈیزل کی قیمت، پٹرول کی قیمت، ڈالر کی قیمت، روزمرہ اشیاء کی قیمتیں کہاں چلی گئیں۔ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ آج سفید پوش لوگ اپنے بچوں کو عزت کے ساتھ روٹی نہیں کھلا سکتے ہیں۔ جناب والا! بدقسمتی سے ان elections کے بعد بھی پاکستان کے سیاستدانوں کو ہوش نہیں آیا کہ ہم اپنی کرسی کے لیے لڑیں یا پاکستان کے غریب عوام کے لیے لڑیں۔ آج کیوں پانچ پانچ meetings ہو رہی ہیں، کیوں ایک page پر نہیں ہیں، کیوں یہ لوگ پاکستان کے غریب عوام کے لیے نہیں سوچتے؟ کیوں آج اس system کو مضبوط کرنے کی سوچ نہیں ہے، آج کیوں کرسیوں کے لیے لڑتے ہیں؟ میں سمجھتا ہوں کہ آٹھ فروری کے elections کے بعد یہ ہونا چاہیے تھا کہ جس کی seats زیادہ ہوں، اگر مسلم لیگ (ن) کی seats زیادہ ہیں تو ملک کی تمام سیاسی جماعتیں، جن کے دل میں اللہ اور عوام کے لیے خوف، تڑپ اور درد ہے تو انہیں کہنا چاہیے تھا۔ اگر کسی دوسری پارٹی کے ساتھ ان کا اتحاد ہو سکتا ہے تو پاکستان کے لیے، اداروں کے لیے، عوام کے لیے مل کر ایک systematic طریقے سے آگے بڑھیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شکریہ۔

سینیٹر بہرہ مند خان تنگی: جناب والا! یہاں لوگوں نے بیس بیس، پچیس پچیس منٹ تقاریر کی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کے دس منٹ ہو گئے ہیں۔

سینیٹر بہرہ مند خان تنگی: یہاں لوگوں نے تقاریر کی ہیں، مجھے بھی بولنے دیں۔ جناب چیئرمین! فرض کریں کہ اگر ہم یہ سوچتے ہیں کہ پاکستان کو آگے لے کر جانا ہے، اگر ہم جمہوریت کو آگے لے کر جاتے ہیں، اگر یہ سوچتے ہیں کہ پارلیمان مضبوط ہو تو پھر اپنے دل سے اپنی خواہشات اور سوچوں کو ایک طرف رکھ دیں، اس پر پاؤں رکھ لیں اور اس system کو مضبوط کرنے کے لیے کم از

کم پانچ سال کوشش کریں کہ آپ کی خواہشات پوری نہ ہوں، آپ کو وزارتیں نہ ملیں، آپ کو وزیراعظم کی کرسی نہ ملے، آپ کو Chairmanship نہ ملے لیکن اس ملک کے لیے، اداروں کے لیے، جمہوریت کے لیے اور غریب عوام کے لیے ساتھ مل کر اللہ کو دیکھتے ہوئے کہ ہم نے پاکستان کی سیاست کو کیسے بچانا ہے۔

جناب چیئرمین! میں نے یہاں یہ بھی سنا کہ میں چار مہینے جیل میں تھا، آٹھ مہینے جیل میں تھا، جب ڈکٹیٹر ضیاء الحق نے پیپلز پارٹی کے بانی چیئرمین شہید ذوالفقار علی بھٹو کو شہید کیا تو جس کمرے میں وہ قید تھے اس کے سامنے پیپلز پارٹی کے کارکنوں کو لا کر کوڑے مارے جاتے تھے۔ انہیں رات کے وقت کہا جاتا کہ وہ معافی مانگیں لیکن وہ کوڑے کھاتے ہوئے بھی جیے بھٹو کے نعرے لگاتے تھے۔ جب وہ رات کے وقت معافی ناموں پر ان کے دستخط لیتے تھے تو وہ اس وقت بھی جیے بھٹو کے نعرے لگاتے تھے۔ جناب والا! سیاسی کارکنان ہمیشہ یہ مشکلات برداشت کرتے ہیں، اپنے لیڈر کے vision کے لیے، اپنے لیڈر کے لیے، اپنی پارٹی کے لیے۔ یہ وقت ہمیشہ کے لیے نہیں ہوتا ہے، جن کارکنان نے قربانیاں دی ہیں، مشکل وقت میں پارٹی کا ساتھ دیا ہے، مشکل وقت میں leadership کا ساتھ دیتے ہیں تو کل کا دن ان کا ہوتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ کارکنان پر مشکل وقت آتے ہیں لیکن کارکنان اپنی party leadership کے سامنے معافی نہیں مانگتے بلکہ وہ جیے بھٹو جیسے نعرے لگاتے ہیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر مشاہد حسین صاحب۔ اکرم صاحب! ان کے بعد میں آپ کو موقع دوں گا۔ جی۔

**Senator Mushahid Hussain Sayed**

سینیٹر مشاہد حسین سید: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ، جناب چیئرمین! آج بڑی کھل کر باتیں ہو رہی ہیں، لوگ تحمل سے سب کی باتیں سن رہے ہیں اور یہی جمہوریت کی بنیاد ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آٹھ فروری کو ہونے والے انتخابات بڑے تاریخی انتخابات تھے، گو کہ controversial بھی ہوئے لیکن آٹھ فروری کو voting والے دن، ballot کے دن لوگوں کو آزادی کے ساتھ ،transparent طریقے سے ووٹ دینے کا موقع ملا اور ووٹ کے ذریعے واقعی پاکستان کا سیاسی منظر نامہ تبدیل ہو چکا ہے۔ اس میں split mandate آیا ہے، میں PTI کو

مبارکباد دیتا ہوں کہ مشکلات کے باوجود ان کی party single largest party بنی، اس میں کوئی doubt نہیں ہے۔

جناب والا! باقی باتیں تو ہو گئی ہیں، ماضی کے ظلم کی کیا داستان ہے، اس کا رونا دھونا اپنی جگہ لیکن I would like to present the way forward and I think way forward کے three elements ہیں کہ آگے کیا راستہ ہے کیونکہ ہمیں خدشہ ہے کہ آٹھ فروری کے انتخابات کہیں بحرانی کیفیت اختیار نہ کر جائیں۔ اس لیے پہلا یہ ہے کہ what is issue، کہ جڑ کیا ہے، the roots of this situation, roots of this crisis کیا ہے؟ جناب والا! پچھلے دس سالوں میں تین بڑے واقعات ہوئے ہیں جو جمہوریت کے منافی ہوئے ہیں۔ ایک دھرنا 2014 میں ہوا تھا جو ہماری security establishment نے against a democratically elected Government sponsor کیا تھا، وہ چلا، اس کا کوئی جواز نہیں تھا لیکن بدقسمتی سے ایک حکومت کو destabilize کرنا تھا۔ اس کے بعد 28 جولائی 2017 آیا۔ اس دن ایک soft coup ہوا۔ میں وہ واحد مسلم لیگ (ن) کا بندہ تھا جس نے اس وقت اس ایوان میں دو باتیں کی تھیں۔ پہلی بات میں نے یہ کہی تھی کہ میاں نواز شریف کو نکالنے کے لئے security establishment نے سپریم کورٹ اور عدلیہ کو ایک soft coup کے لئے استعمال کیا ہے اور دوسری بات یہ کہی تھی جن کیسز کی بنیاد پر میاں نواز شریف جیل گئے ہیں، those all are fraud اور میاں صاحب ایک سیاسی قیدی ہیں۔ I was first to say these things. میرے باقی دوستوں نے اس وقت کچھ نہیں کہا۔ پتہ نہیں وہ ڈرتے تھے، فیض یاب ہونا چاہتے تھے یا کسی چیز کے لئے ہاتھ ملتے تھے لیکن these are the facts. Unfortunately, on 10th April, 2022, PTI حکومت کو نکالنے کے لئے وہ soft coup دوبارہ repeat ہوا۔ اس میں پارلیمنٹ استعمال ہوئی۔ ابھی تو مولانا فضل الرحمٰن نے بھی ساری باتیں کہہ دی ہیں۔ ہمیں حقائق پر بحث نہیں کرنا چاہیے so there was the same pattern of destabilization. جب یہ ہمارے خلاف ہو رہا تھا تو دوسری side خوش تھی اور جب ان کے خلاف ہوا تو ہم نے بڑی خوشیاں منائیں کہ بڑا اچھا ہوا۔ بہتر یہی تھا کہ اس کے بعد الیکشن کروا دیتے۔ This is very clear کہ ہمارا ایک

track record ہے جس میں یہ سب ہوتا ہے۔ انہوں نے establishment کی بات کی۔ Establishment cannot function on its own. جب تک ان کے allies نہیں ہوتے، وہ کچھ نہیں کر سکتے۔ اگر سازش ہوتی ہے تو بھی مل کر ہوتی ہے۔

جناب! دوسری بات یہ کہ اس وقت healing touch کی ضرورت ہے۔ جتنے سیاسی قیدی ہیں بشمول عمران خان کے، they should be released. The situation has changed. ان میں میں بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے missing persons کی رہائی کا بھی کہتا ہوں۔ دست شفا کا مقصد صرف پنجاب میں نہیں بلکہ خصوصاً بلوچستان، خیبر پختونخوا، سندھ اور دیگر متاثرہ جگہوں پر بھی ہو۔ جو غلط ہے، وہ غلط ہے۔ They should be part of the political process اور وہ political process inclusive ہوگا۔ اس وقت جو تین بڑی پارٹیاں پاکستان تحریک انصاف، پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی emerge ہوئی ہیں، انہوں نے اس process کو inclusive بنانا ہے۔ ہر پارٹی نے suffer کیا ہے۔ ابھی میرے دوستوں نے ذکر کیا۔ بھٹو صاحب کی پھانسی ایک judicial murder تھا and it was very clear. اس کے بعد جو پیپلز پارٹی نے suffer کیا، میں اس وقت ایک journalist تھا اور we were the ones who knew everything and also spoke for them. پھر میاں نواز شریف صاحب آئے۔ He is himself a survivor. ان کے خلاف دو soft coups 1993 and 2017 میں ہوئے۔ وہ exile بھی ہوئے اور ان کے خلاف military coup بھی ہوا۔ ان کو بحیثیت Prime Minister of Pakistan ہتھکڑی بھی لگائی گئی۔ اب پاکستان تحریک انصاف کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔ سینیٹر اعجاز چوہدری ہمارے colleague ہیں اور ان کی رہائی کے لئے ابھی میں نے اس کاغذ پر sign بھی کئے ہیں۔ There should be a general amnesty. ہم نے کابل جا کر TTP سے تو بات کر لی جو وہ دہشت گرد تھے جنہوں نے ہمارے بندے مارے تھے۔ ہم کہتے ہیں کہ BLA کو general amnesty دے دو تو جو ہمارے سیاسی کارکن اور قائدین ہیں، انہیں بھی general amnesty دینی چاہیے۔ ماضی کا قصہ اب ختم ہوگیا ہے۔ 8th February is the new day and the way forward.

Finally, the way forward is very clear. اس پر initiative سیاسی جماعتوں کے پاس ہے۔ یہ تین جماعتیں مل کر Government of National Unity یا ایک coalition Government بنائیں۔

جناب! پاکستان تحریک انصاف نے بھی یہ سبق سیکھا ہوگا کہ اس سے بات نہ کرنی یا اس سے بات نہیں کرنی، چاہے وہ چور، کرپٹ یا غدار ہے، اگر عوام نے اسے ووٹ دیا ہے تو عوام کا ووٹ paramount ہے and that should be respected. ہر پارٹی کے مینڈیٹ کا respect ہونا چاہیے۔ اگر سیاسی جماعتیں initiatives نہیں لیں گی جو ابھی ان کے پاس ہے تو وہ GHQ shift ہو جائے گی۔ پھر وہ فیصلہ کریں گے۔ وہ بندہ وردی میں stick لے کر آئے گا کہ sit down and do this and do that. Do we want this? Do we want to have same humiliation جو ہمارے ساتھ ماضی میں ہو چکی ہے۔ یہ ہمارے ساتھ 1993 اور اس سے پہلے بھی ہوئی ہے۔ اب خود initiative لینا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں سب سے بڑی ذمہ داری میاں نواز شریف صاحب کی ہے۔ وہ initiative لیں۔ It is time to show statesmanship and leadership. وہ دل بڑا کرکے ہاتھ بڑھائیں۔ میں تو کہتا ہوں کہ وہ PPP کو Prime Ministership, offer کریں اور اس میں پاکستان تحریک انصاف کو بھی شامل کریں اور خود سربراہ مملکت بن جائیں۔ They should be the part and he should reach out to Imran Khan. رائیونڈ اور ماڈل ٹاؤن کا اتنا لمبا فاصلہ بھی نہیں ہے اور ایک زمانے میں ان کی بڑی یاری اور دوستی بھی تھی۔ If we do not do this then the initiative will be lost and all roads would lead to Rawalpindi. پھر یہ سارے لوگ فارغ ہو جائیں گے۔ Let us learn from history and mistakes of the past. ماضی کی غلطیاں نہ دہرائیں۔ غلطیاں کرنی ہیں تو نئی غلطیاں کریں۔ پاکستان کے عوام نے 8 فروری کو یہ بتا دیا کہ ان کا اس نظام، ووٹ اور بیلٹ بکس اور ووٹ کے ذریعے تبدیلی لانے پر اعتماد ہے اور واقعی میں 8 فروری کو تبدیلی آ گئی ہے۔ یہ نہ بھولیں کہ پاکستان خود جمہوریت کی پیداوار ہے۔ قائد اعظم محمد علی جناح، the great leader, انہوں نے ایک سیاسی جماعت اور ووٹ کے ذریعے پاکستان بنایا تھا۔ ان کے پاس کوئی فوج اور ایٹم بم نہیں تھے۔ برطانیہ اور کانگریس ان

کے خلاف تھے لیکن عوام ان کے ساتھ تھی۔ عوام میں ان کی سیاسی جماعت کی جڑیں تھیں اور قوت کردار اور قیادت تھی۔ Let us follow that example and build a democratic and inclusive Pakistan. یہ ایک نادر موقع ہے اور اسے ضائع نہیں کیا جائے، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی سینیٹر محمد اکرم۔ بس ابھی سب نے دو، دو منٹ بات کرنی ہے اور پھر منسٹر صاحب نے wind up کرنا ہے۔

**Senator Muhammad Akram**

سینیٹر محمد اکرم: شکریہ، جناب چیئرمین! مجھے وقت کی تنگی کا احساس ہے۔ ایک شعر ہے کہ،

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

الیکشن کمیشن آف پاکستان، نگران حکومتیں اور سیکورٹی ادارے 8فروری کے انتخابات کروانے میں ناکام ہوئے۔ جیسے سینیٹر مشاہد حسین سید صاحب ہمیشہ کہتے ہیں کہ جنرل ضیاءالحق کہتا تھا کہ مثبت نتائج ہونے چاہیے اور ان انتخابات کے مثبت نتائج ان جماعتوں کے لئے ہیں جن میں خاص طور پر پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) شامل ہیں۔ انتخابات میں پاکستان تحریک انصاف پہلے 150 سیٹوں سے جیت رہی تھی لیکن بعد میں اس کی سیٹیں کم کی گئیں۔ ان انتخابات کے مثبت نتائج پی ٹی آئی کے لئے نہیں اور صرف ان جماعتوں کے لئے ہیں۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر صاحبان اپنی تقریروں میں rigging اور دھاندلی کے الفاظ استعمال نہیں کر رہے کیونکہ وہ اس سے مستفید ہوئے ہیں۔ میں 1988 سے الیکشن لڑتا آرہا ہوں۔ مجھے تھوڑی بہت تاریخ کا بھی پتہ ہے۔ جو نیا سینیٹ ہوگا، اس میں میں تو نہیں ہوں گا اور نہ ہی میری جماعت کا کوئی ہوگا۔ آنے والے سینیٹ میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اور نہ ہی ANP کا کوئی ہوگا۔ اس لئے کیونکہ اس ایوان میں ہماری گفتگو پسند نہیں کی جاتی۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ پاکستان اس وقت سب سے مشکل دور سے گزر رہا ہے۔ معاشی صورتحال انتہائی ناگفتہ بہ ہے اور اسی طرح political crisis بھی ہے۔ ہمارا ملک بین الاقوامی مالیاتی اداروں کا قرض دار ہے۔ موجودہ الیکشن کے بارے میں برطانیہ، آسٹریلیا، امریکہ اور دیگر ممالک کے مبصرین نے کہا ہے کہ ملک موجودہ صورتحال میں جمہوریت کی طرف نہیں بلکہ authoritarianism کی جانب گامزن ہے۔ یہ میری نہیں بلکہ ان کی رائے ہے۔

جناب! میں ایک اور بات کا بھی اضافہ کرنا چاہتا ہوں۔ شاید ایوان میں بیٹھے لوگ میرا بھروسہ نہ کریں لیکن آپ مجھے یہ بات کرنے کی اجازت دیں کہ کیا پاکستان کے آئین اور قانون میں کسی قاتل، سمگلر، سزا یافتہ، بد دیانت، بدمعاش کو الیکشن لڑنے کی اجازت ہے؟ اگر جواب ہاں میں ہے تو مجھے جواب دیں۔ مناسب نہیں کہ میں ان کے نام لوں۔ پاکستان کے بارے میں میری معلومات کم ہیں لیکن میں بلوچستان کے بارے میں بتا سکتا ہوں۔ ہم نے جان ہتھیلی پر رکھ کر مسلسل تین ماہ الیکشن کے سلسلے میں دورے، جلسے اور کارنر میٹنگ کیے۔ ایک طرف وہ تھے جنہیں ہم عرف عام میں سرمچار کہتے ہیں جس میں ہماری مزاحمت کی تحریک چل رہی ہے، ان کی بندوقیں ہماری طرف تھیں، دوسری طرف اسٹیبلشمنٹ ہمیں ناپسند کرتی تھی۔

جناب چیئرمین! ہم دس سیٹوں پر جیت رہے تھے لیکن ہمیں ہرایا گیا اور وہ بھی دوسرے، تیسرے اور چوتھے دن۔ تربت کی ہم چار سیٹیں لے رہے تھے، بلیدہ کی سیٹ پر جان محمد بلیدی، کوئٹہ کی سیٹ پر عطامحمد بنگلزئی جیت چکے ہیں، کریم کھیتران، صفدر عبدالرحمٰن جس کا مناسب نہیں کہ میں بتاؤں جو جیت رہے تھے اور گوادر میں ڈاکٹر عبدالمالک صاحب ایک ایسے Candidate سے ہار گئے ہیں جس کا تعلق ہلمند اور دالبندین سے ہے وہ گوادر اور کیچ کی سیٹ پر لڑا، آپ مجھے بتائیں جس کے چار ہزار ووٹر نہیں ہیں، ملک شاہ جس کو دس پولنگ سٹیشنوں کا نام نہیں آتا، وہ کیسے جیت گیا۔ وہاں جب ہماری گفتگو ہوئی تھی، ہم نے اداروں سے کہہ دیا تھا، میں ذمہ داروں سے ملا بھی تھا، ہم نے پوچھا کہ کیا الیکشن Free and fair ہوں گے؟ میں نے کہا کہ میں ایک بات آپ کو بتادوں کہ دو دن بعد الیکشن ہو رہے ہیں، اگر ملک شاہ جیت گیا تو آپ کیا سمجھتے ہیں کہ rigging ہوئی ہے یا نہیں تو وہ خاموش ہو گیا اور اس بارے میں کچھ نہیں بتایا۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ یہ الیکشن میری رائے میں پاکستان کی تاریخ کا متنازعہ ترین الیکشن ہے۔ اس وقت چاروں صوبوں بشمول آپ کے اسلام آباد میں احتجاج ہو رہے ہیں، دھرنے دیئے جا رہے ہیں۔ ہماری تمام ہائی ویز بند ہیں۔ اس لئے کہ یہ الیکشن متنازعہ ہے۔ اپنی بات کو مختصر کرتے ہوئے میں خاص طور پر بلوچستان کے بارے میں بتاتا ہوں کیونکہ آپ نے کہا ہے کہ وقت کم ہے میں in advance اس خدشے کا اظہار کر رہا ہوں کہ بلوچستان میں جو ٹیم لائی گئی ہے وہ بذریعہ سلیکشن لائی گئی ہے الیکشن نہیں۔

جناب چیئرمین! میں آپ کو یہ بھی بتادوں کہ کیا ہونے والا ہے کہ بلوچستان میں ایک بڑے فوجی آپریشن کی تیاری ہو رہی ہے۔ دوسری بات، بلوچستان کے وسائل پر قبضہ کرنے کی منصوبہ بندی ہے۔ تیسری بات، اٹھارھویں ترمیم رول بیک کرنے کا بھی ایک منصوبہ ہے۔ اگر یہ ہوئے توجواس ملک کے شہری ہیں، رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا حصہ بلوچستان ہے، جو باوسائل صوبہ بھی ہے۔ اور پاکستان کا یہ future بھی ہے۔

اب ایک صوبے کو آپ ایسی قیادت میں دے رہے ہیں جو political dialogues کے لئے نہیں جارہا ہے بلکہ بلوچستان کے حالات کو ایسی نہج پر لا رہے ہیں جس سے ہمارا مستقبل انتہائی پریشان کن ہوگا۔ بلوچستان میں اس وقت جو صورت حال ہے اس سے بدتر صورت حال ہو گی۔ ہم نے بارہا یہ کہا ہے کہ پاکستان میں stability کے لئے، سیاسی استحکام کے لئے اور معاشی حالات کو بہتر بنانے کے لئے انتخابات ہونے ہیں۔ انتخابات 08 فروری کو اس لئے ہوئے لیکن ان کے نتائج متنازعہ ہیں بجائے اس کے کہ پاکستان میں ایک مثبت رزلٹ آتا اور ہم stability کی طرف جاتے، ہمارے مخالفین اس الیکشن کو appreciate کرتے لیکن اس کے باوجود میں سمجھتا ہوں کہ اس رزلٹ، ان نتائج کے نتیجے میں پاکستان میں stability نہیں آسکتی۔ خدا کرے میری رائے غلط ہو۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی، سینیٹر ذیشان خانزادہ صاحب۔

**Senator Zeeshan Khan Zada**

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین! شکریہ۔ سب سے پہلے جو ہمارے سینیٹر عون عباس صاحب نے as a Senior Politician جو آج انکشافات کئے ہیں، پی ٹی آئی کے سینئر رہنما ہونے کے ناطے سے ان کے ساتھ جو زیادتیاں ہوئی ہیں ان کی میں شدید مذمت کرتا ہوں اور میں ان کے ساتھ اور ان کی فیملی ممبران کے ساتھ افسوس کرتا ہوں کہ یہ جو ساری چیزیں ہوئی ہیں اور صرف یہ نہیں ہمارے پی ٹی آئی کے جتنے بھی ممبران، مرکزی رہنما، صوبائی رہنما اور ہمارے ورکرز جن کے ساتھ جتنی بھی زیادتیاں ہوئی ہیں ان کی میں شدید مذمت کرتا ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ میں صرف اپنی پارٹی کے لوگوں کے ساتھ نہیں بلکہ جتنی بھی باقی پارٹیاں ہیں، اگر ان

کے ساتھ پی ٹی آئی کے وقت میں زیادتیاں ہوئی ہوں یا اور کسی وقت میں زیادتیاں ہوئی ہوں تو میں اس کی بھی مذمت کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین ! ہم اس ایوان میں آتے ہیں تو ہم ایک عام پاکستانی ہوتے ہوئے منتخب ہو کر خاص بن جاتے ہیں اور ہم پر ایک بوجھ ہوتا ہے کہ ہم نے یہاں صحیح بات کرنی ہے اور حق کی بات کرنی ہے۔ اگر مجھے یہ ڈر ہو کہ ایوان میں کھڑے ہو کر بھی یہ ایوان مجھے protect نہیں کر سکتا اور میرے ساتھی اور میرے colleagues اور میرے چیئرمین مجھے protect نہیں کر سکتے ہیں، State مجھے protect نہیں کر سکتی تو میں کیسے اپنے دل کی بات کروں گا اور میں کیسے حق کی بات کروں گا۔

جناب چیئرمین ! مجھے لگتا ہے کہ یہ اس ایوان کے لئے سب سے ضروری بات ہے کہ میں اور ہمارے جتنے بھی ساتھی بیٹھے ہیں، میں یہ کہنا چاہوں گا اور میں سینیٹر مشاہد حسین صاحب کی تعریف کروں گا کہ وہ ہمیشہ بہت اچھی بات کرتے ہیں اور ان کا ہر پارٹی کے لئے بڑا balanced رویہ ہے۔ میری رائے کہ ہمیں اسی طریقے سے یہ ایوان چلانا چاہیے اور مل کر چلانا چاہیے۔ ہمیں اپنے ہر ساتھی کے لئے وہ چاہے ہماری پارٹی کا ہو یا غیر پارٹی کا ہو، اس کے لئے ہمیں آواز اٹھانی چاہیے۔ یہی وقت ہے جیسے مشاہد صاحب نے کہا کہ This is a time of feeling.

اس کے ساتھ ساتھ آج 2024 الیکشن پر بات ہو رہی ہے ، میں زیادہ بات نہیں کروں گا، چند باتیں ہیں کہ سب کو پتا ہے کہ پنجاب میں جو کچھ ہوا، باقی صوبوں، سندھ اور بلوچستان میں جو ہوا، لیکن میں چونکہ خیبر پختونخوا سے ہوں تو جلدی سے میں ایک مثال دوں گا کہ ہمارے پشاور ضلع میں این اے کی سیٹیں ہم ساری جیت گئے ہیں اور ایک سیٹ پی ٹی آئی ہار گئی ہے اور 50% provincial seats of Peshawar PTI ہار گئی ہے۔

جناب چیئرمین ! عجیب بات یہ ہے کہ ہمارا NA candidate ایک ہی پولنگ سٹیشن پر ڈبل مارجن سے جیتا ہے اور ہمارا provincial candidate وہ ادھر چند ووٹ لیتا ہے۔ اس بات کو verify کرنے کے لئے ریٹرننگ آفیسر کی طرف سے Form 45 actually جو اس رات کو issue ہوئے وہ بھی available ہے اور میں ہارنے والے امیدواران کے ادھر نام بھی بتادیتا ہوں جن میں سے ایک تیمور جھگڑا صاحب ہیں، جو former Minister رہ چکے ہیں،

کامران بنگش صاحب، ہماری KP اسمبلی کے former Deputy Speaker محمود جان خان بھی اس میں شامل ہیں۔ ایسے کئی candidates ہیں۔ یہ تو نامی گرامی لوگوں کے نام ہیں، جن کا سب کو پتا ہے۔ توان لوگوں کے ساتھ جو زیادتیاں ہوئی ہیں اور ابھی وہ الیکشن ٹریبونل میں ہیں۔ الیکشن کمیشن میں انہوں نے جو اپنے کیس ڈالے تھے، ان کو ابھی بھی الیکشن ٹریبونل میں ڈال دیا ہے، پتا نہیں ان کے فیصلے کب آتے ہیں لیکن یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر باقی پوری پارٹی جیت جاتی ہے اور یہ چند لوگ رہ جاتے ہیں تو یہ بہت زیادتی ہو رہی ہے اور اس پر نظر ثانی ہونی چاہیے۔

جناب چیئرمین ! اس کے ساتھ ساتھ میں وہ لوگ جو ابھی بھی جیل میں ہیں اس کی مذمت کرنا چاہوں گا۔ پی ٹی آئی کا نام انہوں نے اٹھایا، پی ٹی آئی کی آواز انہوں نے اٹھائی اور اس وجہ سے وہ آج جیل میں ہیں اور ان پر اگر کوئی بھی تشدد ہو رہا ہے تو میں اس کی مذمت کرتا ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ آج ہمارے ممبران نے ایک Resolution بھی دی ہے، اعجاز چوہدری صاحب کے حوالے سے Production Order جاری کرنے کے لئے جو Resolution دیا ہے اس پر میں نے بھی دستخط کئے ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ آپ اس پر نظر ثانی کریں اور اعجاز چوہدری صاحب کو اس اجلاس میں لایا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آخری بات کرلیں وقت بہت short ہے۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جی، جی۔ آخری بات یہ ہے کہ الیکشن کا عمل جو اس 2024 میں ہوا ہے اور ہم بار بار یہی کہتے ہیں کہ معیشت کے حالات بہت برے ہیں۔ ہم پر بین الاقوامی قرضے ہیں، آئی ایم ایف کے قرضے ہیں اور گردشی قرضے ہیں، inflation ہے، کافی ساری چیزیں ہیں، مسائل بہت زیادہ ہیں بلکہ زیادہ تر پارٹیاں تو یہی کہہ رہی ہیں کہ ہم نے اس لئے حکومت نہیں لینی کیونکہ مسائل بہت زیادہ ہیں۔ دیکھیں جب الیکشن ہو جاتا ہے اور کوئی بھی پارٹی منتخب ہو کر آتی ہے تو عوام اس پارٹی میں اپنی confidence دکھاتی ہے، اس پارٹی پر اعتماد کرتی ہے۔ عمران خان اگر آج جیل میں ہے اور لوگوں نے عمران خان کو ووٹ دیا تو عمران خان ہیرو بن گئے، لیڈر تو ہے لیکن ہیرو کو آپ نے جیل میں ڈال کر قیدی نمبر 804 بنایا۔ اگر آج لوگوں نے عمران خان کو ووٹ دیا ہے تو یہ وہ ووٹ ہے کہ اگر حکومت عمران خان بناتا ہے تو لوگوں کو confidence ملے گی، جب لوگوں کو confidence ملے گی تو اس معیشت میں جان آئے گی لیکن اگر کوئی confidence نہیں

ہو گی تو کہاں سے investor آئے گا، لوکل لوگ جو ابھی پاکستان سے باہر جانا چاہ رہے ہیں، اپناپیسا پاکستان سے باہر لے کر جا رہے ہیں تو کیافائدہ ایسی حکومت کا جو لوگوں کو confidence ہی نہ دے۔ آج دو پارٹیاں مل کر جیسی بھی حکومت بنالیں لیکن ان کے پاس عوام کا اعتماد نہیں ہوگااور اسی لیے وہ ناکام ہو جائیں گے۔

جناب چیئرمین ! اسی لیے میں اس ایوان میں کھڑے ہو کر کہتاہوں کہ جن کامینڈیٹ ہے، پی ٹی آئی کا مینڈیٹ ہے، عمران خان کا مینڈیٹ ہے، ان کو جتنی سیٹیں ملی ہیں، کوئی کہتاہے کہ 160, 180 سیٹیں تھیں، عمران خان کواپنی صحیح مینڈیٹ دینی چاہیےاور حکومت دینی چاہیے تاکہ معیشت ٹھیک ہوسکے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ۔ سینیٹر عمر فاروق، براہ مہربانی مختصر کریں۔

**Senator Umer Farooq**

سینیٹر عمر فاروق: شکریہ، جناب چیئرمین !آج اپنے تمام دوستوں کی باتیں سن کراور جو جیتے ہیں اور جو ہارے ہیں، سب مایوس کن نظر آرہے ہیں اور مایوس بھی ہیں لیکن اصل بات آج بھی کوئی نہیں کررہا۔ آج بھی ہم اپنے مینڈیٹ کی بات کر رہے ہیں، چار چار مہینے ہم پر جو گزری ہے، آج بھی ہم ان چیزوں کی بات کررہے ہیں۔ کوئی یہ نہیں کہہ رہاکہ یہ کرکون رہاہے، یہ ہواکیسے۔ ان چیزوں کی طرف ہمیں توجہ دینی چاہیے کہ آج ہمارا نظام کس کے ہاتھوں میں ہے۔ کیاایک Presiding Officer یا کوئی کمشنر ہمارے ساتھ اس طرح کر رہاہے؟ ہم توآج اس چیز پر بحث کرناچاہ رہے تھے کہ ہم سینیٹ میں اس پر بات کریں کہ ہم نے اپناتمام نظام، تمام جمہوری ادارے، سینیٹ، قومی اسمبلی، صوبائی اسمبلیاں، یہ ہم نے کسی اور کے ہاتھوں میں دے دیے۔ یہ کسی اور کے رحم و کرم پر چل رہے ہیں۔ اس کے خلاف جب تک ہم سیاسی پارٹیاں آپس میں one point agenda پر بات نہیں کریں گے،اس کو آپ کیسے آزاد کریں گے؟ ہم مینڈیٹ کی بات کررہے ہیں، آپ کی مینڈیٹ کو کس نے چرایاہے۔ آپ کو 90 یا 93 سیٹیں دی ہیں، کسی کوایک بھی نہیں دی، یہ کس نے کیاہے؟ یہ کسی سیاسی پارٹی نے تو نہیں کیا۔

ہمارا پہلے دن سے یہی طریقہ کار چل رہاہے کہ ہماری بڑی پارٹیاں جو وزیراعظم بننے کے خواب دیکھتے ہیں اور خواہش رکھتے ہیں، یہی ادارے ان کو کبھی ملک بدر کردیتے ہیں لیکن بعد

میں وہ آ کر اقتدار کے لیے پھر ان کے گود میں بیٹھ جاتے ہیں۔ ان کے بڑے لیڈرز کو پھانسی دی جاتی ہے لیکن آج وہ ان کے رحم و کرم پر اپنی سیاست کر رہے ہوتے ہیں۔۔۔۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر عمر فاروق: آج جو عمران خان صاحب کے ساتھ کر رہے ہیں۔ کیا عمران خان کے ساتھ ان کا تعلق صحیح نہیں تھا؟ پھر بھی ہم سب نہیں سیکھ رہے، ہمیں مسئلہ اس چیز سے ہے کہ کم از کم آج تو سبق سیکھ لیں۔ بھٹو صاحب، عمران خان اور نواز شریف کے جیالے تو کم از کم ایک ساتھ بیٹھیں کہ ہمارے ساتھ کیا کس نے ہے۔ ہم ایک ایجنڈے پر کیوں اکٹھے نہیں ہو سکتے کہ اس سے اپنی جان چھڑائیں۔ ہم اپنی خارجہ پالیسی ان سے چھڑائیں۔ جناب چیئرمین! مجھے یہ بتایا جائے کہ کس آئین میں ان کو اختیار ملا ہے کہ کسی فوجی افسر کے پاس سیاستدان جائے گا اور پیسے جمع کرے گا تو اس کو سیٹ ملے گی۔ یہ کس نظام کی طرف ہم اپنے بچوں کو لے جا رہے ہیں؟ کل ہماری جگہ پر ہماری آنے والی نسلیں اس سینیٹ میں آئیں گے تو کس حساب سے آئیں گے؟ ہر کسی کے پاس اربوں روپے ہوں گے تو وہ آئے گا۔ ایک سیاسی کارکن تو یہاں نہیں آ سکتا۔ نہ کوئی سیاسی کارکن پاکستان میں ایم این اے بن سکتا ہے، نہ کوئی سیاسی کارکن ایم پی اے بن سکتا ہے اور نہ سینیٹر بن سکتا ہے۔

آج ہمارا نظام اس نہج پر پہنچا ہے، اگر آج بھی آپ نے اس کو serious نہیں لیا، آج بھی اپنی آنے والی نسلوں کے لیے ٹھیک نہیں کیا تو آپ یقین کریں کہ پاکستان ایک ایسے راستے پر جا رہا ہے جو ختم ہونے والا راستہ ہے۔

یہاں ایک سینیٹر صاحب نے تین مہینے کی بات کی کہ تین، چار مہینے میں کیا گزرا، تب میں اس ایوان سے پوچھتا ہوں۔ یہاں لاپتہ افراد کے خاندان، ہماری بچیاں آئیں، میں آپ کو ان کی ایک مثال دیتا ہوں، پانچ پانچ، چھ چھ سال سے ان کا بیٹا یا شوہر یا والد لاپتہ ہے۔ پانچ سال، اس چیز پر ہمیں دکھ نہیں ہوتا، دکھ اس بات کی ہے کہ آپ ان کی تکلیف کا سوچیں، ان کو کتنی تکلیف ہو گی کہ روز ان کو فون آتا ہے کہ کوئی لاش کسی پہاڑ سے ملی ہے تو جتنے لوگوں کے ورثاء کو missing کیا گیا ہوتا ہے وہ سارے ہسپتال پہنچ جاتے ہیں، line میں کھڑے رہتے ہیں۔ تین تین، چار چار گھنٹے لائنوں میں دو دو دن اس کے انتظار میں ہوتے ہیں کہ میرا بیٹا تو نہیں ہو گا، میرا والد تو نہیں ہو گا۔ اتنی اذیت سے ہمیں گزارا جاتا ہے، جب سے پاکستان بنا ہے ہمیں اذیت سے گزارا جا رہا ہے۔ اس کے لیے کسی نے بات

کی، ان چیزوں کے لیے کسی نے بات کی؟ آپ نے missing persons پر آنکھیں بند کیں تو آج آپ کے mandate missing ہوئے۔ کل آپ لوگوں کی باقی چیزیں missing ہوں گی، کل آپ کا یہ نظام، آپ کا آئین missing ہوگا۔ جب ہمارے بڑے باچا خان بابا مخالفت کرتے تھے، اس پاکستان کی تو وہ اس پاکستان کی مخالفت نہیں کرتے تھے کہ آپ پاکستان نہ بنائیں۔ یہ والا پاکستان مت بنائیں، ان کا یہ موقف تھا کہ آج جو ہم نے قائد اعظم کی تصویر لگائی ہے، کیا آج یہ اسی قائد اعظم محمد علی جناح کا نظام ہے؟ آج ہمارا پاکستان اس نظام سے چل رہا ہے، جس مقصد کے لیے انہوں نے بنایا تھا اس مقصد کے لیے چل رہا ہے؟ آپ کے APS کے بچوں کے جو قاتل ہیں وہ GHQ سے چھڑوائے گئے، آپ کا سارا نظام یہی فوجی نظام چلا رہا ہے۔ ہم کیا کر رہے ہیں جناب چیئرمین! ایک طرف ہم سب کچھ دیکھ رہے ہیں اور ایک طرف اس کے خلاف کھڑے نہیں ہو سکتے کیونکہ آپ کھڑے ہوں گے تو آپ کے بچے کو مار دیا جائے گا۔ آپ نے حقیقت بات کی تو آپ سے seat لے لی جائے گی۔ ہم کم از کم یہاں سارے مسلمان، ایماندار لوگ ہیں۔ ایک دن آپ نے مرنا ہے۔ جب آپ یہ سوچیں گے، اس حساب سے آپ آئیں گے تو آپ بات کر سکیں گے۔

آج بھی ہم یہاں رو رہے ہیں کہ ہم الیکشن کمیشن کے خلاف جائیں گے۔ کیوں بھائی! آپ الیکشن کمیشن کے خلاف جائیں گے، الیکشن کمیشن نے کیا کیا ہے؟ جس ادارے نے یہ کروایا ہے، اس ادارے کے خلاف کیوں نہیں جائیں گے۔ جن اداروں کے voice notes صوبوں میں نکلے ہیں پیسے لیتے ہوئے، ان کے خلاف کیوں نہیں جائیں گے۔ ہمیں ان کے original نام تو نہیں معلوم، جو fake نام انہوں نے رکھے ہیں اور بیس بیس کروڑ کی بولیاں لگائی ہوئی ہیں، ان کے خلاف کیوں نہیں جائیں گے؟ مجھے تو سمجھ نہیں آ رہا ہے جناب چیئرمین! کہ ہم کس نظام اور آئین کی طرف جا رہے ہیں۔

یہاں پر Parliament Lodges سے باہر نکلتے ہوئے park میں کچھ بن رہا ہے، میں نے پوچھا کیا بن رہا ہے تو کہتے ہیں کہ آئین۔ میں نے کہا کون سا آئین جو ہمارے table پر پڑا ہوتا ہے وہ یا جو اس ملک کا حقیقی آئین ہے۔ ایک آئین select کر لیں ہم وہیں چلے جائیں گے لیکن ہمیں آئین کی کتاب کچھ اور دکھاتے ہو اور پاکستان کسی اور طریقے سے چلاتے ہو۔ ان چیزوں کے خلاف ہم سیاسی پارٹیوں کو اکٹھا ہونا پڑے گا۔ اس نظام کو اگر آپ اس طرح نہیں بدلو گے تو آپ کا

mandate چھوڑیں، آپ اپنے ساتھیوں کو پیدا نہیں کر سکیں گے۔ جو بلوچستان کے missing ہوئے ہیں، وہ missing ہر صوبے کے political لوگوں کے ساتھ ہو گا۔ ہماری تو یہی باتیں اس پارلیمان میں ہمیں as a party بات نہیں کرنی چاہیے، as a colleague یہاں ہمیں ایک نظام لانا چاہیے، ہمیں ایسے Bills لانے چاہیئیں کہ ہم ایک ساتھ ہوں اور اس پاکستان کو اب resolution کی نہیں، revolution کی ضرورت ہے۔ ایک revolution جس پر تمام parties مل کر اس کے لیے کام کریں اور اس پاکستان کو لوگوں سے آزاد کروائیں تو ہمارا پارلیمانی نظام بہتر ہو گا۔ شکریہ۔

Mr. Deputy Chairman: Senator Prof. Doctor Mehar Taj Roghani.

**Senator Prof. Dr. Mehar Taj Roghani**

Senator Prof. Dr. Mehr Taj Roghani: Thank you very much Mr. Chairman! I would not take very long because the time is very short and the senior most not politically but age wise, yes,

بالکل غلط نہ سمجھیں، انسان ہر پل کچھ نیا سیکھتا ہے اور جو انسان روزانہ کوئی نئی بات نہیں سیکھتا تو میری بات مان لیں کہ اس کا وہ دن ضائع ہو گیا۔ So what I am saying like I have learned from my experience جب experience ہوتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ nothing can beat experience. جو میں نے سیکھا ہے، یہ ساری تقاریر میں نے سنی ہیں۔ مشتاق صاحب نے تو بہت زبردست بولا ہے I don't even have the words ان کی اتنی اچھی تقریر تھی سارا کوزے میں بند کر دیا ہے۔ میری صرف ایک request ہے کہ مہربانی کر کے ایک request ہر جگہ جانی چاہیے کہ form-45 کو جمع کر لیں، ہمارے بے چارے agents نے form-45 اپنے سینوں سے لگا کر رکھے ہیں، جیسے خدانخواستہ کوئی مبارک کتاب ہو، مہربانی کر کے form-45 لے لیں، تینوں پارٹیاں بیٹھ جائیں، چاہے PPPP, PML(N) and our party PTI وہ form-45 لے کر result declare کریں اور وہ سب کو accept ہو گا۔ دوبارہ الیکشن میں کتنے پیسے لگتے ہیں؟ ان کا result نکالیں اور کوئی بھی جھگڑا نہیں ہے۔ چلیں مجھے بتائیں اس ایوان میں کتنے لوگ ہیں؟ کوئی جھگڑا ہے؟ نہیں ہے۔ کوئی جھگڑا نہیں،

جھگڑا صرف form-45 پر ہے، form-45 لے لیں پھر اس پر result نکالیں that will be new Pakistan اور خدا کرے کہ وہ دن آ جائے، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، سینیٹر مولوی فیض محمد صاحب۔

**Senator Molvi Faiz Muhammad**

سینیٹر مولوی فیض محمد: (عربی) جناب چیئرمین! عربی میں سینیٹ کو المجلس اعلیٰ کہتے ہیں، سب سے بڑی مجلس، اس میں سنجیدہ لوگوں کو لایا جاتا ہے کہ یہ سنجیدہ باتیں کریں اور اپنے ملک کے لیے صحیح قوانین کی نشان دہی کریں اور پھر وہ قوانین ملک میں جاری ہوں۔ ان کا قول اور ان کا فعل ایسا ہو کہ دوسرے لوگ اس کو دیکھ کر عمل کریں۔ مجھے یہاں پر چھ سال ہو گئے ہیں، بڑی بڑی اونچی گالیاں یہاں پر دی جاتی ہیں، میرے خیال سے قومی اسمبلی میں بھی نہیں دی جاتیں۔ ہمارا جو ملک بنا ہے وہ پاکستان کا مطلب کیا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ کے نام پر بنا ہے لیکن یہاں پر جتنی بھی باتیں ہوتی ہیں ان میں اکثر شریعت کے خلاف ہوتی ہیں۔ اسلام میں جان، مال اور عزت ہر مسلمان کے لیے نہیں، اگر اقلیت ہے تو اس کی جان، مال اور عزت کی حفاظت اس ملک کی ذمہ داری ہے، اگر کسی غیر مسلم کو ناحق کوئی تکلیف دے گا، حضور ﷺ نے فرمایا (عربی) یہ case اللہ کے سامنے میں لے کر جاؤں گا کہ میرا امتی ہو کر اس نے اس پر ظلم کیوں کیا، ٹھیک ہے اس کی آخرت اپنی ہے جیسی بھی بنے لیکن انصاف ایسا ہونا چاہیے۔ میرا جس صوبے سے تعلق ہے یہ گیارہویں صدی ہجری صدی سے پہلے بھی اسلام تھا لیکن نصیر خان نوری کے زمانے سے اب تک، ابھی چودہ سو ہجری ہے۔ آپ اس میں اندازہ کریں قوانین، ان کو حدود کہا جاتا ہے، تعزیرات کہا جاتا ہے، سارے شریعت کے مطابق حل ہوتے تھے لیکن چلتے چلتے جب انگریز ادھر آیا اور اس نے ہماری حکومتوں پر قبضہ کیا تو اس نے قصاص اور حدود کو ختم کیا، اس نے تعزیرات کے لیے جرگے رکھے لیکن اسلام کا قانون یہ ہے کہ شریعت قرآن کے مطابق جو قانون ہیں وہ ہوں۔ ہم جب جمہوریت کی بات کریں گے تو وہ جمہوریت جو قرآن اور حدیث کے خلاف نہ ہو، اگر اکثریت نے کوئی ایسا فیصلہ دیا جو قرآن اور حدیث کے خلاف ہے تو یہ پاکستان کے آئین کے خلاف ہے کیوں کہ دستور میں یہ ہے اور آئین میں یہ ہے کہ قرآن اور حدیث کے خلاف کوئی بھی قانون نہیں بنایا جائے گا۔ اب ہمارے اوپر کتنے ظلم ہو رہے ہیں، بلوچستان میں اللہ تعالیٰ نے اتنے معدنیات دیے ہیں، اللہ تعالیٰ نے اتنے مقامات دیے ہیں اگر وہ مقامی لوگوں پر صحیح تقسیم ہوں تو

وہ پورے پاکستان کے لیے کافی ہو جائیں گے۔ سینڈک سے جو آمدنی ہوتی ہے بلوچستان کو کتنا ملتا ہے؟ سوئی گیس سے جو گیس نکلتی تھی اس میں سے کتنا حصہ دیا گیا، جب ظلم ہوگا تو پھر وہاں پر امن نہیں ہوگا، میں کہتا ہوں بلوچستان میں ہماری جانیں بھی محفوظ نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین! میں ایک بات عرض کروں، وہ کہتے ہیں ہم باغی ہیں، ٹھیک ہے کوئی بھی غلط آدمی ہو آپ انہیں عدالت میں لے کر آئیں، ہم یہ نہیں کہتے کہ اس کے خلاف کارروائی نہ ہو لیکن ایسے غائب کرنا اور ان کو ختم کرنا یہ اسلام بھی نہیں کہتا اور کسی ملک کا آئین بھی نہیں کہتا۔ عورتوں کے لیے اسلام میں عزت ہے، بلوچستان سے عورتیں آئیں، ٹھیک ہے انہوں نے کہا ہمارے لوگ ہمیں واپس دیے جائیں، اگر نہیں ہیں تو کم از کم ان کے ساتھ عزت کے ساتھ پیش آنا، ان پر ٹھنڈا پانی پھینکنا اور ان کو دھکے دینا، حضور ﷺ کے پاس حاتم طائی کی بیٹی آئی ہے، میں نے شیخ سعدی کی کتاب گلستان میں پڑھا ہے، اس میں لکھا ہوا ہے کہ وہ آئی اور اس نے بتایا جو حاتم سخی ہے میں اس کی بیٹی ہوں، آپ نے اپنی چادر اس کے سر پر رکھی، ظالموں کافر کی بیٹی قید ہو کر آتی ہے لیکن پھر بھی اس کی عزت حضور ﷺ فرماتے ہیں، ہم ان کو دھکے دیں گے تو کیا بلوچستان کے لوگوں کی دلوں میں محبت پیدا ہوگی یا نفرت پیدا ہوگی؟ اگر محبت برقرار رکھنی ہے تو وہاں کے حقوق وہاں کے لوگوں کو دیے جائیں، ابھی الیکشن میں ہمارے کئی لوگ رہ گئے اور زیادتی کے ذریعے سے رہ گئے ہیں، ان میں جمعیت کے بھی ہیں اور دوسری پارٹیوں کے بھی ہیں، وہ دھرنے دے کر بیٹھے ہوئے ہیں، یہاں پر باتیں ہو رہی ہیں کہ کچھ نہیں ابھی حکومت بنالو کچھ نہیں ہوگا، ایسا نہیں ہوگا، ہم کہہ رہے ہیں دوبارہ ہوں اور ہمارے جو حقوق ہیں ہمیں دیے جائیں لیکن ہماری طرف توجہ نہیں دی جاتی، اگر اس ملک کو بچانا ہے تو انصاف کرنا پڑے گا۔ ایک حدیث ہے یا قول ہے (عربی) انصاف والی حکومت ہوگی تو انصاف کرے گی، کافر کی حکومت ہوگی تو وہ قائم رہے گی۔ (عربی) اور جن لوگوں کی حکومت ظلم والی ہوگی (عربی) وہ قائم نہیں رہے گی، ہم جو دن بدن بدلتے رہتے ہیں یہ ظلم کی وجہ سے ہے اور پھر ہم اپنے مقصد کے لیے دروازوں پر چلے جاتے ہیں ملک کے خلاف کرتے ہیں۔ تاریخ نے جہاں پر سلطان ٹیپو کو یاد رکھا ہے اور دوسرے لوگوں کو یاد رکھا ہے، وہیں ان غداروں کے بھی نام تاریخ میں ہیں جنہوں نے انگریز کا ساتھ دیا، اب جو بھی غداری کرے گا ٹھیک ہے، اس کا نام آئے گا لیکن کیسے آئے گا، اس کا نام جعفر اور صادق جیسے آئے گا (فارسی) تو ایسی باتوں سے ہمیں اللہ محفوظ رکھے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر مولوی فیض محمد: اللہ تعالیٰ خوش رکھے ہمارے احتجاج پنجاب میں بھی ہو رہے ہیں، سندھ میں بھی ہو رہے ہیں، بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں بھی ہو رہے ہیں، ہم کہہ رہے ہیں ہمارے ساتھ ظلم نہ ہو، مولانا فضل الرحمان صاحب نے جتنی محنت کی ہے، اللہ اس کو خوش رکھے سلامت رکھے، اللہ اس کو زندہ آباد رکھے (عربی)۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ۔

**Senator Fawzia Arshad**

سینیٹر فوزیہ ارشد: بہت شکریہ جناب چیئرمین! آج کا جو موضوع ہے ہر ایک کے دل میں چبھتا ہے اور it is very near to everybody's heart. When you defy a mandate, then how can you expect that there is peace and tranquillity, harmony, in a country? ہمارے بڑے اچھے اچھے لوگ سیاست میں آئے اور وہ بہت talented تھے انہوں نے بہت اچھے کام کیے لیکن جب ان لوگوں کو مارمار کر، لڑائیاں کر کر کے کمزور کر دیا گیا تو وہ لوگ اپنی عزت، اپنی حرمت اور وقار کو بچانے کے لیے پیچھے ہٹ گئے۔ جب اچھے لوگ ہی آگے نہیں آئیں گے تو how do we expect کہ ہمارے ہاں good governance آئے گی؟ ہمارے ہاں جو سب سے اہم مسئلہ ہے کہ

we do not come up with decisions; we do not think about the people of our country, we are only interested in vested interest. There is lot of conflict of interest.

میں نے جب سیاست میں شمولیت اختیار کی تو میں نے سیاست کو بطور ایک عبادت کے طور پر اختیار کیا تھا جو کہ میری ایک بہت بڑی بھول تھی۔ وہ یوں کہ میں نے سمجھا تھا کہ اگر میں سیاست میں آؤں گی تو میں اپنے ملک اور قوم کے لیے کچھ نہ کچھ اچھے کام کر پاؤں گی مگر میں جب ادھر اُدھر دیکھتی ہوں تو سوچتی ہوں کہ میں بطور ایک خاتون کے جو ہماری ایک patriarchal society ہے اُس میں مجھے کتنے challenges اور کتنے ہمت اور ایک محفوظ طریقے سے اپنا دامن بچا بچا کر اس مقام پر ہوں، جہاں آج میں پہنچی ہوں۔ اگر میں کچھ کر ہی نہیں پاؤں گی کیونکہ

یہاں پر کوئی decision making ہی نہیں ہے اور یہاں پر صرف ایک منڈی لگی ہوئی ہے ، اپنے اپنے personal mandate کے لیے ، ہم نے کبھی اپنے ملک کا نہیں سوچا۔

ہم اگر اپنے ارد گرد دیگر ممالک جیسے دبئی ، عمان اور سنگا پور جیسے ممالک جہاں پر کوئی natural resources نہیں ہیں مگر وہ آج کہاں سے کہاں پہنچ چکے ہیں۔ یہاں تک کے سنگا پور کے پاس تو پانی تک بھی نہیں ہے ، اگر وہ ممالک اس مقام تک پہنچے ہیں تو کیسے پہنچے ہیں۔ وہ ممالک good leadership, good governance, good thinking and good decision making کی وجہ سے یہاں تک پہنچیں ہیں۔ یہ کون لوگ ہیں جو good decision, good governance, good leadership and good thinking کے زمرے میں آتے ہیں یہ وہ لوگ اور قومیں ہوتی ہیں جو پڑے لکھے ہوئے ہوتے ہیں اور جو اپنے I, my and me کے حلقے سے نکل کر us, we and our کو سمجھتے ہیں۔ وہ لوگ دکھ رکھتے ہیں اپنے ملک اور ملکی باشندوں کے لیے اور بالخصوص اپنی youth کے لیے، ہماری youth کیا کر رہی ہے؟

ہماری youth GE-2024 میں باہر نکلی اور انہوں نے بھرپور انداز میں ، اپنا ووٹ اور مینڈیٹ اپنے پسندیدہ امیدوار کو دیا۔ ہماری youth رات کو خوشی خوشی سو گئی اور صبح ایک بھیانک reality آئی اور اُس reality کو دیکھ کر وہ مایوس ہیں۔ ہمارے پاس 60-64% youth کی آبادی ہے اور اگر ہم اپنی youth کو اُن کا حق نہیں دے سکتے تو ہم کیا کر رہے ہیں؟ ہم ایک مایوس اور غم زدہ lot, جن کا confidence shattered ہو چکا ہے، ان کو جنم دے رہے ہیں۔ مجھے ڈر ہے کہ یہ youth, there is action to a reaction اس negative action کا کہیں bloody reaction نہ لائیں۔ میں اُس وقت سے ڈرتی ہوں۔ میں اللہ سے پناہ مانگتی ہوں۔ میں اللہ سے خواہش کرتی ہوں۔ میں اللہ سے دعا کرتی ہوں کہ اے رب العزت میرے ملک کو قائم دائم رکھ۔ آج جس نہج پر میرا ملک ہے اُس ملک میں اب کچھ رہا ہی نہیں کہ اب وہ اور مزید بد نام ہو۔ Globally ہمارے ملک کو کوئی اچھی نظر سے نہیں دیکھ رہا اور اس کی کیا وجہ ہے؟ اس وجہ سے نہیں دیکھ رہا کہ جہاں ہمارا basic right ہے to select our candidate اگر ہم وہ نہیں کر پا رہے ہیں ، جو کوئی بھی اس میں رکاوٹ ڈال رہا ہے اس کی کوئی accountability نہیں ہے، اس کا نام ہم نہیں لے سکتے ، ہم اُس کو۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر صاحبہ، آپ کا شکریہ۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: نہیں جی۔ آپ سب کو موقع فراہم کرتے ہیں۔ یہ تو کوئی بات نہ ہوئی نا۔ آپ سب کو موقع دیتے ہیں۔ آپ مجھے دو منٹ تو دیں۔ پلیز۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کے پاس آخری ایک منٹ ہے۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: ہمارے پاس کوئی intellectual capacity نہیں ہے، کوئی سوچ نہیں ہے کہ اگر کسی بچے نے، کسی انسان نے، کسی شہری نے (Twitter) پر کچھ لکھ دیا تو کیا کریں گے there is a big crisis going on ہمارا جس کا نام ہے، فوج آ جائے گی sorry, police آ جائے گی، مارے گی اور دھمکیاں دے گی اور ہمارے بچوں کو پکڑ لے گی اور جیلوں میں ڈال دے گی۔ ہم نہیں سمجھ رہے کہ کتنا بڑا crisis ہمارے ملک میں آیا ہوا ہے۔ ہم کیوں نہیں جس کا نام ہے کہ ایک ایسا system اپناتے ہیں جس سے یہ دھاندلی، یہ پرچیاں اور گنتیاں ہٹ جاتی۔ میں NADRA Amendment Bill لے کر آئی اور میں NADRA کے آفس گئی وہاں پر مجھے NADRA, Chairman Lt. Gen. Muneeb نے بتایا کہ انہوں نے electronic system of voting بنائی ہوئی ہے۔ یہ NADRA کی achievements میں سے ہے۔

Why, it was not adopted? There is conflict of interest, vested interest, interest to come to the power.

جب تک ہم سیاسی طور پر استحکام حاصل نہیں کر پائیں گے تو۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے سینیٹر صاحبہ۔ جی بس کریں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: ہم کس طرح financially stable ہو سکتے ہیں۔ ہمارا right to vote. ہے ہم اپنی پسند کا لیڈر چُن سکیں۔ ہمارا right ہے کہ ہم جو بھی کریں، جیسے کہ ہمارے آئین میں freedom of speech ہے، freedom of vote ہے تو اس کا حق ہم سے چھینا جا رہا ہے۔ میں آخر میں صرف یہ کہنا چاہوں گی اور thank you for giving me time کہ دیکھیں ہر ادارہ کیوں نہیں اپنا کام کرتا۔ انہوں کیا مصیبت ہے کہ وہ political ہیں۔

Why can't they be apolitical? We are the politicians, we are the parliamentarians.

جو سیاسی لوگ ہیں وہ اپنا کام کریں۔ جب تک سیاست ان اداروں سے نہیں نکلے گی تو اُس وقت تک ہم کہیں بھی، کبھی بھی کچھ نہیں کر پائیں گے۔

I want the institutions to be apolitical.

جتنے ہمارے قومی ادارے ہیں

they should be apolitical; they should get away from all this dirty game of political. Thank you so much, Pakistan Zindabad and Imran Khan Zindabad.

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے جی۔ وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق پلیز۔

**Mr. Khalil George, Federal Minister for Human Rights**

جناب خلیل جارج (وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق): جناب چیئرمین، شکریہ۔ میں اپنی بات کا آغاز خداوند یسوع مسیح کے بابرکت نام سے اور آج کی اس خوبصورت نشست کے لیے میں شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے یہ opportunity فراہم کی تاکہ میں بھی سینیٹ آف پاکستان میں کچھ کہہ سکوں۔ میں اپنی تقریر کا آغاز اس شعر سے کروں گا۔

پانی آنکھ میں بھر کر لایا جا سکتا ہے     اب بھی جلتا شہر بچایا جا سکتا ہے

اگر جسم کے یہ چھپن حصے ہوں یک جا     دشمن جیسا بھی ہو ڈھایا جا سکتا ہے

جناب! آج سے پہلے پاکستان کو اتنے اتحاد، اتنی یگانگت اور اتنی توجہ کی ضرورت پیش نہیں آئی۔ نگران حکومت نے اپنی capacity میں رہتے ہوئے اپنی عوام کے لیے بہت کچھ deliver کیا اور یہ سب آپ سب کی دعاؤں سے ممکن ہو سکا، آپ سب کی۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر سعدیہ عباسی صاحبہ، آپ تشریف رکھیں۔ آپ ان کو بات مکمل کرنے دیں۔ منسٹر صاحب بات کر رہے ہیں۔

سینیٹر سعدیہ عباسی: ان کا mandate نہیں ہے۔ ان کا mandate نہیں ہے کہ اس ایوان میں آ کر بات کر سکیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر سعدیہ عباسی صاحبہ، آپ تشریف رکھیں۔ منسٹر صاحب بات کر رہے ہیں۔ پلیز تشریف رکھیں۔

سینیٹر سعدیہ عباسی: ان کا mandate نہیں ہے۔ یہ justify کریں کہ انہوں نے کیا کیا؟ پھر ہم بھی ان کی کارکردگی پر بات کریں گے کہ انہوں نے کیا کیا؟

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر سعدیہ عباسی صاحبہ، آپ تشریف رکھیں۔ ٹھیک ہے۔

جناب خلیل جارج: جناب چیئرمین صاحب۔ General Election 2024 نگران حکومت کا mandate تھا اور ہم نے۔۔۔

سینیٹر سعدیہ عباسی: ان کا mandate نہیں ہے۔ یہ justify کریں کہ انہوں نے کیا کیا جو کچھ یہاں ہوا۔ الیکشن کا حال دیکھیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر سعدیہ عباسی صاحبہ، آپ تشریف رکھیں۔ منسٹر صاحب کو اپنی بات مکمل کرنے دیں۔ منسٹر صاحب کو conclude کرنے دیں۔ پلیز۔ تشریف رکھیں۔ منسٹر صاحب کو بولنے دیں۔ دیگر ممبران بھی اپنی نشستوں پر تشریف رکھیں۔ پلیز۔

سینیٹر سعدیہ عباسی: نہیں ہے تو بات ختم۔ یہ ان کا mandate نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ تشریف رکھیں۔ منسٹر صاحب کو اپنی بات مکمل کرنے دیں۔ پلیز۔ آپ بتائیں۔ آپ تشریف رکھیں منسٹر صاحب۔ منسٹر صاحب، آپ پلیز continue رکھیں۔

(مداخلت)

جناب خلیل جارج: میں بتا رہا ہوں۔ میں کوئی political بات نہیں کروں گا۔

سینیٹر سعدیہ عباسی: یہ ان کا mandate نہیں ہے۔ میں ایوان کا کورم point out کر رہی ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ تشریف رکھیں منسٹر صاحب۔ منسٹر صاحب، آپ پلیز continue رکھیں۔ کورم point out ہو گیا ہے۔ آپ کی colleague نے ایوان کا کورم point out کر دیا ہے۔ آپ لوگوں نے اس motion پر بات کی ہے۔ منسٹر صاحب نے

conclude بھی کرنا تھا۔ اچھا ٹھیک ہے۔ کورم point out ہو گیا ہے۔ ٹھیک ہے، count کریں پلیز۔

(اس موقع پر ایوان میں کورم کی نشان دہی کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر صاحب۔ ہم نے اس motion تقریباً تین گھنٹے سے زیادہ بات کی ہے۔ ہم دو گھنٹے سے زیادہ وقت دے چکے ہیں۔ آپ کل public importance پر بات کر سکتے ہیں۔ آپ اس Motion پر بات نہیں کر سکتے۔ پلیز count کریں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: ہم اس پر بات کرنا چاہتے ہیں۔ آپ اس ایوان کو homeopathic پر رکھ کر مت چلائیں۔ خدا کے واسطے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب Friday کو جب اجلاس ہو، آپ public importance پر اس پر بات کر لیں، سینیٹر صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: Public Importance پر نہیں ہم اسی معاملے پر بات کریں گے۔ خرابی نہ پیدا کریں۔ اس طرح نہ کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کتنا count ہے پلیز بتائیں؟ ایوان پورا نہیں ہے۔ لیکن motion dispose of کر لیتے ہیں یہ والا۔

The House stands adjourned to meet again on Friday the 23rd February, 2024 at 10.30 a.m.

------------

*[The House was then adjourned to meet again on Friday the 23rd February, 2024 at 10.30 a.m.]*

-------------